www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 | جمعرات 24 ذیقعدہ 1446ھ 22 مئی 2025ء صفحات 08 | شمارہ 324

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے

سانحہ خضدار میں بھارت ملوث ہے، معصوم شہداء کے مقدس خون کی قسم دہشتگردوں کو چن چن کر ماریں گے، وزیراعلیٰ

تحریک طالبان اور بی ایل اے کی نانی ایک ہے بھارت سے فنڈ لینے والے ہی واقعے میں ملوث ہیں حکومت کے لیئے سوات طرز کا آپریشن کرنا مشکل کام نہیں لیکن ریاست نے ہمیشہ ماں ہونے کا ثبوت دیا

انڈیا سے رقم لیکر کارروائیاں کرنے والوں کی کوئی قوم نہیں افغان سرزمین بار بار پاکستان کے خلاف استعمال ہورہی ہے افغانستان کی حکومت دنیا کے سامنے کئے گئے وعدوں کی پاسداری کرے، میر سرفراز بگٹی

بی ایل اے، بی ایل ایف اور دیگر دہشتگرد بچوں کو خون سے نہلا رہے ہیں، اب خاموش تماشائی بننے کا وقت گزر چکا، اب ہم سے کوئی گلہ نہ کرے، ہم اس کا جواب دہشتگردوں کو جہنم واصل کر کے دیں گے

جو اپنے آپ کو بلوچ کہلاتے ہیں اور بچوں کو نشانہ بناتے ہیں ان کا بلوچ روایات سے دور دور کا بھی تعلق نہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی صوبائی وزراء اور پارلیمانی سیکرٹریز کے ہمراہ پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بے گناہ بچوں نے خون کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ دہشتگردوں کو معاف نہیں کرینگے تحریک طالبان اور بی ایل اے کی نانی ایک ہے بھارت سے فنڈ لینے والے ہی واقعے میں ملوث ہیں حکومت کے لئے سوات طرز کا آپریشن کرنا مشکل کام نہیں لیکن ریاست نے ہمیشہ ماں ہونے کا ثبوت دیا ہے جس کا غلط فائدہ اٹھایا گیا اب ایسے لوگوں کو کوئی رعایت نہ دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار بدھ کو وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں صوبائی وزراء راحیلہ حمید خان درانی، حاجی نور محمد دمڑ، حاجی ولی محمد نورزئی، میر لیاقت لہڑی، نوابزادہ فیصل خان جمالی اور ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سکول کے بچوں کو بزدل دہشت گردوں نے نشانہ بنایا 4 بچے شہید ہوئے شدید زخمی بچوں کو کوئٹہ منتقل کیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ قوم اب دہشتگردی کے خلاف ریاست...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان میں بھارتی دہشتگردی کی سہولت کاری بے نقاب

بھارتی سپانسرڈ کالعدم تنظیم بلوچستان میں دہشت گردی پھیلانے میں سرگرم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان میں بھارتی دہشت گردی کرانے میں بی ایل اے کی سہولت کاری بے نقاب ہوگئی، آپریشن بنیان مرصوص میں ہزیمت اٹھانے کے بعد بھارتی سپانسرڈ پراکسیز...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم شہباز شریف کو وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سانحہ خضدار کی تفصیلات سے آگاہ کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی وزراء کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اصل تنازع اب بھی برقرار ہے بھارت کو جنگ چاہیے تو پھر جنگ ہی سہی، ڈی جی آئی ایس پی آر

ایٹمی جنگ محض بیوقوفی ہوگی، بھارت اپنے بیانیے کی وجہ سے آگ سے کھیل رہا ہے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری

امن سے محبت کرتے ہیں، حالیہ دنوں کے حالات میں پاکستان نے بہت بالغ نظری سے ردعمل دیا، بی بی سی کو انٹرویو

راولپنڈی (زاہد احمد خان) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے دو ٹوک انداز میں واضح کیا ہے پاکستان، بھارت کے درمیان اصل تنازع اب بھی برقرار ہے، بھارت کو اگر جنگ چاہیے تو پھر جنگ ہی سہی، جنگ کیلئے بھی تیار ہیں، برطانوی نشریاتی ادارے بی بی سی کو انٹرویو دیتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا پاکستان، بھارت کے درمیان ایٹمی جنگ محض بیوقوفی ہوگی، ایٹمی جنگ دونوں...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان، چین، افغانستان کے درمیان سی پیک کو افغانستان تک توسیع دینے پر اتفاق

بیجنگ میں تینوں وزرائے خارجہ کی غیر رسمی سہ فریقی ملاقات، خطے میں دہشتگردی کا مشترکہ مقابلہ کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا

خطے کی سلامتی، اقتصادی روابط کو فروغ دینے کیلئے تعاون کے عزم کا اعادہ، وزرائے خارجہ کا 6 واں اجلاس کابل میں ہوگا

بیجنگ (بیورو رپورٹ) پاکستان، چین، افغانستان نے سی پیک منصوبے کو افغانستان تک توسیع دینے پر اتفاق کرلیا، بیجنگ میں وزیر خارجہ اسحاق ڈار، افغانستان کے قائم مقام وزیر خارجہ امیر خان متقی اور چینی ہم منصب کے درمیان غیر رسمی سہ فریقی ملاقات ہوئی، تینوں وزرائے خارجہ نے سی پیک کو افغانستان تک بڑھانے پر اتفاق کیا، ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق خطے میں دہشت گردی کا مشترکہ مقابلہ کرنے پر...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

حملے کا منصوبہ بھارت میں بنا، مقامی دہشتگردوں نے تکمیل تک پہنچایا، بھارتی حمایت یافتہ دہشتگردی کیخلاف جنگ کو منطقی انجام تک پہنچانے کا وقت آگیا، وزیراعظم/فیلڈ مارشل

آرمی پبلک سکول خضدار کی بس پر خودکش حملہ

4 طالبات، 2 جوان شہید، 39 بچوں سمیت 53 افراد زخمی

دہشتگردوں نے خضدار زیرو پوائنٹ کے مقام پر آرمی پبلک اسکول کی بس کو نشانہ بنایا جسکے نتیجے میں طالبات ثانیہ سومرو، حفظہ کوثر، عیشا سلیم اور پاک فوج کے 2 جوانوں نے جام شہادت نوش کیا

وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر دورہ کوئٹہ، خضدار دھماکے میں زخمی ہونے والے بچوں کی عیادت کی، وزیراعلیٰ، کور کمانڈر، ایف سی کمانڈرز اور سول حکام سے ملاقات کے بعد اہم فیصلے

اسکول جانے والے بچوں پر دہشت گردانہ حملہ انتہائی شرم ناک، بھارت نے شکست کے بعد یہ بزدلانہ حملہ کرایا ہے، عالمی برادری معصوم بچوں پر کیے جانے والے حملے کا نوٹس لے، وزیراعظم

پاکستان کی سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے اس وحشیانہ فعل میں ملوث تمام افراد کا پیچھا کریں گے، فیلڈ مارشل، بھارت کا اصل چہرہ دنیا کے سامنے بے نقاب ہو چکا ہے، وفاقی وزراء

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) خضدار کے علاقے زیرو پوائنٹ کے قریب سکول بس کے قریب دھماکے کے نتیجے میں 4 طالبات...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وزیراعظم پاکستان شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا ہے کہ اب وقت آ گیا ہے کہ...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار، خودکش حملے میں تباہ ہونیوالی آرمی پبلک سکول کی بس اور شہید ہونیوالی طالبات کی فائل فوٹو

بچوں پر دہشتگردوں کا حملہ قابل مذمت، خون کے ہر قطرے کا حساب لیا جائیگا، صوبائی وزراء

خضدار میں بچوں کو نشانہ بنا کر دہشت گردوں نے گھناؤنی ذہنیت کا ثبوت دیا ہے، عبدالرحمن کھیتران، شعیب نوشیروانی

بھارت بلوچستان میں بدامنی، خوف اور تعلیمی ماحول کو تباہ کرنے کی کوشش کر رہا ہے، علی حسن زہری، نور محمد خان دمڑ

بلوچستان میں دہشت گردوں کے پورے نیٹ ورک کو ختم کیا جائے گا، صادق عمرانی، کوہیار ڈومکی، فیصل جمالی، بخت کاکڑ

کوئٹہ، اندرون بلوچستان (خ ن، ایجنسیاں) خضدار میں اسکول بس پر ہونے والے حملے پر صوبائی وزیر برائے پی ایچ ای سردار عبدالرحمن کھیتران، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی صوبائی وزیر زراعت و کوآپریٹو میر علی حسن زہری صوبائی...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

چین کا خضدار دھماکے پر شدید ردعمل، لواحقین سے اظہار یکجہتی

چین ہر قسم کی دہشت گردی اور خضدار میں ہونیوالے حملے کی مذمت کرتا ہے، سفارت خانہ

بیجنگ (بیورو رپورٹ) چین کے سفارت خانے نے بلوچستان کے علاقے خضدار میں سکول بس پر ہونیوالے دہشتگرد حملے شدید افسوس اور غم و غصے کا اظہار کیا ہے...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

پاک افغان سفارتی تعلقات کی مکمل بحالی کا اصولی فیصلہ

دونوں ممالک فل ٹائم سفیروں کی تعیناتی کیلئے اصولی طور پر متفق

ضابطہ کار کے تحت اندرونی عمل مکمل پھر انڈرسٹینڈنگ پر عملدرآمد کیا جائیگا

بیجنگ (بیورو رپورٹ) پاکستان اور افغانستان نے سفارتی تعلقات کی مکمل بحالی کا اصولی فیصلہ کرلیا، فیصلہ بیجنگ سہ فریقی اجلاس میں کیا گیا، ذرائع کے مطابق دونوں ممالک فل ٹائم سفیروں کی تعیناتی کیلئے اصولی طور پر متفق ہوگئے، تعیناتی کا عمل جلد شروع کیا جائیگا، کابل اور اسلام آباد میں اس وقت ناظم الامور کام کر رہے ہیں، 15 اگست 2021 کو...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

روایتی جنگ میں ناکامی کے بعد بزدل دشمن نے بچوں پر وار کیا، ارکین اسمبلی

دشمن کی کوشش ہے بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں فتنہ الخوارج کی سپورٹ سے دہشتگردی کرائی جائے، عطاء تارڑ

بھارت نے جنگ کے اصول بھی پامال کردیئے، پرویز اشرف، دہشتگردوں سے آہنی ہاتھوں نمٹا جائیگا، طارق فضل

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے بزدل دشمن نے سکول کے بچوں پر وار کیا کیونکہ روایتی جنگ میں کامیابی حاصل کرنے کی...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

سکول کے بچوں پر حملہ انسانیت سوز اور گھناؤنا جرم ہے، صدر

بھارت پاکستان کے خلاف دہشتگردوں کی حمایت میں ملوث ہے

بھارتی حمایت یافتہ دہشتگردوں کا مکمل طور پر قلع قمع کریں گے، آصف زرداری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری نے خضدار سکول بس پر دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردوں نے سکول بس پر حملہ کر کے...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

چیف جسٹس اعجاز سواتی کو گارڈ آف آنر پیش

کوئٹہ (خ ن) چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان جسٹس محمد اعجاز سواتی کو ہائی کورٹ آمد پر پولیس کے چاک و چوبند دستے نے گارڈ آف آنر پیش کیا۔ بلوچستان ہائی کورٹ کے معزز جج صاحبان رجسٹرار اور ملازمین...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

معصوم بچوں پر حملہ بلوچستان میں بدامنی بڑھانے کی کوشش، عمرایوب

بچوں کو نشانہ بنانے والے دہشت گردوں کو کیفر کردار تک پہنچانے کا مطالبہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف عمر ایوب خان نے کہا ہے کہ دہشتگردوں کا اسکول بس میں معصوم بچوں پر حملہ بلوچستان میں بدامنی بڑھانے کی کوشش ہے۔ اپوزیشن لیڈر عمر ایوب خان نے خضدار میں اسکول بس پر دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دہشتگردوں کا...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

فیلڈ مارشل عاصم منیر سوشل میڈیا پر ٹاپ ٹرینڈ، عوام کا خراج تحسین

ہزاروں صارفین نے حب الوطنی، پیشہ وارانہ مہارت اور قومی سلامتی کیلئے کردار کو سراہا

لاہور (بیورو رپورٹ) آرمی چیف جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل فاتح حق قرار دیتے ہوئے سوشل میڈیا پر زبردست پذیرائی حاصل ہورہی ہے جہاں فیلڈ مارشل...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ کی پوری آبادی کو قحط جیسے خطرے کا سامنا ہے، اسحاق ڈار

اسرائیلی زمینی کارروائیاں خطے میں امن و استحکام کی کوششوں کیلئے خطرہ ہیں، نائب وزیراعظم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

مریم نواز کا وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کو فون، خضدار واقعہ کی مذمت

دل دہلا دینے والا واقعہ ہے جس نے پوری قوم کو سوگوار کر دیا، وزیراعلیٰ پنجاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ٹیلی فونک رابطہ کیا اور خضدار میں اسکول وین پر حملے کے المناک...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

فیلڈ مارشل کے اعزاز میں خصوصی گارڈ آف آنر تقریب

اعزاز قوم اور پاک فوج کیلئے خراج تحسین ہے، جنرل سید عاصم منیر

اعزاز بھارت کی بزدلانہ جارحیت کیخلاف فولادی دیوار بن کر دفاع وطن کرنیوالے شہدا کیلئے بھی خصوصی خراج تحسین ہے

فیلڈ مارشل عاصم منیر نے یادگار شہدا پر پھولوں کی چادر چڑھائی، وطن کیلئے جانیں قربان کرنے والوں کو خراج عقیدت، فاتحہ خوانی

راولپنڈی (زاہد احمد خان) یادگار شہدا جنرل ہیڈکوارٹرز (جی ایچ کیو) راولپنڈی میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نشان امتیاز (ملٹری) کے اعزاز میں خصوصی گارڈ...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں معصوم بچوں کا قتل ناقابل فہم ہے، قائم مقام امریکی سفیر

سکول بس پر بے رحمانہ اور سفاکانہ حملے کی مذمت میں پاکستانی رہنماؤں کیساتھ شامل ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان میں امریکہ کی قائم مقام سفیر نٹالی بیکر نے اپنے پیغام میں بلوچستان میں سکول بس پر حملے کی شدید مذمت کی ہے، قائم مقام...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

26 نومبر احتجاج کیس، علیمہ خان کی عبوری ضمانت میں 4 جون تک توسیع

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) انسداد دہشت گردی عدالت نے 26 نومبر احتجاج کے مقدمے میں علیمہ خان کی عبوری ضمانت میں 4 جون تک توسیع کر دی، راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی عدالت میں 26 نومبر کے...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان نے پھر پولی گراف ٹیسٹ کرانے سے انکار کردیا

بانی پی ٹی آئی نے تفتیشی ٹیم کو اپنا موقف تحریری شکل میں بھجوادیا، ذرائع

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے بانی عمران خان نے پھر پولی گراف ٹیسٹ کرانے سے انکار کر دیا، ذرائع کے مطابق لاہور پولیس کی تفتیشی ٹیم 9 مئی...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس کی تاریخ میں تبدیلی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے بدھ کو ہونے والے اجلاس کو اسپیکر نے قواعد انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی مجریہ 1974 کے قاعدہ نمبر 22 کے تحت خضدار میں ہونے والے دہشت گردی کے...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں شدید گرمی، نیا ہیٹ ویو الرٹ جاری

کوئٹہ (خ ن) علاقائی موسمیاتی مرکز بلوچستان نے ہیٹ ویو الرٹ جاری کر دی۔ ہیٹ ویو کے دوران عام لوگوں کو خاص طور پر بچوں، خواتین اور بزرگ شہری دن کے وقت سورج کی براہ راست روشنی سے بچیں اور...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، وزیراعظم شہباز شریف خودکش حملے میں زخمی طالب کی عیادت کر رہے ہیں، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بھی ہمراہ ہیں

خضدار، خودکش حملے کا نشانہ بننے والی سکول بس میں بچوں کے سکول بیگ و دیگر سامان بکھرا ہوا ہے

بلوچستان میں بدامنی و دہشتگردی کے پیچھے بھارت کا مکروہ چہرہ ہے، سینیٹرز

بچوں کو نشانہ بنانا سفاکیت، بھارت اور اس کے حواریوں کو قیمت چکانی پڑے گی، سینیٹر ثمینہ ممتاز، سینیٹر محمد عبدالقادر

دہشت گردوں کا انجام دردناک موت کے سوا کچھ نہیں، معصوم بچوں کو نشانہ بنانا انسانیت پر حملہ ہے، جان محمد بلیدی، آغا شاہزیب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چیئرپرسن سینٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر سینیٹر شاہ زیب درانی نیشنل پارٹی کے سینیٹر جان محمد بلیدی نے سانحہ خضدار...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار میں معصوم طلبہ کو نشانہ بنانا سفاکانہ جرم ہے، جام کمال

چند عناصر ہمارے وطن کو عدم استحکام کا شکار کرنا چاہتے ہیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے خضدار، بلوچستان میں آرمی پبلک اسکول (APS) کی بس پر ہونے والے افسوسناک اور...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، سربراہ تحریک تحفظ آئین پاکستان محمود خان اچکزئی احتجاجی مظاہرے سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان کی پرامن صورتحال کو کسی صورت خراب نہیں ہونے دینگے، جعفر مندوخیل

خضدار میں اسکول کے معصوم بچوں کو نشانہ بنانا سفاکیت، دہشت گردوں کو جلد گرفتار کیا جائے، گورنر کی مذمت

عوام کو صاف پانی کی فراہمی یقینی بنانے سے بیماریوں کے خطرے کو کم کر سکتے ہیں، نمائندہ یو این ڈی پی سے گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے خضدار میں اسکول وین پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے اسکول کے معصوم بچوں کو نشانہ بنانا سفاکیت قرار دیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں گورنر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان کی پرامن...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

پی ایس ایل، اسلام آباد کو شکست، کوئٹہ گلیڈی ایٹرز فائنل میں پہنچ گئی

گلیڈی ایٹرز کے 210 رنز کے ہدف کے تعاقب میں اسلام آباد یونائیٹڈ 179 رنز پر ڈھیر

لاہور (بیورو رپورٹ) ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 10 کے پہلے کوالیفائر میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نے اسلام آباد یونائیٹڈ کو شکست دیکر فائنل...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

سکول بس کو نشانہ بنانا انسانیت، تہذیب اور امن پر حملہ ہے، صوبائی مشیران پارلیمانی سیکرٹریز

معصوم بچوں کو نشانہ بنانا انتہائی بزدلانہ اور دل دہلا دینے والا عمل ہے، مینا مجید۔ بزدلی اور درندگی کی بدترین مثال ہے، ڈاکٹر ربابہ بلیدی

معصوم بچوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا قابل مذمت، نسیم الرحمان ملاخیل۔ انسانیت کیخلاف کھلی جنگ ہے، قوم سوگوار ہے، میر لیاقت علی لہڑی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید بلوچ نے خضدار میں اسکول وین پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے انسانیت، تہذیب اور امن پر حملہ قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معصوم بچوں کو نشانہ بنانا انتہائی بزدلانہ اور دل...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

سینیٹر شیری رحمان کی خضدار میں سکول بس پر حملے کی مذمت

معصوم جانوں کو شہید کرنے والے دہشتگرد انسانیت کے دشمن ہیں، نائب صدر پی پی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے خضدار میں سکول بس پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم جانوں کو شہید کرنے...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی رہنما عمران، بشریٰ کی سزا معطلی کیس مقرر کرانے کیلئے متحرک

بیرسٹر گوہر، لطیف کھوسہ، قائم مقام چیف جسٹس کے چیمبر دیگر رہنما اسلام آباد ہائیکورٹ جا پہنچے

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) 190 ملین پاؤنڈ کیس میں بانی پی ٹی آئی عمران خان اور اہلیہ بشریٰ کی سزا معطلی کا کیس مقرر نہ ہوسکا، پی ٹی آئی رہنما اپیلیں مقرر کرانے...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

سوشل میڈیا پر ریاست مخالف پروپیگنڈا مہم پر مقدمات درج

درج مقدمات کے تحت خاتون سمیت متعدد افراد گرفتار، قانونی کارروائی کا آغاز

کراچی (بیورو رپورٹ) سوشل میڈیا کے ذریعے ریاست مخالف پروپیگنڈا کرنے پر نیشنل سائبر کرائم ایجنسی سندھ زون میں 3 خواتین سمیت 11 ملزموں...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت کا پاکستانی ہائی کمیشن کے ایک اور اہلکار کو ناپسندیدہ شخصیت قرار دیکر ملک چھوڑنے کا حکم

اہلکار پر سفارتی عہدے سے متصادم سرگرمیوں کا الزام ہے، پاکستانی ناظم الامور کو طلب کر کے ڈی مارش بھی دیا گیا، بھارتی وزارت خارجہ

جوابی اقدامات پر غور شروع، پاکستان میں بھارتی ہائی کمیشن کے سفارتکار کو بھی ناپسندیدہ شخصیت قرار دیکر ملک چھوڑنے کا حکم دیا جائیگا، سفارتی ذرائع

نئی دہلی (بیورو رپورٹ) بھارت نے پاکستانی ہائی کمیشن کے ایک اور اہلکار کو ناپسندیدہ شخصیت قرار دے کر ملک چھوڑنے کا حکم دے دیا، پاکستان نے بھی جوابی اقدام پر غور شروع کردیا، بھارتی وزارت داخلہ کے مطابق پاکستانی ہائی کمیشن کے اہلکار کو ناپسندیدہ شخصیت قرار دے کر 24 گھنٹوں میں بھارت چھوڑنے کا حکم دیا گیا، بھارتی وزارت خارجہ نے کہا...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر میر سلیم کھوسہ ملاقات کر رہے ہیں

بجٹ مشاورت، پاکستان سرکاری اداروں کی نجکاری تیز کرے، آئی ایم ایف

پی آئی اے کی نجکاری رواں سال مکمل ہونے کی امید، رائٹ سائزنگ کا عمل دسمبر 2025 تک مکمل کرلیا جائے گا، حکام

بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری کیلئے مالی مشیر ہائر، ٹیکس واجبات، منفی ایکویٹی پر سرمایہ کاروں کے تحفظات دور کردیئے، بریفنگ

اسلام آباد (شاکر رحمان) بجٹ 26-2025 پر مشاورت کے سلسلے میں پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات حتمی مرحلے میں داخل ہوگئے، ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے سرکاری اداروں کی نجکاری تیز کرنے پر زور دیا، آئی ایم ایف کو...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

”چرس پی کر آئے ہو؟“ ایمل ولی اور چیئرمین پی ٹی اے میں جھڑپ

معافی مسترد، کارروائی کی جائے، ایمل ولی، چیئرمین پی ٹی اے کو اجلاس چھوڑ کر جانا پڑا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینٹ کمیٹی برائے ترقی یافتہ علاقہ جات کے اجلاس میں چیئرمین پی ٹی اے اور عوامی نیشنل پارٹی کے رہنما سینیٹر ایمل ولی کے درمیان...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

مہنگائی سے پریشان عوام کیلئے بری خبر، بجلی کی قیمت بڑھنے کا امکان

نیپرا سی پی پی اے کی درخواست پر 29 مئی کو سماعت کے بعد فیصلہ کرے گا

درخواست میں بجلی 1 روپے 27 پیسے فی یونٹ مہنگی ہونے کا امکان ہے، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سنٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے) نے نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) میں بجلی مہنگی کرنے کے حوالے سے درخواست دائر کردی، ماہ اپریل کی ماہانہ فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی مد میں درخواست نیپرا میں دائر کی گئی، نیپرا سی پی پی اے کی درخواست پر 29 مئی کو سماعت کے بعد فیصلہ کرے گا درخواست میں بجلی 1 روپے 27 پیسے فی یونٹ مہنگی ہونے کا امکان ہے، سی پی پی اے کے مطابق اپریل 2025 میں...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

ججز ٹرانسفر کیس، دل چاہتا ہے درخواست جرمانہ لگا کر خارج کردوں، جج

اس قسم کی درخواست سے تو ہائیکورٹ کے جج کو بھی شرمندہ کیا گیا، جسٹس علی مظہر

درخواست میں کہا گیا ہے کہ عمران خان کو ریلیف دینے پر ججز کو نشانہ بنایا گیا، وکیل بانی پی ٹی آئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ میں اسلام آباد ہائیکورٹ ججز ٹرانسفر کے حوالے سے سماعت کے دوران جسٹس شاہد بلال حسن نے ریمارکس دیئے درخواست کے پیراگراف نمبر 4 میں کیا لکھا ہے؟ کیا کسی سیاسی لیڈر نے بھی ایسی درخواست دائر کی؟ جسٹس مظہر نے کہا درخواست سے تو ہائیکورٹ ججز کو بھی شرمندہ کیا گیا، 5 رکنی بینچ نے بانی تحریک...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

توہین عدالت، یوٹیلٹی سٹور کے افسران کو سزا و جرمانہ

کوئٹہ (خ ن) نیشنل انڈسٹریل ریلیشنز کمیشن (NIRC) کوئٹہ بینچ کے رکن عبدالغنی مینگل نے یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن آف پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ اسلام آباد کے مینیجنگ ڈائریکٹر فیصل نثار چوہدری...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

اسٹیبلشمنٹ کیساتھ مذاکرات کے دروازے کبھی بند نہیں ہونگے، چیئرمین پی ٹی آئی

حالیہ جنگ 1971 اور 1965 سے زیادہ خطرناک تھی، پاکستان کو کامیابی ملنا اعزاز کی بات ہے، بیرسٹر گوہر

جنگ کی فضا اب بھی موجود، قوم متحد رہے، کوئی جھگڑا نہیں، اپنی افواج کیساتھ کھڑے ہیں، صحافیوں سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے حالیہ جنگ 1971 اور 1965 سے زیادہ خطرناک تھی، پاکستان کو کامیابی ملنا اعزاز کی بات ہے، صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا بھارت کا غرور خاک میں مل گیا، پوری...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کی جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کا عہدہ ملنے پر مبارکباد

سپہ سالار نے بھارت کے خلاف موجودہ کشیدگی میں بہترین کردار ادا کیا، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف نے جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کا عہدہ ملنے پر مبارکباد دی ہے، چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے بیان میں کہا جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل بنائے جانے کا فیصلہ خوش آئند ہے، سپہ سالار نے بھارت کیخلاف موجودہ کشیدگی...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

بھارتی حکومت کی بائیکاٹ مہم پر پاکستان کا آذربائیجان سے اظہار یکجہتی

عبدالعلیم خان نے سفارت خانے جاکر پاکستان کا ساتھ دینے پر آذربائیجان کا شکریہ ادا کیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بھارتی حکومت کی بائیکاٹ مہم پر پاکستان نے آذربائیجان سے یکجہتی کا اظہار کیا، وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے آذربائیجان...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

دہشت گردوں نے پھر بلوچستان کی سرزمین کو لہولہان کر دیا ہے، نوراحمد بنگلزئی

انسانیت دشمنوں کی قوم، مذہب نہیں وہ دہشت گرد ہیں انہیں ان کے منطقی انجام تک پہنچانا چاہئے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما چیف آف بنگلزئی سردار نوراحمد بنگلزئی نے خضدار میں اسکول بس پر دہشتگردانہ حملے میں بچوں سمیت 6 افراد کی شہادت اور 38 کے زخمی ہونے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردوں نے ایک بار پھر معصوم بچوں کے خون سے بلوچستان کی سرزمین کو لہولہان کر دیا ہے ...

ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں 23 مئی کو بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں لائنوں کی شفٹنگ اور بجلی کے کھمبے نصب کیے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں 23 مئی کو (بروز جمعہ) 220KV کوئٹہ انڈسٹریل گرڈ اسٹیشن کے 11Kv ایسٹرن بائی پاس، شوکت، شاہنواز، پشتون آباد ایکسپریس، ...

اخبار مارکیٹ میں پولیس اہلکار پر قاتلانہ حملے کی مذمت کرتے ہیں، انجمن اخبار فروشاں

ملزمان کو گرفتار کر کے کیفرِ کردار تک پہنچایا جائے، عہدیداروں کا اعلیٰ حکام سے مطالبہ

کوئٹہ (آئی این پی) انجمن فلاح و بہبود اخبار فروشاں نے اخبار مارکیٹ پلازے میں سکیورٹی پر تعینات پولیس اہلکار پر قاتلانہ حملے کی مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ مارکیٹ میں توڑ پھوڑ اور پولیس اہلکار پر حملے میں ملوث تمام ملزمان کو فی الفور گرفتار کر کے انصاف کے کٹہرے میں کھڑا کیا جائے ...

خواتین وکلا کو درپیش مسائل کا حل اولین ترجیح رہے گا، فرزانہ خلجی ایڈووکیٹ

بلوچستان پولیس میں تقررو تبادلے

مولانا ہدایت الرحمان بلوچ آج اہم پریس کانفرنس کریں گے

بچوں کا تحفظ معاشرے کی اجتماعی ذمہ داری ہے، مہرالنساء بادینی

سرکاری رہائشی کالونیوں کو کوڑا باس فیڈر سے نہ نکالا جائے، رحیم کاکڑ

فیلڈ مارشل کا اعزاز جنرل عاصم منیر کی عسکری بصیرت کا اعتراف ہے، شعیب نوشیروانی

معصوم طلبہ کو نشانہ بنانا درندگی کی بدترین مثال ہے، فرح عظیم شاہ

انجینئر دلبر خان ناصر نے مفتی محمود میموریل ہسپتال کلاک ایم ایس سے ملاقات کی

صوبائی وزیرصحت بخت محمد کاکڑ کا دورہ کچھی، طبی عملے کی موجودگی پر اظہار اطمینان

بین المذاہب ہم آہنگی دور حاضر کی اہم ضرورت ہے، ڈاکٹر قاری عبدالرشید

آرمی چیف کو فیلڈ مارشل کا اعزاز ملنے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، سیف اللہ خان

ڈی سی زیارت نے بلاک شناختی کا جائزہ لیا

زیارت (ن ن) ڈپٹی کمشنر زیارت ذکاء اللہ درانی کی زیر صدارت بلاک شناختی کے سلسلے میں افسران کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ایف سی کرنل عثمان نسیم، میجر افنان، ڈسٹرکٹ پولیس افسر اویس علی، کیپٹن سیف الرحمن اسسٹنٹ کمشنر محمد افضل، ڈی ایس پی گوشت بخش نادرا انچارج عبید اللہ اور دیگر افسران نے شرکت کی اجلاس میں سنجاوی اور زیارت کے دوردراز علاقوں سے آئے ہوئے سائلین نے درخواستیں ڈپٹی کمشنر زیارت ذکاء اللہ درانی اور کمیٹی کو پیش کیں۔

سکول بس کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا درندگی کی بدترین مثال ہے، خالد حسین باٹھ

آرمی چیف کو فیلڈ مارشل، ایئر چیف کو ایک سال ایکسٹینشن ملنے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کسان اتحاد کے چیئرمین خالد حسین باٹھ نے چیف آرمی اسٹاف سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل بننے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستانی افواج اپنے وطن عزیز کے دفاع کیلئے ہمیشہ تیار رہتی ہیں اور دشمن کے مذموم عزائم کو خاک میں ملا سکتی ہے۔ خضدار میں اسکول کے معصوم بچوں کی بس کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا درندگی کی بدترین مثال ہے اس میں ملوث عناصر کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ خالد حسین باٹھ نے کہا کہ کسان اتحاد سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل بننے اور ایئر چیف ظہیر احمد بابر کو ایک سال ایکسٹینشن ملنے پر مبارکباد دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاک افواج نے جس بہادری سے دشمن کے گھر میں گھس کر انکو نشانہ بنایا اور ان کی اہم تنصیبات تباہ کر دیں۔

ٹرانسفر مافیا کی ایما پر اکیمین سریاب کو ٹرانسفر کرنا افسوسناک ہے، یونائیٹڈ لیبر فرنٹ

لائن مین کے ساتھ بدکلامی کی گئی پھر ان کے دفتر آ کر ان سے معافی بھی مانگی گئی، صدر حافظ عصمت اللہ

بچوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا بزدلانہ انسانیت سوز عمل ہے، عبدالشکور مری

سریاب گرڈ سے متصل فیڈرز سے بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ قابل مذمت ہے، ملک نصیر احمد شاہوانی

کالعدم جماعتوں کی پشت پناہی کرنے والے ہاتھ کاٹے جائیں، طارق جعفری

بیرونی فنڈز دہشتگردوں کی پناہ گاہیں ختم کرنے کیلئے پورے ملک میں سخت ترین آپریشن کیا جائے

... کی پناہ گاہیں ختم کرنے کیلئے پورے ملک میں سخت ترین آپریشن کیا جائے، کالعدم جماعتوں کے سرپرستوں اور پشت پناہوں پر ہاتھ ڈالے بغیر ملک سے خونریزی کا خاتمہ ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ تحریک نفاذ فقہ جعفریہ بلوچستان بس حملے میں شہید ہونے والے بچوں کے اہل خانہ کے غم میں برابر کی شریک ہے۔

... جماعتوں کے پشت پناہوں پر ہاتھ ڈالے بغیر خونریزی کا خاتمہ ممکن نہیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں طارق احمد جعفری نے کہا کہ خضدار میں سکول وین پر دھماکہ کے بچوں سمیت 6 افراد کی شہادت اور درجنوں کے زخمی ہونے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کا ازلی دشمن بھارت آپریشن ''بنیان

ممتاز قبائلی رہنما حاجی ملک نعمت اللہ نوتیزئی وفات پاگئے

کوئٹہ (پ ر) خلیل احمد نوتیزئی، جمیل احمد نوتیزئی کے والد مرحوم میر نذر محمد نوتیزئی مرحوم سردار غلام نوتیزئی کے بھائی ممتاز قبائلی رہنما حاجی ملک نعمت اللہ نوتیزئی وفات پاگئے۔

NOTICE INVITING TENDER

The Chief Officer Municipal Committee Mastung invites sealed percentage tender based on Composite Schedule of rates 2023,under Grant in aid for the year 2024-25 from interested contractors/ firm for the work listed below; Earnest Money 2%, Time limit 30 June 2026 for each work

S.No	Name of Work	E/Cost
1	PROVISION & INSTALLATION OF SOLAR STREET LIGHTS WITH OUT POLE , SOLAR PANAL, & 300 GALLON WATER TANK AT DIFFERENT WARDS OF MUNICIPAL COMMITTEE MASTUNG. TSE-242505716923	11,700,000
2	SUPPLY OF SOLAR PANAL AT KILLI PIRKANOO & PROVIDING & INSTALLATION OF SOLAR STREET LIGHT WITHOUT POLE AT KILLI BEHRAM SHAHI, KILLI GAZGI, KILLI SHEIKH TAQI MC MASTUNG TSE-242505716903	2,800,000
3	PROVISION & INSTALLATION OF SOLAR STREET LIGHTS WITH OUT POLE AT KILLI QAZIYAN, KAREZ FATIMA, KAREZ MIANA MC MASTUNG TSE-242505717023	1,400,000
4	PROVISION & INSTALLATION OF SOLAR STREET LIGHTS WITH OUT POLES KILLI KHWASAM/GILKAND MC MASTUNG TSE-242505717033	1,800,000
5	PROVISION & INSTALLATION OF HOME SOLAR KIT AT KILLI KHWASAM/GILK AND MC MASTUNG TSE-242505717063	1,400,000
6	PROVISION & INSTALLATION OF SOLAR STREET LIGHTS WITH OUT POLE AT KILLI MUTURBA MUNICIPAL COMMITTEE MASTUNG TSE-242505717093	1,400,000
7	PROVISION & INSTALLATION OF SOLAR STREET LIGHTS WITH OUT POLE AT KAREZ FATIMA MUNICIPAL COMMITTEE MASTUNG TSE-242505717113	1,400,000
8	PROVISION & INSTALLATION OF SOLAR STREET LIGHTS WITH OUT POLE & CONSTRUCTION OF SEWERAGE LINE AT AZIZ ABAD NO 01 MUNICIPAL COMMITTEE MASTUNG TSE-242505717123	1,400,000
9	SUPPLY & INSTALLATION OF SOLAR PANELS 550 WATT KILLI PIRKANOO MC MASTUNG TSE-242505717143	1,400,000
10	PROVISION & INSTALLATION OF SOLAR STREET LIGHTS WITH OUT POLE AT KILLI ISHQINA MUNICIPAL COMMITTEE MASTUNG TSE-242505717213	1,400,000
11	PROVISION & INSTALLATION OF SOLAR STREET LIGHTS WITH OUT POLE AT HINDU MUHALLAH, KILLI MEHTRAN, AND KILLI ZARKHILAN MC MASTUNG TSE-242505717223	1,400,000
12	PROVISION & INSTALLATION OF SOLAR STREET LIGHTS WITH OUT POLE AT CITY AREA MC MASTUNG TSE-242505717243	4,000,000

The procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules,2014, **BASIC ELIGIBILTY**: i) The Contractor must have valid registration with tax authorities i.e. (NTN and sales Tax Department), where applicable. **METHOD OF PROCUREMENT**: Single stage – One envelope procedure. **TERMS & CONDITIONS:** All bids must be accompanied by a Bid security in the amount of Rs 2% of estimated amount inform of call deposit. Experience in relevant field. The firm should have valid registration with PEC till June 2026. The approved Bid will be subject to stamp duty levied by the Government Rules. The Contractor should submit their documents personally. The competent authority reserve the bids subject to relevant provisions of BPPRA rules. Original affidavit that firm is neither blacklisted nor indulged in litigation with any Government department. Further terms & Conditions and evaluation criteria are mentioned (incorporated) in detail in bidding documents on BPPRA website **BIDDING / TENDER DOCUMENTS**: **Issuance**: Documents will be issued from the date of publication till submission date and time on production of green challan from amounting Rs: (1500) – (as bidding documents charges) deposited in the account No. **4037280725** of M/C Mastung in National Bank of Pakistan. **Submission**: Last date of Submission will be **(02 June , 2025)**, at (10:00AM) **Opening**: The tender document will be opened on **(02 June , 2025)** at (11:00.AM) **Place**: of issuance, submission, inquiries and opening will be :- Address: **Office of the Municipal Committee Mastung**
Phone No: 0333-6399261

CHIEF OFFICER
MUNICIPAL COMMITTEE MASTUNG

AB No.1129/21-5-2025
www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

PEOPLE'S PRIMARY HEALTHCARE INITIATIVE, BALOCHISTAN
(Regd. Under Section 42 of Companies Ordinance, 1984)
PPHI-B

TENDER NOTICE

Tender No	Description	Closing / Opening Date & Time
No. PPHI-B/H.O BLN/ 2025/05/ Digital/001	for Provision of CCTV, Media Wall and Biometrics (234 BHUs &36 Offices/Stores & Head Office)	Bid Submission: 05th June, 2025 till 02:00 P.M Technical Opening: 05th June, 2025 till 03:00 P.M Financial Opening: Will be communicated to bidders after Technical Evaluation

Invites tender from FBR/BRA active filers (companies/firms) Tender fee is RS:2000/- (non-refundable) for each tender in the form of pay Orders/ Demand Draft in favor of People's Primary Healthcare Initiative-Balochistan. Tender Documents with detail of required work can be downloaded from PPHI-Balochistan website at **http://pphib.org/pphi-b/tenders/** must be accompanied by Bid security of 2% in shape of Call Deposit in favor of People's Primary Healthcare Initiative-Balochistan must be delivered (complete required documents with in given time frame/period) to Manager Admin PPHI-Balochistan Head Office, Quetta.

MANAGER ADMIN
PPHI - BALOCHISTAN. TEL: 081-2863620, FAX: 081-2863642

توسیع اشتہار آخری تاریخ بابت خالی آسامیاں

ناظم تعلیمات کالجز و ہائیر ایجوکیشن بلوچستان کوئٹہ

PRQ No 4543/21-05-2025
www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

IN THE COURT OF SPECIAL JUDGE
(CUSTOMS, TAXATION & ANTI-SMUGGLING-I), KARACHI
BLOCK No. 51. PAKISTAN SECTT, SADDAR, KARACHI

PROCLAMATION REQUIRING THE APPEARANCE OF PERSON ACCUSED UNDER SECTION 87 CR.P.C.

CASE NO. 116-A/2020

The State ....V/S ....Abdul Manan & others

CRIME NO: M-3493/Dci/seiz/2022

To,
Investigation Officer, **Ali Khan**

Whereas, complaint has been made before this Court that Accused Muhammad Sadiq S/o Shah Muhammed Proprietor of M/s Shah Auto holding cnic No.54201-6004280-7 (Absconding Accused).

Has committed the offence of **Smuggling** punishable Under Section 2(s) and 178 of the Customs Act, 1969 punishable under clause 8 & 89 of Section 156(1) ibid, and it has been returned to a warrant of arrest there upon issued that the said **Muhammad Sadiq** cannot be found and whereas it has been shown to my satisfaction that the said Muhammad Sadiq absconded or is concealing himself to avoid the service of the said warrant:

Proclamation is hereby made the **Muhammad Sadiq** required to appear at camp Court **Karachi** before this court to answer the said complaint on the **03-06-2025**.

Dated this **06-05-2025**

SPECIAL JUDGE
(CUSTOMS, TAXATION & ANTI-SMUGGLING-1)
KARACHI

PID K.3568/24

IN THE COURT OF SPECIAL JUDGE
(CUSTOMS, TAXATION & ANTI-SMUGGLING-I), KARACHI
BLOCK No. 51. PAKISTAN SECTT, SADDAR, KARACHI

PROCLAMATION REQUIRING THE APPEARANCE OF PERSON ACCUSED UNDER SECTION 87 CR.P.C.

CASE NO. 116-A/2020

The State ....V/S ....Abdul Manan & others

CRIME NO: M-3493/Dci/seiz/2022

To,
Investigation Officer, **Ali Khan**

Whereas, complaint has been made before this Court that Accused Muhammad Alyas S/o Kamal Uddin Killi Haji Muhammad Hassan Takhadar Karezat, Purana Chaman Tehsil Chaman, district Qila Abdullah Cnic No.54201-8589910-7 (Absconding Accused).

Has committed the offence of **Smuggling** punishable Under Section 2(s) and 178 of the Customs Act, 1969 punishable under clause 8 & 89 of Section 156(1) ibid, and it has been returned to a warrant of arrest there upon issued that the said **Muhammad Alyas** cannot be found and whereas it has been shown to my satisfaction that the said **Muhammad Alyas** absconded or is concealing himself to avoid the service of the said warrant:

Proclamation is hereby made the **Muhammad Alyas** required to appear at camp Court **Karachi** before this court to answer the said complaint on the **03-06-2025**.

Dated this **06-05-2025**

SPECIAL JUDGE
(CUSTOMS, TAXATION & ANTI-SMUGGLING-1)
KARACHI

PID K.3574/24

IN THE COURT OF SPECIAL JUDGE
(CUSTOMS, TAXATION & ANTI-SMUGGLING-I), KARACHI
BLOCK No. 51. PAKISTAN SECTT, SADDAR, KARACHI

PROCLAMATION REQUIRING THE APPEARANCE OF PERSON ACCUSED UNDER SECTION 87 CR.P.C.

CASE NO. 116-A/2020

The State ....V/S ....Abdul Manan & others

CRIME NO: M-3493/Dci/seiz/2022

To,
Investigation Officer, **Ali Khan**

Whereas, complaint has been made before this Court that Accused Nusrat Khan cnic No. 54201-8867245-7 S/o Lal Khan (cell No. 0312-8663384) R/o Mohallah Mar Malang, Chaman Zilah Qila Abdullah (Absconding Accused).

Has committed the offence of **Smuggling** punishable Under Section 2(s) and 178 of the Customs Act, 1969 punishable under clause 8 & 89 of Section 156(1) ibid, and it has been returned to a warrant of arrest there upon issued that the said **Nusrat Khan** cannot be found and whereas it has been shown to my satisfaction that the said **Nusrat Khan** absconded or is concealing himself to avoid the service of the said warrant:

Proclamation is hereby made the **Nusrat Khan** required to appear at camp Court **Karachi** before this court to answer the said complaint on the **03-06-2025**.

Dated this **06-05-2025**

SPECIAL JUDGE
(CUSTOMS, TAXATION & ANTI-SMUGGLING-1)
KARACHI

PID K.3569/24

JOB ADVERTISEMENT

A reputable organization working in the development sector in Balochistan, is seeking candidates for the following positions based in Quetta.

S.no	Position	Qualification & Experience
1.	Access to Finance Coordinator	Master's in Finance or any other related field with at least 7 years of relevant experience
2.	Communication & Visibility Coordinator	Master's in Mass Communication, Media Studies, Journalism, Development Studies or related field with at least 7 years of relevant experience
3.	Gender Coordinator	Master's degree (preferably in Gender Studies) with at least 7 years of relevant experience in gender and development
4.	MIS Coordinator	Master's in Computer Science's or Information Technology with at least 7 years of relevant experience
5.	Admin Officer	Master's in Finance, Economics or any other relevant field with at least 5 years of relevant experience
6.	Documentation & Reporting Officer	Master's degree in Social Sciences, Development Studies, Mass Communication, or a related field with at least 5 years of relevant experience
7.	Finance Officer	Master's degree in Commerce (M. Com), Business Administration (MBA), Public Administration (MPA) / ACCA with at least 5 years of relevant experience
8.	HR Officer	Master's in HR with at least 5 years of relevant experience
9.	Internal Auditor	ACCA, MBA (Finance), or M. Com with at least 5 years audit/finance relevant experience

Interested candidates with required qualifications and relevant experience are encouraged to apply by submitting their online Job application on www.brightspyre.com latest by May 30, 2025. Only shortlisted candidates will be called for test and interviews. Detailed Job Description is available on www.brightspyre.com.
Note: The organization is an equal opportunity employer and encourages applications from women, persons with disabilities, and marginalized groups.

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub

روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

بس پر دھماکہ انسانیت سوز جرم ہے، ایچ ڈی پی

کوئٹہ(یو این اے) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی نے خضدار میں اسکول کے طلبا کی بس پر بم دھماکے اور معصوم بچوں کی ہلاکت پر شدید مذمت کا اظہار کیا ہے۔ پارٹی کے مرکزی بیان میں کہا گیا کہ اس دلخراش واقعے میں معصوم جانوں کو نشانہ بنانا انسانیت سوز اور ناقابل گرفت عمل ہے۔ ایچ ڈی پی نے متاثرہ خاندانوں سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے میں ملوث عناصر کو فوری گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

حکومت ملک بھر میں مساوی ترقی کیلئے اقدامات اٹھا رہی ہے، سیدال خان

پاکستان نوجوانوں کو با اختیار بنانے کی اسکیموں اور یونیورسل ہیلتھ کوریج جیسے قومی اقدامات پر عمل پیرا ہے

چین کی جانب سے پاکستان کے شعبہ زراعت سے وابستہ ایک ہزار افراد کو تربیت دینا قابل ستائش ہے

چین اور پاکستان اقتصادی راہداری منصوبے پر فخر کرتے ہیں، شنگھائی تعاون تنظیم کی نمائش میں ویڈیو پیغام

اسلام آباد(زاہد احمد خان) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) کے فورم برائے تخفیف غربت اور نویں سلک روڈ بین الاقوامی نمائش کے موقع پر پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے ویڈیو پیغام میں کہا ہے کہ یہ ان کے لیے ایک اعزاز کی بات ہے کہ وہ سینیٹ اور پاکستانی عوام کی جانب سے شرکاء کو خوش آمدید کہہ رہے ہیں۔ یہ دونوں پلیٹ فارمز ہماری باہمی روابط، ترقی اور خوشحالی کے لیے مشترکہ جدوجہد کی عکاسی کرتے ہیں۔ ڈپٹی چیئرمین نے تاریخی شہر شیان میں ان تقاریب کی میزبانی پر عوامی جمہوریہ چین کی حکومت اور شانشی صوبے کی قیادت کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ شیان قدیم دور سے شاہراہ ریشم سے جڑے علاقوں کے مابین دوستانہ تعلقات اور تعاون کا مظہر رہا ہے۔ پاکستان BRI کے اولین اور موثر شراکت داروں میں شامل ہے اور چین۔ پاکستان اقتصادی راہداری (CPEC) جیسے منصوبے پر بجا طور پر فخر کرتا ہے، جو بنیادی ڈھانچے، توانائی، ٹیکنالوجی اور علاقائی انضمام میں سرمایہ کاری کے ذریعے زندگیوں کو بدل رہا ہے۔ ویڈیو پیغام میں ڈپٹی چیئرمین نے کہا کہ اب ہمارا تعاون ایک نئے اور نہایت اہم مرحلے میں داخل ہو چکا ہے، جو انسانی ترقی، علم، جدت اور پائیداری کو ترجیح دیتا ہے

چمن ڈی سی حبیب احمد بنگلزئی اور ونگ کمانڈر کرنل عرفان ماگرے کھلی کچہری کے دوران عوام کی طرف سے کئے گئے سوالات کے جوابات دے رہے ہیں

ارشد ندیم نے پی ٹی سی ایل گروپ کے ساتھ نئی شراکت داری قائم کر لی

پی ٹی سی ایل گروپ کا ارشد ندیم کے پیشہ ورانہ کامیابیوں کے سفر میں ہم قدم رہنے کے عزم کا اعادہ

کوئٹہ(آن لائن) پاکستان کے سب سے بڑے ٹیلی کمیونی کیشن و انفارمیشن کمیونیکیشن ٹیکنالوجی سروسز ادارے، پی ٹی سی ایل گروپ (پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن کمپنی لمیٹڈ اور یوفون 4G) نے ایک بار پھر معروف جیولین تھرو کھلاڑی اور اولمپئن ارشد ندیم کی حمایت اور تعاون کا اعلان کر دیا ہے۔ پی ٹی سی ایل گروپ کا مقصد محض ایک شراکت داری کی بجائے ان کے مقصد اور صلاحیت پر غیر متزلزل یقین رکھنے والے ساتھی کے طور پر ان کے سفر میں ساتھ دینا ہے۔ لاہور میں منعقدہ تقریب میں پی ٹی سی ایل گروپ نے اپنے عزم کی تجدید کی کہ وہ ہار جیت سے قطع نظر ارشد ندیم کے مثالی نظم و ضبط، ناقابل شکست جذبے اور اٹل یقین کی بدولت ہر مرحلے پر ان کے ہمراہ کھڑا رہے گا۔ ارشد ندیم بین الاقوامی سطح پر کھیلوں کے شعبے میں پاکستان کے فخر کی علامت ہیں۔ وہ اولمپکس کے لیے براہ راست کوالیفائی کرنے والے پہلے پاکستانی ایتھلیٹ ہیں، جنہوں نے بعد ازاں 2022 کے کامن ویلتھ گیمز میں طلائی تمغہ جیتا، 2023 ورلڈ ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں چاندی کا تمغہ حاصل کیا، اور سب سے بڑھ کر 2024 کے پیرس اولمپکس میں طلائی تمغہ جیت کر تاریخ رقم کی۔

واسا کے سالانہ پروگریس 25-2024 کا ترقیاتی امور کا جائزہ کا اجلاس

سیکرٹری واسا عمران گچکی کو منیجنگ ڈائریکٹر واسا محمد گل خلجی محکمہ واسا سے متعلق بریفنگ دی

کوئٹہ(آئی این پی) سیکرٹری واسا پی ایچ ای عمران گچکی نے کہا ہے کہ پانی کی فراہمی کے لیے واسا کوئٹہ شہر میں ہنگامی بنیادوں پر تمام وسائل کو بروئے کار لا رہے ہیں عوام کو صاف پانی کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔ اور واسا عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے لیے کوشاں ہے ان خیالات کا اظہار سیکرٹری واسا پی ایچ ای نے واسا کے سالانہ پروگریس 25-2024 کا ترقیاتی امور کا جائزہ کے اجلاس کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ پروگریس اجلاس میں منیجنگ ڈائریکٹر واسا محمد گل خلجی نے بریفنگ دی۔ اس موقع پر محکمہ کے تمام آفیسران بھی موجود تھے۔ سیکرٹری واسا عمران گچکی نے محکمہ واسا کی کارکردگی کو سراہا اور تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ واسا کے مسائل حل کرنے کے لیے اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ اور محکمہ کی کارکردگی میں مزید بہتری لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ گرمیوں کا سیزن میں پانی کی قلت کے حوالے سے عوام کی مشکلات کا احساس ہے۔ اور ان مسائل کے خاتمے کے لیے اقدامات بھی اٹھا رہے ہیں۔ مسلسل خشک سالی اور زیر زمین پانی کی سطح گرنے کی وجہ عوام کو پانی کی فراہمی کا نظام متاثر ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کے لیے پانی کی فراہمی کے لیے ڈیموں پر کام جاری ہے۔

کوئٹہ اور دیگر اضلاع میں طویل لوڈشیڈنگ گرمی میں شہری بلبلا اٹھے

لوڈشیڈنگ کے سبب اسپتالوں میں مریضوں کو شدید پریشانی کا سامنا، گھریلو امور بری طرح متاثر

ہنر مند، ویلڈنگ شاپس، ٹیلر ماسٹرز، اور چھوٹے کاروبار کرنے والے افراد لوڈشیڈنگ سے پریشان

اندرون بلوچستان غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، 16 سے 18 گھنٹوں تک بجلی نہیں ہوتی، حکام نوٹس لیں، شہری

کوئٹہ(جنرل رپورٹر) بلوچستان کے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت دیگر اضلاع میں جاری طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے شہریوں کو شدید اذیت میں مبتلا کر دیا ہے۔ شدید گرمی کے دوران روزانہ 10 سے 18 گھنٹے بجلی کی بندش سے زندگی کا پہیہ جام ہو کر رہ گیا ہے۔ عوامی حلقے سراپا احتجاج ہیں اور حکومت سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے تفصیلات کے مطابق گرمی کی شدت میں اضافے کے ساتھ ہی کوئٹہ اور بلوچستان کے دیگر علاقوں میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ ایک سنگین مسئلہ بن چکی ہے۔ کوئٹہ شہر کے علاقے جیسے سریاب روڈ، کواری روڈ، نیو قمبرانی محمود روڈ، اسپنی روڈ، ہنزل روڈ، سیٹلائٹ ٹاؤن اور سرکی روڈ میں روزانہ 10 سے 12 گھنٹے بجلی بند رہتی ہے۔ جبکہ بلوچستان کے دیگر اضلاع میں یہ دورانیہ 16 سے 18 گھنٹوں تک جا پہنچا ہے۔ بجلی کی مسلسل بندش نے نہ صرف گھریلو زندگی کو متاثر کیا ہے بلکہ کاروباری سرگرمیاں بھی شدید متاثر ہو رہی ہیں۔ دکاندار، ہنر مند، ویلڈنگ شاپس، ٹیلر ماسٹرز، اور دیگر چھوٹے کاروبار کرنے والے افراد بے حد پریشان ہیں۔ جنریٹر اور سولر سسٹم کی خریداری کسی کے بس کی بات نہیں اور پٹرول و ڈیزل کی قیمتیں پہلے ہی آسمان سے باتیں کر رہی ہیں۔ لوڈشیڈنگ کے سبب اسپتالوں میں مریضوں کو شدید پریشانی کا سامنا ہے۔ خاص طور پر وینٹی لیٹرز، لیبارٹریز اور ایمرجنسی وارڈز میں بجلی کی غیر موجودگی کسی سانحے سے کم نہیں۔ تعلیمی ادارے بھی متاثر ہیں جہاں شدید گرمی میں بچوں کو بغیر پنکھوں اور روشنی کے بیٹھنے پر مجبور کیا جا رہا ہے۔ بجلی کی بندش کے باعث ٹیوب ویل بند ہو جاتے ہیں

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے میجر(ر) اسد ہزارہ کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

بس حملے میں ملوث عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے، حسنین ہاشمی

دہشتگردوں نے بھارتی ایماء پر بچوں پر حملہ کر کے جنگ کے اصول بھی پامال کر دیے

خضدار میں اسکول بس کو نشانہ بنانا بدترین دہشتگردی اور سفاکیت ہے، رہنما پی پی

کوئٹہ(این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء سید حسنین ہاشمی نے کہا ہے کہ خضدار میں اسکول بس پر حملے میں تین بچوں سمیت پانچ افراد کی شہادت دلخراش اور انسانیت سوز واقعہ ہے، دہشتگردوں نے بھارتی ایماء پر بچوں پر حملہ کر کے جنگ اور انسانیت کے اصول پامال کر دیے، حملے میں ملوث عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے۔ یہاں جاری کردہ ایک مذمتی بیان میں سید حسنین ہاشمی نے کہا کہ بچوں کی کوئی سرحد نہیں ہوتی کسی بھی تنازعہ یا جنگ میں بچے ہمیشہ سے مبرا ہوتے ہیں خضدار میں اسکول بس کو نشانہ بنانا بدترین دہشتگردی اور سفاکیت ہے۔ انہوں نے کہا کہ قوم کو دہشتگردی کے خلاف یکجا اور یک زبان ہو کر پیغام دینا ہوگا معصوم بچوں کو نشانہ بنانا افسوسناک ہے اس عمل میں ملوث عناصر آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت پاکستان سے جنگ ہارنے کے بعد بوکھلاہٹ کا شکار ہے کالعدم تنظیموں کی پشت پناہی کے ذریعے بھارت پاکستان کو نقصان پہنچانا چاہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان تمام ثبوتوں کے ساتھ عالمی میڈیا کے سامنے بھارت کا اصل چہرہ بے نقاب کرے عالمی ممالک اور انسانی حقوق کی تنظیمیں بھارت کی اس

ریلوے کی اربوں روپے مالیت کی زمین واگزار

اپنی زمین واپس کرانے کا مکمل قانونی حق حاصل ہے، ریلوے حکام

اسلام آباد(زاہد احمد خان) ریلوے نے قبضہ مافیا کے خلاف قانونی کارروائی کے تحت زمین کی بازیابی کا عمل مکمل شفافیت سے جاری رکھا ریلوے حکام کا کہنا ہے کہ ریلوے پاکستان نے اپنی زمین پر قبضہ مافیا کے خلاف موثر اور قانونی کارروائی کرتے ہوئے اربوں روپے مالیت کی زمین واگزار کرا لی ہے۔ حکام ریلوے کا کہنا ہے کہ ریلوے کو اپنی زمین واپس کرانے کا مکمل قانونی حق حاصل ہے اور اس حق کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ قبضہ مافیا کے خلاف جاری کریک ڈاؤن میں ریلوے نے عدالت کے حکم کی خلاف ورزی کیے بغیر اپنی زمین اپنی تحویل میں لے لی ہے۔ اس حوالے سے خصوصی ٹیم تشکیل دی گئی تھی جو زمین کی بازیابی کے ہر انچ تک اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ ریلوے حکام نے واضح کیا ہے کہ غیر قانونی قبضہ کرنے والوں کو کوئی رعایت نہیں دی جائے گی اور زمین کی بحالی کے عمل میں شفافیت اور عدل کو اولین ترجیح دی جا رہی ہے۔

آرمی چیف نے پیشہ ورانہ صلاحیتوں سے دشمن کے عزائم کو خاک میں ملایا، نسیم الرحمن

جنرل سید عاصم منیر نے استقامت و حکمت عملی کی بدولت بھارت کی بلا اشتعال جارحیت کا بھرپور جواب دیا

زندہ قومیں ہمیشہ اپنے محسنوں کی عزت و تکریم کرتی ہیں، ان جیسے سپاہی قوم کے ماتھے کا جھومر ہوتے ہیں، مشیر

کوئٹہ(خ ن) صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمن خان ملا خیل نے چیف آف آرمی اسٹاف جنرل حافظ سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی ملنے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے تہنیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ جنرل سید عاصم منیر نے معرکہ حق کے دوران آپریشن "بنیان مرصوص" میں اپنی قائدانہ اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں سے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا۔ ان کی قیادت، دلیری اور تدبر نے ملک و قوم کو ناقابل فراموش کامیابیاں عطا کیں۔ نسیم الرحمن خان ملا خیل نے مزید کہا کہ اللہ تعالیٰ نے جنرل سید عاصم منیر کو بے مثال خوبیوں سے نوازا ہے، اور ان کی استقامت و حکمت عملی نے بھارت کی بلا اشتعال جارحیت کا بھرپور جواب دے کر دشمن کو منہ توڑ جواب دیا۔ انہوں نے کہا کہ جنرل سید عاصم منیر قوم کے سچے محسن ہیں، اور زندہ قومیں ہمیشہ اپنے محسنوں کی عزت و تکریم کرتی ہیں۔ ان جیسے سپاہی قوم کے ماتھے کا جھومر ہوتے ہیں

بھارت بلوچستان میں دہشتگردی پھیلا رہا ہے، حیربیار خان ڈومکی

کوئٹہ(یو این اے) سردارزادہ میر حیربیار خان ڈومکی نے خضدار میں معصوم بچوں کی اسکول وین کو نشانہ بنانے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ واقعہ انسانیت پر حملہ ہے اور اس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت بلوچستان میں اپنے ایجنٹوں کے ذریعے دہشتگردی پھیلا رہا ہے اور پاکستان کی جانب سے جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کے بعد دشمن اس قسم کے بزدلانہ حملے کر رہا ہے۔ سردارزادہ میر حیربیار خان ڈومکی نے کہا کہ پاکستانی قوم اور فوج بھارتی سازشوں کے خلاف متحد ہیں اور بھارت ریاستی پالیسی کے طور پر دہشتگردی کو فروغ دے رہا ہے۔

جنرل عاصم منیر کیلئے فیلڈ مارشل کا اعزاز قوم کا فخر ہے، ڈاکٹر ندیم

پاک فوج کی بدولت آج ہر پاکستانی کا سر فخر سے بلند ہے، سابق وزیر

اسلام آباد(بیورو رپورٹ) میری اور پوری قوم کی طرف سے جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے اعزاز سے نوازے جانے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد یہ تاریخی اعزاز قومی اتحاد، وقار اور خوشحالی کا نیا باب ثابت ہوگا یہ بات سابق وزیر صحت ڈاکٹر ندیم جان نے ایک بیان میں کہی ہے انہوں نے مزید کہا ہے یہ اعزاز عوام اور حکومت کے غیر متزلزل اعتماد اور عقیدت کا مظہر ہے جنرل عاصم منیر کی انتھک محنت، قیادت اور قربانیوں کا شاندار اعتراف ہے

یو این ڈی پی کے پاکستان میں سربراہ ڈاکٹر سیمیول، راحیلہ درانی اور ظلیل قادر خان کو رپورٹ پیش کر رہے ہیں

معصوم بچوں کو شہید کرنا تاریخ کی بدترین دہشتگردی ہے، مفتی وزیر

کوئٹہ(اے این این) قبائلی و سیاسی و مذہبی رہنماء تحریک لبیک پاکستان بلوچستان کے امیر مرکزی رکن شوریٰ مفتی وزیر احمد رضوی بلوچ نے کہا ہے کہ آج خضدار اسکول وین میں ہونے والے بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ ایک ناقابل بیان اور وحشیانہ عمل نے ہمارے ضمیر کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا ہے یہ واقعہ نہایت افسوسناک ہے۔ معصوم بچوں کو شہید کرنا تاریخ کا بدترین دہشتگردی ہے۔ بچوں کو شہید کرنیوالے انسان کہلانے کے لائق نہیں ہیں۔ ان دہشتگردوں کو نشان عبرت بنایا جائے تاکہ آئندہ کسی معصوم کا خون ناحق نہ بہا سکیں۔ دہشتگردی کے اس واقعے نے آج بہت سے گھروں کے چراغ گل کر دیئے

بلوچستان کی سرزمین کو عرصہ سے بھارت نے ہدف بنا رکھا ہے، دوستین ڈومکی

جنگی محاذ پر ناکامی کے بعد بزدلانہ حملوں کے ذریعے معصوم جانوں کا خون بہا کر اپنی شکست کا بدلہ لینا چاہتا ہے

سانحہ خضدار انسانیت پر حملہ اور قومی غیرت کے خلاف گھناؤنی سازش، جس کا حساب دشمن سے چکایا جائے گا، سینیٹر

کوئٹہ(خ ن) پاکستان مسلم لیگ کے مرکزی رہنماء اور رکن ایوان بالا سینیٹر میر دوستین خان ڈومکی نے سانحہ خضدار کو انسانیت پر حملہ اور قومی غیرت کے خلاف گھناؤنی سازش قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اسکول کے معصوم بچوں پر دہشت گردی کسی جنگ کا حصہ نہیں بلکہ دشمن کی بزدلی، بربریت اور سفاکی کی بدترین علامت ہے اپنے جاری ایک مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی سرزمین کو عرصہ دراز سے بھارت نے ہدف بنا رکھا ہے اور اب جب جنگی محاذ پر اسے ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا تو وہ بزدلانہ حملوں کے ذریعے معصوم جانوں کا خون بہا کر اپنی شکست کا بدلہ لینا چاہتا ہے خضدار کے اسکول میں بہنے والا ایک ایک قطرہ خون ہماری قومی غیرت کا قرض ہے جس کا حساب دشمن سے چکایا جائے گا سینیٹر دوستین ڈومکی نے کہا کہ یہ حملہ ہمیں سانحہ اے پی ایس کی طرح ہلا کر رکھ دینے والا واقعہ ہے فرق صرف اتنا ہے کہ اس بار دشمن نے بلوچستان کو چنا اور نشانہ وہی معصوم بچے بنے جن کے بستوں میں کتابیں تھیں، بارود نہیں۔ بھارت کی خفیہ ایجنسی را کی مداخلت کے ثبوت ناقابل تردید ہیں، اور یہ واقعہ اسی تسلسل کا ایک خونی باب ہے انہوں نے کہا کہ وقت آ گیا ہے کہ دشمن کو اس کی

صوبائی وزیر صادق عمرانی سے میر نظام الدین لہڑی، چنگیز خان جمالی ملاقات کر رہے ہیں

آرمی چیف کی قیادت میں معرکہ حق میں تاریخی کامیابی حاصل ہوئی، سلیم کھوسہ

آپریشن بنیان مرصوص کی شاندار کامیابی اور دشمن کے عزائم خاک میں ملانے پر آرمی چیف مبارکباد کے مستحق ہیں

دشمن کا دلیرانہ دفاع کے اعتراف میں، جنرل سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی ملنا خوش آئند ہے

کوئٹہ(پ ر) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ وفاقی کابینہ کی جانب سے آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی دینے کی منظوری پر دلی مبارکباد اور خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پوری پاکستانی قوم کو معرکہ حق کے دوران آپریشن بنیان مرصوص کی شاندار کامیابی اور دشمن کے عزائم خاک میں ملانے آپریشن بنیان مرصوص کی اعلیٰ حکمت عملی اور دلیرانہ قیادت کی بنیاد پر ملک کی سلامتی کو یقینی بنانے اور دشمن کو شکست فاش دینے پر جنرل سید عاصم منیر (نشان امتیاز ملٹری) کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی دینے پر پوری قوم جنرل سید عاصم منیر کو مبارکباد پیش کرتی ہے صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم کھوسہ نے مزید کہا کہ 6 اور 7 مئی 2025 کی رات بھارت نے پاکستان پر بلا اشتعال اور بلا جواز جنگ مسلط کی، پاکستان کی سول آبادی میں معصوم شہریوں بشمول خواتین اور بچوں کو بزدلانہ وار نشانہ بنایا اور پاکستان کی خود مختاری اور سرحدی سالمیت کو پامال کرنے کی مذموم کوشش کی لیکن چیف آف آرمی اسٹاف جنرل سید عاصم منیر نے مثالی جرأت اور عزم کے ساتھ پاک فوج کی قیادت کی اور مسلح افواج کی جنگی حکمت عملی اور کاوشوں کو بھرپور طریقے سے ہم آہنگ کیا۔ آرمی چیف کی بے مثال قیادت کی بدولت پاکستان کو معرکہ حق میں تاریخی کامیابی حاصل ہوئی ان کی شاندار عسکری قیادت، جرأت، اور بہادری، پاکستان کی خود مختاری اور علاقائی سالمیت کو یقینی بنانے اور دشمن کے مقابلے

مہاجروں کیلئے کام کرنیوالے حکام کا دورہ ایف آئی اے ہیڈ کوارٹر

مہاجرین کی غیر قانونی اسمگلنگ سے متعلق بدلتے ہوئے چیلنجز پر بات چیت

اسلام آباد(زاہد احمد خان) بین الاقوامی مرکز برائے مہاجرت پالیسی ڈویلپمنٹ (ICMPD) کے ایک وفد نے، جو کہ فواد حیدر، ہیڈ آف آفس پاکستان، کی قیادت میں تھا، وفاقی تحقیقاتی ادارہ (FIA) کے ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا۔ وفد نے ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے رفعت مختار سے ملاقات کی جس میں غیر قانونی ہجرت، سائبر کے ذریعے انسانی اسمگلنگ، اور استعداد کار میں اضافے سے متعلق جاری اور مستقبل کے ممکنہ تعاون کے شعبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران دونوں فریقین نے ادارہ جاتی رابطہ کاری کو بہتر بنانے، موثر نظام سازی کو مضبوط کرنے، اور عوامی شعور بیدار کرنے کی مہمات کو فروغ دینے کی اہمیت پر زور دیا تاکہ انسانی اسمگلنگ اور مہاجرین کی غیر قانونی اسمگلنگ سے متعلق بدلتے ہوئے چیلنجز کا موثر طور پر مقابلہ کیا جا سکے۔ ڈی جی ایف آئی اے نے محفوظ، قانونی اور انسانی حقوق پر مبنی ہجرت کو فروغ دینے کے لیے ICMPD کی تکنیکی معاونت کو سراہا، اور قومی و بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ قریبی رابطہ کاری کے ذریعے بین الاقوامی جرائم کے خلاف ایف آئی اے کے عزم کا اعادہ کیا۔ ملاقات کا اختتام اس مشترکہ عزم کے ساتھ ہوا کہ تعاون کو مزید گہرا کیا جائے گا اور بین الاقوامی جرائم کے خلاف نئی راہیں تلاش کی جائیں گی۔

خضدار حملہ انسانیت سوز اور دلخراش واقعہ ہے، صالح بھوتانی

کوئٹہ(این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے صوبائی صدر سردار محمد صالح بھوتانی نے خضدار میں اسکول جانے والے بچوں کی بس پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت اور واقعہ میں معصوم بچوں سمیت پانچ افراد کی شہادت پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ خضدار حملہ انسانیت سوز اور دلخراش واقعہ ہے معصوم بچوں کو نشانہ بنانا کسی بھی صورت قابل قبول عمل نہیں ہے۔ یہاں جاری کردہ ایک بیان میں سردار محمد صالح بھوتانی نے کہا کہ بچوں کو نشانہ بنانا بد ترین عمل ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے اس دلخراش واقعہ نے نہ صرف بلوچستان بلکہ پوری قوم کو رنجیدہ کر دیا ہے

جنرل عاصم منیر نے عسکری نظم و ضبط و قومی وقار کو نئی بلندی عطا کی، عبدالرحمن کھیتران

آرمی چیف کی پیشہ ورانہ مہارت، تدبر اور جرأت ملکی افواج پر قوم کے اعتماد کی روشن علامت ہے، صوبائی وزیر

فیلڈ مارشل کا اعزاز ان کے شایان شان ہے، جنرل عاصم منیر کا وژن قومی سلامتی، وحدت اور ترقی کی ضمانت ہے

کوئٹہ(خ ن) صوبائی وزیر برائے پی ایچ ای سردار عبدالرحمن کھیتران نے جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر فائز ہونے پر دلی اور پر تپاک مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے اس اعزاز کو نہ صرف جنرل عاصم منیر کی پیشہ ورانہ مہارت، تدبر اور جرأت کا اعتراف قرار دیا بلکہ ملکی افواج پر قوم کے اعتماد کی روشن علامت بھی کہا۔ سردار کھیتران نے کہا کہ جنرل عاصم منیر نے عسکری نظم و ضبط، قومی وقار اور استقلال کو ایک نئی بلندی عطا کی ہے۔ ان کی قیادت میں پاکستان کی سرحدیں محفوظ، اور عوام پُر اعتماد ہیں، اس لیے فیلڈ مارشل کا اعزاز ان کے شایان شان ہے۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ جنرل عاصم منیر کا وژن قومی سلامتی، وحدت اور ترقی کی ضمانت ہے، اور ان کی قیادت میں پاکستان ایک باوقار، مضبوط اور محفوظ ریاست کی جانب گامزن ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی اداروں کی مضبوطی میں سپہ سالار کا کردار بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ سردار کھیتران نے فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کی مدبرانہ قیادت کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے عوام ان کی حکمت اور بصیرت کے معترف ہیں، اور ان کی کامیابی کو ملک و قوم کے لیے باعث فخر سمجھتے ہیں۔

Gas leakage is a major environmental hazard – report if you see one

Sui Southern Gas Company Limited

SSGC

Tender Notice # 017/25

Tender No. SSGC /	DESCRIPTION	Bid Submission Date/Time
	Sui Southern Gas Company Limited (SSGC) is Pakistan's leading integrated gas Company. The company is engaged in the business of transmission and distribution of natural gas in franchise area of Sindh & Balochistan. Sealed quotations are invited for the following requirements in Foreign Currency on FOB/C&F Basis. However, bids of "LOCAL MANUFACTURERS" are also acceptable in PKR on FOR basis (As per SRO 827(1)/2001) (As per Specs./BOQ attached with T/Doc.)	
FP/PTI 13798	Supply, Training, Installation, Testing & Commissioning of Plastic Injection Molding Machine, Qty=4 Nos. (As per Specification) (On Complete Package Basis & On Turnkey Basis) (Under Single Stage Two Envelope Bidding Procedure)	23-06-25 1000 Hrs.
FP/PTI/EPA DS/13800	Mixed Metal Oxide Anodes, Qty=240 Nos. (As per Specification) (Under Single Stage Two Envelope Bidding Procedure)	23-06-25 1100 Hrs.
FP/PTI 13802	Pressure Control Valve, 2" Dia. Class 600, RTJ, Qty=6 Nos. (As per Specification) (Under Single Stage Two Envelope Bidding Procedure)	23-06-25 1130 Hrs.
	Sealed quotations are invited for the following requirements in Local Currency: (As per Specs./BOQ attached with T/Doc.)	
LP/EPADS/ 2069413	Different Types of Spares for Drilling & Tapping Machine (i.e. Special Stepped Drill 3.2mm x 7.5mm, Tap Forging M4 x 0.7, Drill 3.65mm Dia, Tap M-3 X 0.5, TAP M-13 X 1, Threading Die 7/8 With Complete Set), T/Item=6 & T/Qty=2,850 Nos. (As per specification / drawing) (Under Single Stage One Envelope Bidding Procedure).	12-06-25 1000 Hrs.
LP/EPADS/ 2069415	Spares for Gas Turbine Compressors: ♦ Manifold, Qty=02 Nos ♦ Differential Pressure Transmitter, Qty=02 Nos. (As per specification) (Under Single Stage One Envelope Bidding Procedure).	12-06-25 1030 Hrs.
SC / 13803	Rental Premises for Sub Zonal Office, for Golarchi, Hyderabad region. Having Atleast 2 to 4 Roomss Additional Room / Storage Space Would Added Advantage Admeasuring Total Area of 1500 To 5000 Sq.Ft. Premises Must Have Sufficient Parking Area (Interested Parties having legally cleared with valid title/ownership documents of premises are Eligible to Participate) (Under Single Stage One Envelope Bidding Procedure).	11-06-25 1000 Hrs.
SC / 13804	Rental Premises for Sub Zonal Office Baldia Zone, Admeasuing Total Area of 2500 to 3000 Sq.Ft. Premises Must Have Sufficient Parking Area for Vehicles, Should be Located In The Main Area of Baldia (Interested Parties having legally cleared with valid title/ownership documents of premises are Eligible to Participate) (Under Single Stage One Envelope Bidding Procedure).	11-06-25 1030 Hrs.
SC / 13805	Rental Premises for Central Regional Office and Allied Offices of Karachi Region Having at Least 25 Rooms & at Least 15 Washrooms, Admeasuring Total Area of Up to 1500 Sq.Yd. A Spacious Hall to Cater CFC & Sufficient Parking area for 25 vehicles should be located near PECHS off the Shahr-e-Faisal (Interested Parties having legally cleared with valid title/ownership documents of premises are Eligible to Participate) (Under Single Stage One Envelope Bidding Procedure).	11-06-25 1100 Hrs.
SC/EPADS/ 13806	Construction of Civil Works on 42" Dia. Ring-2 At Rs-4, (Jhampir), LHF (HQ-3), MVA Massu Bhugari & MVA Shahadpur (As per Criteria/TOR/BOQ) (Having Valid PEC Certificate Category C-6 or above with Sub-Category CE-08, CE-10) (Under Single Stage Two Envelope Bidding Procedure) (On Complete Package Basis)	11-06-25 1130 Hrs.
SC/EPADS/ 13807	Ditching & Backfilling and Allied Activities/Excavation of Trenches for Laying of 2" & 4" Dia. Steel Gas Pipeline Soft Padding & Soft Cushioning of Hard Soil for Reinf. Augmentation of 1" Dia. With 2" Dia at Alamdar Road, District Quetta (Total 3,816 meters) (As Per Criteria/TOR/BOQ) (Having Valid PEC Certificate Category C-6 or Above) (Under Single Stage Two Envelope Bidding Procedure) (On Complete Package Basis).	11-06-25 1200 Hrs.
SC/EPADS/ 13808	Annual Maintenance and Service Contract CCTV Cameras & Other Equipment's 2025-2026 Lot-1 Karachi Region, Lot-2 Interior Sindh Region, Lot-3 Balochistan Region (Under Single Stage Two Envelope Bidding Procedure) (Having Valid PEC Certificate Category C-6 or above with Sub-Category EE-02) (Lot Wise Package Basis)	11-06-25 1100 Hrs.
	EXTENSION / CORRIGENDUM / CANCELLATION	
FP / 13756	Bid submission date extended, for detail kindly refers to original Tender Notice # 013/25, Dt: 18-Apr-2024 @ Express Tribune & Dunya.	03-06-25 1030 Hrs.
FP / 13760	Bid submission date extended, for detail kindly refers to original Tender Notice # 013/25, Dt: 18-Apr-2024 @ Express Tribune & Dunya.	03-06-25 1130 Hrs.
SC / 13772	Bid submission date extended, for detail kindly refers to original Tender Notice # 014/24, Dt: 25-April-2025 @ Business Recorder & Express.	26-05-25 1000 Hrs.
SC / 13736	Bid submission date extended, for detail kindly refers to original Tender Notice # 010/25, Dt: 23-Mar-2024 @ Express Tribune, Jahan-Pakistan.	05-06-25 1000 Hrs.
SC / 13753	Bid submission date extended, for detail kindly refers to original Tender Notice # 013/25, Dt: 18-April-2024 @ Express Tribune, Dunya.	02-06-25 1000 Hrs.
SC / 13778	Bid submission date extended, for detail kindly refers to original Tender Notice # 014/24, Dt: 25-April-2025 @ Business Recorder & Express.	02-06-25 1530 Hrs.
FP / 13731	Kindly amend to read tender description as: "Self-Operated Regulators, Sizes: 2", 4" & 6", T/Item = 5 & T/Qty = 634 Nos. (As per Specification) (On FOB/C&F/FOR Basis) (Under Single Stage Two Envelope Bidding Procedure)". instead of existing	28-04-25 1030 Hrs.
LP / 2063372,1	**Kindly amend to read tender description as:** ♦ Air-Conditioner Split Type, 18000BTU, 220/240 VAC, 50HZ, Single Phase, Qty=15 Nos. ♦ Air-Conditioner Split Type, 24000BTU, 230VAC, 50HZ, Single Phase, Qty=02 Nos. ♦ Air-Conditioner (Explosion Proof) Split Type, Wall Mounted, 220/240 VAC, 50 HZ, Single Phase, 5-7 AMPS, 1100-1150W, Qty=02 Nos. ♦ Air-Conditioner Split Type (1. 5 Ton),DC Inverter, 5300 - 5700 W, 220/240 VAC, 50 HZ, Single Phase, 3-10 AMPS, 10.5 AMPS, 500-700 CFM, 1000-1150 R/MIN, 40-48 dBA, Qty=01 No. (As per specification) (Bidder should be OEM Authorized Dealer/Sub-Dealer, having sales / service dealership certificate)(Under Single Stage One Envelope Bidding Procedure). instead of existing. Further the bid submission date has been extended till 30-05-25 @ 1000 Hrs.	30-05-25 1000 Hrs.
LP / 2052172-3	Gas Engine Generator (As Per Specification) (Bidder Should be of OEM of Engine's authorized dealer/Sole agent) (Local agent should have certification for quality management system ISO 9001 or ISO 45001 and Health & Safety management System ISO 18001 / ISO 45001) (Bidder should provide Valid PEC License with relevant field of Specialization Code-EE04/05, ME-03) (Tender is on Complete Package basis) (Under Single Stage One Envelope Bidding Procedure). ♦ Gas Engine Generator Set (70-75) KVA With Imported Sound Proof Canopy, >_10% More Than Rated Capacity, 1000-1500 Rpm, Continuous Operation @ Constant Load, 0.8-1.0 Power Factor, 400/230 Volt, 50 Hz, 3-Phase, 4 Wires, Neutral Grounded Qty=01 Nos.♦ Consumable Item Including But Not Limited Air Filter, Oil Filter, Spark Plug Etc. for Two Years for Above Mentioned Gensets As Per Recommendation Of OEM Qty=01 Rate Only. ♦ Critical Spares Inventory for Above Gensets, As Per Recommendation by OEM for Two Years Qty=01 Rate Only. ♦ Installation, Testing & Commissioning Of Above Mentioned Generator Set, As Per Manufacturer Approved Recommendations Drawings & Standards @ Nazimabad Zonal Office, Karachi Qty=01 Lot.	Cancelled

Notes:

1. Tender document contains detail terms & Conditions method of procurement, procedure for submission of bids, bid submission, bid validity, opening of bid, evaluation criteria clarification / rejection of bid, performance bank guarantee etc.
2. Tender documents can be obtained from Tender Room, Ground Floor, CRD Building, Head Office Complex, Sir Shah Suleman Road, Gulshan-e-Iqbal, Karachi-75300 on payment of Rs. 3000/- for Press Tender through Pay Order / Demand Draft / or SSGC's Cash Receipt from **Monday to Friday between 0900 to 1600 Hrs.**
3. Request letter for issuances of tender documents should be supported with:
a) Copy of valid GST, NTN & SST registration certificate (where applicable) & bidder should be active taxpayer as per FBR Database.
b) Undertaking on non-judicial stamp paper of Rs 100/- Certifying that supplier(s) is/are not temporarily or permanently debarred from any Government agency/authority/department (without bearing any responsibility on SSGC whatsoever in this regard).
c) Copies of all relevant Certificates/Authorization letter must be attached (where required) mentioned with Tender Enquiry.
4. Sealed bids to be submitted at the address stated above at SR# 2 on or before the bid submission date & time. Bids will be opened publicly 30 minutes after bid submission time, bids submitted after deadline of bid submission will not be entertained. In case the bid opening date falls on holiday, bids will be opened on the next working day at the same time, in the presence of bidders or their authorized representatives who may intend to attend. In the event, if Sir Shah Suleman Road is closed for traffic, the bidders can approach to SSGC-Head Office from the DC-East Office through rear gate of SSGC-Head Office.
5. For more than one principal / Manufacturer, a separate original tender document has to be purchased.
6. Bidders are essentially to provide correct and latest postal, e-mail & web addresses, phone/cell/fax numbers at the time of purchase of tender documents for effective and timely communication.
7. SSGC reserves the right to reject all bids or proposals and cancel the bidding process before acceptance of bid or Proposal
8. As per SRO296(1)/2023 dated 08th March 2023 "E-Pak Procurement Regulations, 2023" all bidders are advised to register in e-Pak Acquisition and Disposal System (EPADS).
9. Quoted price shall be inclusive of all taxes, except GST, which shall be mentioned separately.
10. Tender document is also available online on SSGC website for view only. Bidder is eligible to participate in bidding process only after purchasing the tender documents from Tender Room SSGC Head Office as per the procedure mentioned in the Press Publication / SSGC website. It is mandatory for bidders to attach original Token Slip in front of the Sealed Envelope (issued at the time of Purchasing) as an evidence that supplier has purchased the Tender documents. Further, any Corrigendum/Clarifications/Addendums/Extensions issued to be notified to only those bidders who have purchased Tender documents.

For further details, please visit SSGC website www.ssgc.com.pk. The above information is also available on PPRA website www.ppra.org.pk and contact: Manager (TE) Ph# 92 - 21 - 99021279, Manager (SC) Ph# 92 - 21 - 99021238 or Deputy Manager (FP) Ph# 92 - 21 - 99013074 : e-mail: mmte@ssgc.com.pk.

PID(K)3578/24

TENDER NOTICE

The Government Of Balochistan Cheif Officer Municipal Committee Jiwani Department invites a sealed Tender/Bid for execution of various development works under the scheme as per policy, from eligible contractors/firm with the Bid Security @ 2% of estimated cost in shape of Call Deposit (Refundable). The non-refundable Tender Form Fee **Rs.1500/- for each tender** to be deposited in **Cash Deposit, Tender Fee Rs. 1500/- and bid Security 2% of Estimated Cost for each work**

S#	Name of Work	E/Cost
1	SUPPLY AND PROVISION OF CUSTOMIZE WASTE COLLECTION RICKSHAW 150CC JIWANI DISTRICT GWADAR **TSE-242505721691**	4.80 M
2	SUPPLY AND PROVISION OF CUSTOMIZE WASTE COLLECTION RICKSHAW 200CC, CUSTOMIZE RICKSHAW WATER BOWSER 1500 LITER AND FOGGER SPRAY MACHINE AT MC JIWANI **TSE-242505721771**	4.15 M
3	SUPPLY AND PROVISION OF DEWATERING PUMPS, ROOD SWEEPER BRUSH AND REPAIR AT MC JIWANI **TSE-242505722131**	2.25 M
4	SUPPLY AND PROVISION OF WASTE COLLECTION CONTAINER METAL DUSTBIN AT MC JIWANI **TSE-242505722201**	3.80 M

Procurements shall be made under BPP Rules 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 4,500,000 PKR Amount in 3 subsequent previous years showing financial capacity of the fir **Method of Procurement:** Single Stage-Two Envelope Procedure. **Bid Security**: The bids must accompany Bid Security (2%) in the form of Call Deposit or Bank Guarantee (Bank's certificate is mandatory) of amount specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents**: The bidding documents can be downloaded from BPPRA website. Bid Validity Period: 90 days **Issuance of tender Documents**: From the date of publication, during office hours of any working day. **Last Date of bid submission**: The Tenders should be submitted on 04-06-2025 till 10:00 AM Sharp at the office of the undersigned. **Tender opening**: All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:00 AM. Address: Office the Municipal committee Jiwani **Note**:- The Tender Opening Committee/Bid Evaluation Committee reserves the right (Delegated by the BPPRA Rules 2014) that either accept or reject any or all the offers/quotations prior to the acceptance of a bid.a.The Contractor/Firm not qualifying the basic eligibility criteria will not be entertained in the bidding process. b. The bidder/firm should quote all the BOQs otherwise the bidding would be considered non-responsive.

Phone no: 3152282281 **Email:** Ghaus 123@gmail.com

CHIEF OFFICER MUNICIPAL COMMITTEE JIWANI

AB No.1134/21-5-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Chief Officer Municipal Committee Uthal invites sealed percentage tender based on composite schedule of rates 2023, GOB, amended up-to-date from interested contractors / firms for the works listed below; **Time Limit 06 Month, Earnest Money 2%. Tender Fee Rs.1000/- and Bid Security 2% for each work.**

S#	NAME OF WORK	E/COST
1.	Installation of Solar Street Lights Mouza Gub Kori, Mouza Torri Uthal. **TSE-242505721713**	1.5 M
2.	Installation of Solar Street Lights at Babo Mohalla Uthal. **TSE-242505722043**	0.7 M
3.	Digging of Bore with Solar System at Goth Wali Muhammad Janobi Dambi Uthal. **TSE-242505722083**	1.5 M
4.	Digging of Bore With Solar System at Mouza Awadan Uthal. **TSE-242505722123**	1.5 M
5.	Digging of Bore With Solar System at Goth Usman Mouza Kandiaro Uthal **TSE-242505722163**	3.0 M
6.	Digging of Bore with Solar System Goth M.Ali Jannar & Construction of Sewerage System at Morand Colony Uthal. **TSE-242505722353**	3.7 M

Regulatory, Rules 2014 and Pakistan Engineering Council By-Laws. Basic Eligibility: The Contractor must have fresh valid registration i.e. 2025 registered with Pakistan Engineering Council (PEC) in relevant category code and registration with tax authorities i.e. (NTN, sales tax Department and BRA). The bidders must have completed (3) assignment of similar nature of works in last (3) years according to estimated cost. The bidder must submit their last three years bank statements and turnover according to estimated cost. All pages must be signed, stamped and marked from 1st to last page Further criteria are mentioned in bidding documents. **METHOD OF PROCUREMENT**: Single stage – One envelope Bidding procedure. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS**: **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Deposit at Call** of **2%**specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Issuance**: Documents will be issued from the date of publication till submission date and time on production of green Challan form amounting Rs: **(1000)** Non-refundable – (as bidding documents charges) deposited in the account of Chief Officer Municipal Committee Uthal(NBP Uthal Branch **(4048275149)** **Submission**: Last date of Submission will be **(05-06-2025), at 11:00.am) Opening**: The tender document will be opened on **(05-06-2025) at (12:00pm)**(bid will be opened within one hour of the deadline for submission of bids), before procurement committee in the presence of contractors or their authorized representatives. **Place**: of issuance, submission, inquiries and opening will be :-
Address: **Office of the Municipal Committee Uthal**
Phone No: 0853-920015
E-mail address: municipalcommitteeuthal@gmail.com
Eligibility of Bidders: Presence in Active Tax Payer List. The bidding firm must not be black listed by any procuring agency of Pakistan. Balochistan Revenue Authority Registration is required.

CHIEF OFFICER MUNICIPAL COMMITTEE UTHAL

AB No.1128/21-5-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر۔ پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن ہالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ
ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔2835934-2830228
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

جمعرات 22 مئی 2025ء

کم لاگت رہائشی منصوبوں سے متعلق وفاقی حکومت کا اہم فیصلہ!!

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ ملکی معیشت کی پائیدار ترقی کے لئے تعمیراتی شعبے کی ترقی کلیدی اہمیت کی حامل ہے، کم لاگت رہائشی منصوبوں کی فنانسنگ کی سفارشات کو بجٹ تجاویز کا حصہ بنایا جائے۔ یہ ہدایت انہوں نے گزشتہ روز کم لاگت رہائشی منصوبوں کے لئے قائم کردہ ٹاسک فورس کے جائزہ اجلاس میں دی اجلاس کو ٹاسک فورس کی جانب سے تعمیراتی شعبے بالخصوص کم لاگت رہائشی منصوبوں کے آغاز سے متعلق اب تک کی پیشرفت پر بریفنگ دی گئی جلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کم لاگت ہاؤسنگ منصوبوں سے گھروں کے حصول میں آسانی پیدا کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، کم لاگت ہاؤسنگ منصوبوں سے نہ صرف رہائشی منصوبے عام آدمی کی دسترس میں آئیں گے بلکہ ملکی معیشت ترقی کرے گی اور روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملکی معیشت کی پائیدار ترقی کے لئے تعمیراتی شعبے کی ترقی کلیدی اہمیت رکھتی ہے۔ کم لاگت رہائشی منصوبوں کی فنانسنگ سفارشات کو بجٹ تجاویز میں شامل کرنا اہمیت کا حامل فیصلہ ہے جس سے عوام کے رہائشی مسائل حل ہوں گے۔ پاکستان کی بڑھتی ہوئی آبادی کے تناظر میں اس نوع کے فیصلے انتہائی ناگزیر ہیں ہر شہری کا یہ بنیادی حق ہے کہ اسے سر چھپانے کے لئے ایک محفوظ اور باعزت چھت میسر ہو۔ بدقسمتی سے، ملک کے ایک بڑے طبقے کے لئے مہنگائی اور بڑھتی ہوئی تعمیراتی لاگت کی وجہ سے اپنا ذاتی گھر بنانا ایک خواب ہی بن کر رہ گیا ہے۔ ایسے میں، وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے کم لاگت رہائشی منصوبوں کی فنانسنگ سفارشات کو آئندہ بجٹ کا حصہ بنانے کی حالیہ ہدایت ایک انتہائی قابل ستائش اور عوامی فلاح پر مبنی اقدام ہے۔ یہ فیصلہ نہ صرف وفاقی حکومت کی عوامی بہبود کے عزم کا مظہر ہے بلکہ یہ ملک میں رہائشی بحران سے نمٹنے کے لئے ایک دوررس اور عملی حکمت عملی کا آغاز بھی ہے۔ ہم اس بیان اور فیصلے کا تہہ دل سے خیر مقدم کرتے ہیں، کیونکہ یہ براہ راست عوام کی سب سے بڑی ضرورت کو پورا کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ اسے عام آدمی کی مشکلات کا مکمل ادراک ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں، یہ حکومت پسماندہ طبقے کی زندگیوں کو بہتر بنانے کے لئے مسلسل کوشاں ہے۔ کم لاگت رہائشی منصوبوں کو بجٹ کا حصہ بنانے کا مطلب ہے کہ اب ان منصوبوں کے لئے مالی وسائل کی فراہمی کو ترجیح دی جائے گی، اور یہ محض ایک عارضی حل نہیں بلکہ ایک دیرپا پالیسی کا حصہ بن جائے گا۔ اس سے نہ صرف پسماندہ اور متوسط طبقے کے لئے سستی رہائش کی سہولیات میسر آئیں گی بلکہ تعمیراتی شعبے میں بھی نئی جان آئے گی، جو بالواسطہ طور پر روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینے کا باعث بنے گا رہائش کی دستیابی کا براہ راست تعلق معاشی استحکام اور سماجی بہبود سے ہے۔ جب ایک خاندان کے پاس اپنی چھت ہوتی ہے، تو انہیں ایک قسم کا تحفظ اور استحکام کا احساس ہوتا ہے۔ اس سے وہ اپنے بچوں کی تعلیم اور دیگر ضروریات پر زیادہ توجہ دے سکتے ہیں، کم لاگت رہائشی منصوبوں کے ذریعے، وفاقی حکومت نہ صرف شہریوں کو بنیادی سہولیات فراہم کر رہی ہے بلکہ انہیں ایک باعزت اور مستحکم زندگی گزارنے کے قابل بھی بنا رہی ہے۔ یہ اقدام سماجی ناہمواریوں کو کم کرنے میں بھی مدد دے گا، کیونکہ یہ پسماندہ طبقے کو بھی معاشرے کے مرکزی دھارے میں شامل ہونے کا موقع فراہم کرے گا اس منصوبے کی مالی اعانت کے لئے بجٹ میں شامل کرنا یہ ظاہر کرتا ہے کہ حکومت اس مسئلے کو کتنی سنجیدگی سے لے رہی ہے۔ اس سے نہ صرف نجی شعبے کی سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی ہوگی بلکہ بین الاقوامی فنانسنگ اداروں کی توجہ بھی اس جانب مبذول ہوگی۔ حکومت کا یہ فیصلہ ایک ایسا جامع نقطہ نظر پیش کرتا ہے جو نہ صرف رہائش کی قلت کو دور کرے گا بلکہ اس سے جڑے دیگر سماجی و معاشی مسائل کو بھی حل کرنے میں معاون ثابت ہوگا۔ اس سے ملک بھر میں تعمیراتی سرگرمیاں تیز ہوں گی، جس کے نتیجے میں سیمنٹ، سٹیل، اینٹوں اور دیگر تعمیراتی مواد کی صنعتوں کو فروغ ملے گا، اور ہزاروں افراد کے لئے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ یہ ایک ایسا چکر ہے جو مجموعی ملکی معیشت کو تقویت دے گا۔ موجودہ وفاقی حکومت نے ہمیشہ عوامی فلاح کو اپنی ترجیحات میں سب سے اوپر رکھا ہے۔ مشکل معاشی حالات کے باوجود، حکومت نے عوام کو ریلیف فراہم کرنے اور ان کی زندگیوں کو بہتر بنانے کے لئے متعدد اقدامات کئے ہیں۔ کم لاگت رہائشی منصوبوں کو بجٹ کا حصہ بنانے کا فیصلہ اس بصیرت افروز قیادت کا منہ بولتا ثبوت ہے جو عوام کی حقیقی ضروریات کو سمجھتی ہے اور انہیں پورا کرنے کے لئے ٹھوس اقدامات کرتی ہے۔ یہ صرف ایک پالیسی نہیں بلکہ ایک وژن ہے جو ایک ایسے پاکستان کی تعمیر کا خواب دیکھتا ہے جہاں ہر شہری کو بنیادی سہولیات میسر ہوں، اور کوئی بھی بنیادی ضروریات سے محروم نہ رہے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے یہ اقدام نہ صرف ملک کے اندر سے تعریف و تحسین کا مستحق ہے بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی اسے سراہا جائے گا۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان ایک فلاحی ریاست بننے کی راہ پر گامزن ہے، جہاں حکومت اپنے شہریوں کی فلاح و بہبود کو سب سے زیادہ اہمیت دیتی ہے۔ اس طرح کے منصوبے بین الاقوامی اداروں اور سرمایہ کاروں کی توجہ بھی اپنی جانب مبذول کراتے ہیں، جو پائیدار ترقی اور سماجی مساوات کے فروغ کے لئے ایسے اقدامات کی حمایت کرتے ہیں۔ بلاشبہ، کم لاگت رہائشی منصوبوں کو بجٹ کا حصہ بنانا ایک شاندار آغاز ہے۔ تاہم، اس منصوبے کی کامیابی کا انحصار اس کی موثر منصوبہ بندی اور شفاف عمل درآمد پر ہوگا۔ حکومت کو یہ یقینی بنانا ہوگا کہ یہ منصوبے حقیقی مستحق افراد تک پہنچیں اور ان میں کسی قسم کی بدعنوانی یا تاخیر نہ ہو۔ اس کے لئے ایک مضبوط نگرانی کا نظام وضع کرنا ہوگا، اور یہ بھی یقینی بنانا ہوگا کہ تعمیراتی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے اس کے علاوہ، زمین کی دستیابی، تعمیراتی لاگت میں استحکام، اور فنانسنگ ماڈلز کو مزید پرکشش بنانے جیسے چیلنجز پر بھی قابو پانا ضروری ہوگا خلاصہ کلام یہ کہ فنانسنگ سفارشات کو بجٹ کا حصہ بنانے کی ہدایت ایک انقلابی قدم ہے۔ یہ ایک ایسا فیصلہ ہے جو لاکھوں پاکستانیوں کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لائے گا۔ یہ اقدام نہ صرف رہائشی بحران کو حل کرنے میں مدد دے گا بلکہ معاشی سرگرمیوں کو فروغ دے کر روزگار کے مواقع بھی پیدا کرے گا یہ اقدام ایک ایسے نئے باب کا آغاز ہے جہاں ہر شہری کو اپنی چھت کا خواب پورا کرنے کا موقع ملے گا، اور یہ ایک مضبوط، خوشحال اور پرامن پاکستان کی بنیاد بنے گا۔

دلوں کے فیلڈ مارشل کو خوش آمدید

جنرل سید عاصم منیر، جو اب فیلڈ مارشل بھی ہیں، پاکستان کی حالیہ تاریخ میں ایک مرکزی شخصیت کے طور پر ابھرے ہیں اور ان کی قیادت نے اندرونی اور بیرونی دونوں محاذوں پر قوم کی سمت پر گہرا اثر ڈالا ہے۔ فیلڈ مارشل کے ممتاز عہدے پر ان کی ترقی، جو پاکستان کی تاریخ میں اس سے پہلے صرف ایک بار دی گئی، ایک نادر اعزاز ہے اور سنگین قومی بحران کے وقت ان کی غیر معمولی سٹریٹجک بصیرت اور بہادرانہ کمان کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ جنرل عاصم منیر کی قیادت کا امتحان اس وقت شروع ہوا جب بڑھتی ہوئی کشیدگی کے دوران بھارتی میزائل اور ڈرون حملوں کی صورت میں پاکستانی فضائی اڈوں اور شہروں پر حملے ہوئے۔ اس جارحیت کے پیش نظر، جنرل عاصم منیر کی صلاحیتوں کا فوری امتحان ہوا۔ جوابی حملوں سے پہلے بھی انہوں نے غیر متزلزل عزم کا مظاہرہ کیا اور عوامی سطح پر پاکستان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا۔ ان کے طاقتور بیانات، جو اکثر قرآن پاک سے متاثر تھے اور اللہ کی مدد سے چھوٹی افواج کی بڑی افواج پر تاریخی فتوحات پر زور دیتے تھے، حکمت عملی کے تحت ملکی مورال کو بڑھانے اور دشمن کو ایک واضح پیغام دینے کے لیے بنائے گئے تھے اور ان کا مقصد یہ تھا کہ دنیا کو بتا دیا جائے کہ پاکستان کو ڈرایا نہیں جا سکتا۔ روحانی طاقت اور انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) کے ٹھوس اعلانات کا یہ امتزاج پاکستان کے مضبوط اور فیصلہ کن جواب کے لیے میدان کو احتیاط سے تیار کرنے کے لیے استعمال کیا گیا۔
سب سے اہم بات یہ کہ جنرل عاصم منیر کی قیادت نے پاکستانی مسلح افواج کو ہائی الرٹ پر رکھا، جو فوری اور موثر جوابی کارروائی کے لیے تیار تھی۔ انہوں نے پوری صورتحال کی باریک بینی سے نگرانی کی، جس سے ان کی کمانڈ میں اعلیٰ ترین سطح پر ہموار ہم آہنگی اور تیز رفتار فیصلہ سازی کا مظاہرہ ہوا۔ آپریشن بنیان مرصوص کے دوران جنرل عاصم منیر کا سب سے اہم کردار جوابی منصوبے کو تشکیل دینے اور اس کی نگرانی میں ان کی سٹریٹجک ذہانت تھی۔ آپریشن کی شاندار کامیابی کئی اہم عناصر پر منحصر تھی اور یہ سب ان کی بصیرت افروز قیادت کے نمایاں اثرات ہیں۔
بھارتی حملوں کے بعد انتہائی کم وقت کے اندر ایک

بڑے پیمانے پر مربوط حملہ شروع کرنے کا فیصلہ ان کی دوراندیشی اور ان کی کمانڈ میں فوج کی غیر معمولی تیاری کا ثبوت تھا۔ یہ تیز رفتار ردعمل جلد بازی میں نہیں تھا بلکہ یہ ایک گہرائی سے پلاننگ والا منصوبہ تھا جسے شہری ہلاکتوں سے بچتے ہوئے اور ایک مکمل جنگ سے گریز کرتے ہوئے متناسب نقصان پہنچانے کے لیے ڈیزائن کیا گیا تھا۔ ایک پہلے سے قائم تیز رفتار ردعمل کے منصوبے کی فوری سرگرمی، جو مبینہ طور پر ایسے حالات کے لیے خاص طور پر تیار کیا گیا تھا، ان کے دور کی خصوصیت بننے والی فعال سٹریٹجک سوچ کے بارے میں بہت کچھ کہتی ہے۔
آپریشن بنیان مرصوص ایک پیچیدہ اور کثیر جہتی حملہ تھا، جس میں فتح-II بیلسٹک میزائل، پاکستان ایئر فورس (پی اے ایف) سے درست رہنمائی والے گولہ بارود، طویل فاصلے تک جانے والے قاتل گولہ بارود اور درست اور طویل فاصلے تک مار کرنے والے توپ خانے شامل تھے۔ فضائی، میزائل اور زمینی اثاثوں پر مشتمل یہ جامع طریقہ کار جدید جنگ کی گہری سمجھ اور متنوع صلاحیتوں کو موثر طریقے سے استعمال کرنے کی صلاحیت کا مظاہرہ کرتا ہے۔ جنرل عاصم منیر کی غیر متزلزل نگرانی نے مسلح افواج کی مختلف شاخوں کے درمیان ہموار ہم آہنگی کو یقینی بنایا جو آپریشن کی فاتحانہ کامیابی کا ایک اہم عنصر تھا۔ شمالی بھارت میں 26 مخصوص مقامات کو نشانہ بنانا، جن میں فضائیہ کے اہم اڈے، فوجی لانچنگ ہب اور S-400 بیٹری جیسے جدید فضائی دفاعی نظام شامل تھے، درستگی اور سٹریٹجک اثر پر گہری توجہ کو نمایاں کرتا ہے۔ یہ بے ترتیب بمباری نہیں تھی بلکہ بھارت کی جارحانہ صلاحیتوں کو کمزور کرنے اور اس کی نام نہاد فوجی برتری کو چیلنج کرنے کی ایک حساب کتاب والی کوشش تھی۔ S-400 نظام کی مبینہ تباہی، جو ایک انتہائی قیمتی اثاثہ ہے، جنرل عاصم منیر کی فیصلہ کن ہدایات کے تحت اعلیٰ ذہانت اور ہدف بندی کی براہ راست عکاسی ہے۔
رپورٹ شدہ جامع اور موثر سائبر آپریشنز جو عارضی طور پر اہم بھارتی انفراسٹرکچر اور خدمات کو مفلوج اور خراب کرنے کے لیے کیے گئے، جنگ کے لیے ایک آگے کی سوچ کے نقطہ نظر کی نشاندہی کرتے ہیں۔ روایتی فوجی کارروائیوں میں سائبر صلاحیتوں کا یہ ہموار انضمام جدید تنازعہ کے بدلتے ہوئے منظرنامے اور اس اہم ڈومین میں پاکستان کی جدید تیاری کے بارے میں جنرل عاصم منیر کی گہری سمجھ کو ظاہر کرتا ہے۔ جسمانی تباہی سے ہٹ کر جنرل عاصم منیر کی حکمت عملی کا مقصد ایک طاقتور پیغام دینا تھا۔ مقبوضہ جموں و کشمیر سے گجرات تک بشمول نئی دہلی، بھارتی شہروں پر پاکستانی ڈرونز کا علامتی طور پر منڈلانا ایک طاقتور نفسیاتی چال تھی۔ اس نے بلاشبہ پاکستان کی رسائی اور اس کے مزید بڑھنے کے امکانات کو ظاہر کیا، جس سے بھارت کو مزید جارحیت کے شدید نقصانات پر سنجیدگی سے غور کرنے پر مجبور کیا گیا۔ آپریشن کے دوران بھی جنرل عاصم منیر نے بحران کو سنبھالنے اور کشیدگی میں کمی کو آسان بنانے میں ایک اہم کردار ادا کیا۔ پاکستان کے اپنے دفاع کے حق پر سختی کے ساتھ زور دیتے ہوئے ان کی بصیرت افروز قیادت نے جنگ بندی کے حتمی معاہدے میں اہم کردار ادا کیا۔ یہ حقیقت کہ دونوں ممالک کے ڈائریکٹر جنرلز ملٹری آپریشنز (ڈی جی ایم اوز) نے پہلا براہ راست رابطہ کیا، جس سے دشمنی کا خاتمہ ہوا، یہ ظاہر کرتا ہے کہ پاکستان کی فوج، ان کی کمانڈ میں، ایک بار جب اس کے فوجی مقاصد حاصل ہو گئے اور ایک مضبوط پیغام بھیجا جا چکا، تو سفارتی حل میں شامل ہونے کے لیے تیار تھی۔ آپریشن بنیان مرصوص میں جنرل عاصم منیر کے اہم کردار کا فوری اور گہرا اعتراف انہیں فیلڈ مارشل کے بے مثال عہدے پر ترقی سے ملا۔ وفاقی کابینہ سے منظور شدہ اس اہم فیصلے نے قومی سلامتی کو یقینی بنانے اور دشمن افواج کو فیصلہ کن شکست دینے میں ان کی "مثالی قیادت،" "سٹریٹجک بصیرت،" اور "بہادرانہ قیادت" کو غیر مبہم طور پر تسلیم کیا۔ یہ ایک نادر اعزاز تھا اور پاکستان کی تاریخ میں یہ پانچ ستارہ والا عہدہ صرف دوسری بار دیا گیا تھا، جو قوم کے دفاع میں ان کی شراکت کی حقیقی اور غیر معمولی نوعیت کو نمایاں کرتا ہے۔ آپریشن بنیان مرصوص کے دوران جنرل عاصم منیر کی قیادت نے انہیں ایک پرعزم اور انتہائی قابل فوجی کمانڈر کے طور پر مضبوط کیا۔ اس آپریشن، جسے پاکستان کے لوگ ایک حکمت عملی اور نفسیاتی فتح کے طور پر دیکھتے ہیں، نے نہ صرف سٹریٹجک مساوات کو دوبارہ متوازن کیا بلکہ پاکستان کی مسلح افواج کے ملکی امیج اور مورال کو بھی نمایاں طور پر بڑھایا۔ تیاری، درستگی اور کثیر جہتی جنگ پر ان کے غیر متزلزل زور نے بلاشبہ پاکستان کے فوجی نظریے پر ایک انمٹ نشان چھوڑا ہے، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ بنیان مرصوص سے سیکھے گئے اہم اسباق آنے والے سالوں تک اس کی دفاعی حکمت عملی کو تشکیل دیتے رہیں گے۔ جبکہ آپریشن بنیان مرصوص میں جنرل عاصم منیر کی قیادت نے نمایاں بین الاقوامی توجہ حاصل کی، چیف آف آرمی سٹاف (سی او اے ایس) کے طور پر ان کی مدت پاکستان کے پیچیدہ اور اکثر ہنگامہ خیز اندرونی چیلنجوں کے ساتھ ان کی گہری اور اکثر براہ راست وابستگی کی وجہ سے بھی نمایاں رہی ہے۔ وسیع پیمانے پر سیاسی عدم استحکام اور ایک جدوجہد کرتی ہوئی معیشت سے لے کر دوبارہ ابھرتی ہوئی دہشت گردی اور گہری سماجی تقسیم تک، جنرل عاصم منیر نے ایک کثیر الجہتی بحران کے دوران قوم کو سنبھالنے کی کوشش میں انتہائی اہم کردار ادا کیا ہے۔ جنرل عاصم منیر کا پاکستان کے اندرونی مسائل میں کردار بلاشبہ کثیر جہتی اور اثر انگیز ہے۔

پشتونوں کا المیہ: فخر کی میراث، مستقبل خطرے میں!

پشتون جنوبی اور وسطی ایشیا کی سب سے بڑی نسلی اقوام میں شمار ہوتے ہیں۔ ان کی آبادی پاکستان، افغانستان اور دنیا بھر میں پچاس ملین سے تجاوز کر چکی ہے۔ تاریخی طور پر یہ مہمان نوازی، غیرت، وفاداری، پناہ، انصاف، ظلم کے خلاف مزاحمت اور جرگے کے اصول پر مبنی اجتماعی فیصلوں جیسے گہرے اقدار کے لیے مشہور ہیں۔ ان کی زندگی میں عزت، احترام، دلیری اور روایت کی پاسداری کو مرکزی مقام حاصل ہے۔ پشتونوں نے ایک طویل اور دردناک تاریخ جھیلی ہے، جو جنگ، محرومی اور داخلی تضادات پر مشتمل ہے۔ اپنی صلاحیتوں اور ثقافتی ورثے کے باوجود، پشتون آج بھی پسماندگی، عدم برداشت اور داخلی زوال کے گرداب میں پھنسے ہوئے ہیں۔ بدقسمتی سے مختلف

وجوہات کی بنا پر وہ بہت سی اقدار بھی کھو چکے ہیں، خصوصاً نوجوان نسل کی اکثریت ان اقدار سے بالکل ناواقف نظر آتی ہے۔ کہنے کو یہ آسان ہے کہ تمام الزام تاریخ یا جغرافیائی سیاست پر ڈال دیا جائے، نوآبادیاتی طاقتیں، غیر ملکی مداخلتیں یا ریاستی غفلت کو مورد الزام ٹھہرایا جائے۔ یہ سب بلاشبہ حقیقی عوامل ہیں، مگر تلخ حقیقت یہ بھی ہے کہ پشتونوں نے خود بھی بعض ایسے راستے اختیار کیے جنہوں نے ان کے زخموں کو مزید گہرا کیا اور ان کی مشکلات میں بے پناہ اضافہ کر دیا۔ کئی عظیم رہنماؤں نے انہیں بہتر راہ دکھانے کی کوشش کی۔ باچا خان، جدید پشتون تاریخ کا ایک روشن نام، نے اپنی زندگی تعلیم، عدم تشدد اور انصاف کے اصولوں کے لیے وقف کی۔ انہوں نے اسکول قائم کیے، امن کا پیغام دیا اور اس وقت ایک پُرامن تحریک چلائی جب ہر طرف مسلح جدوجہد کا غلبہ تھا۔ وہ بار بار خبردار کرتے رہے کہ اگر علم، برداشت اور قانون کو اختیار نہ کیا گیا تو پشتونوں کا مستقبل تاریک ہو جائے گا۔ مگر افسوس، بہت سے لوگوں نے ان کے پیغام کو رد کر کے بندوق کو ترجیح دی۔ کتابوں کے بجائے ہتھیار اٹھا لیے گئے اور قانون کی جگہ نعرہ لگا: ''میری بندوق ہی میرا قانون ہے۔'' انہوں نے غیرت اور انصاف کو قتل و قتال سے تعبیر کیا اور اپنے مقاصد کے لیے انہیں ''بہادر، بہادر'' کہنے والوں کو اپنے دونوں کندھے بخوشی پیش کر دیے، جنہوں نے پھر انہیں پوری طرح اور بری طرح استعمال کیا۔
یہ طرز فکر، تشدد کو رومانویت دینے اور تنقیدی سوچ کو رد کرنے والا، انتہائی نقصان دہ ثابت ہوا ہے۔ چاہے قبائلی علاقے ہوں یا شہری مراکز، نسل در نسل نوجوان ایسی طاقت کے پجاری بنے جو محض دکھاوا کرتے ہیں، مگر فکری گہرائی سے خالی ہوتے ہیں۔ غیرت کی وہ ثقافت جو کبھی سماج کی حفاظت کرتی تھی، آج اکثر انا، انتقام، اور بے خوفی کا جواز بن چکی ہے۔ جرگے، جو ماضی میں انصاف کے ضامن تھے، اب اکثر کمزوروں کو خاموش کرتے اور روایت کو سچ پر ترجیح دینے کا ذریعہ بن گئے ہیں۔ نوجوانوں کی حالت مزید تشویشناک ہے۔ سوشل میڈیا پر ایک نظر ڈالیں تو منظر اور بھی خوفناک دکھائی دیتا ہے: فحاشی اور تشدد کی پرستش ان کی دنیا پر حاوی ہے۔ بیہودہ مزاح، جارحانہ رویے اور ہتھیاروں یا چمک دمک والی زندگیوں کی نمائش سب سے زیادہ توجہ سمیٹتی ہے۔ بغیر کچھ سوچے سمجھے اور کسی نظریے کے بطور فیشن ''انقلاب، انقلاب'' کے نعرے لگتے ہیں اور مخالف فکر افراد کے ساتھ بدتہذیبی و بدتمیزی عام ہے۔ علمی گفتگو، شاعری اور سوچ بچار اس شور میں دب چکے ہیں۔ جب کوئی نسل تفریح کو روشنی پر ترجیح دیتی ہے تو وہ نہ سوچنے کے قابل رہتی ہے، نہ ذمہ داری لینے کے۔
اس ڈگمگاتی کشتی کو بچانے کا واحد راستہ تعلیم ہے، مگر بدقسمتی سے یہی راستہ مسلسل نظرانداز کیا جا رہا ہے۔ شرح خواندگی، خصوصاً لڑکیوں میں، اب بھی افسوسناک حد تک کم ہے۔ اسکول تو موجود ہیں، مگر معیار نہ ہونے کے برابر ہے۔ جہاں تعلیم دی جاتی ہے، وہ بھی رٹے، سختی اور دنیا سے کٹے ہوئے نصاب پر مبنی ہوتی ہے۔ اگر نوجوانوں کو سوچنا، تجزیہ کرنا اور تخلیق کرنا نہ سکھایا جائے تو وہ دنیا کا مقابلہ کیسے کریں گے؟ بدقسمتی سے تعلیم کسی کی بھی ترجیح نہیں ہے۔ اس کے باوجود، ان تمام اندھیروں میں امید کی ایک کرن باقی ہے۔ پشتونوں کی تاریخ ایسے عظیم دماغوں سے بھری ہوئی ہے۔ خوشحال خان خٹک اور غنی خان جیسے شاعر، باچا خان جیسے مصلح، اور بے شمار بے نام معلم، مائیں، اور کارکن، جو خاموشی سے بہتر مستقبل کی بنیاد رکھ رہے ہیں۔ ان کی میراث یہ ثابت کرتی ہے کہ پشتون نااہل نہیں۔ وہ صرف اپنی پوری صلاحیت کو استعمال نہیں کر رہے۔ بس بہت ہو چکا ہے، اب بے رحم خود احتسابی کا وقت آن پہنچا ہے۔ پشتونوں کو چاہیے کہ وہ ہر ناکامی کا الزام دوسروں پر ڈالنے کا سلسلہ بند کریں۔ تاریخ کو صرف فخر کے لیے نہیں، سبق کے لیے بھی پڑھیں۔ انقلاب کے کھوکھلے نعروں کو رد کریں۔ ''بہادر، بہادر'' کے نام پر دوسروں کے ہاتھوں میں کھلونا فوری طور پر ترک کریں۔ دنیا ان کی نجات دہندہ نہیں! اگر اٹھنا ہے تو خود اٹھنا ہوگا۔
سوچ سے ابتدا کریں۔ اپنے بچوں، بیٹوں اور بیٹیوں دونوں کو تعلیم دیں۔ انہیں سوال کرنا، پڑھنا، تخلیق کرنا، اور سوچنا سکھائیں۔ بندوق کی جگہ کتاب، نعرے کی جگہ قانون، اور تشدد کی جگہ مکالمہ اپنائیں۔ غیرت کا مطلب اب انتقام یا غرور نہیں، بلکہ دانشمندی اور انصاف ہونا چاہیے۔ پشتونوں میں بے پناہ صلاحیت، ہمت، اور ثقافتی دولت موجود ہے۔ مگر اگر خود احتساب، نظم، اور تعلیم نہ آئی، تو یہ صلاحیت ضائع ہی ہوتی رہے گی۔ فیصلہ واضح ہے: وقار کے ساتھ ترقی کریں، یا ماضی کی کھوکھلی عظمتوں کے فریب میں گرفتار رہیں۔ دنیا آگے بڑھ رہی ہے۔ پشتونوں کو فیصلہ کرنا ہے: کیا وہ بھی آگے بڑھیں گے، یا اپنی ہی کوتاہیوں کے ہاتھوں پیچھے رہ جائیں گے؟

فیلڈ مارشل کا عہدہ کیا ہوتا ہے؟

حکومت پاکستان نے بری فوج کے سربراہ جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی دے دی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی مدت ملازمت پوری ہونے کے بعد بطور پاکستان ایئر فورس کے سربراہ اپنی خدمات جاری رکھنے کا اعلان بھی کیا ہے۔ وزیراعظم آفس سے جاری ہونے والی ایک پریس ریلیز کے مطابق ان اہم فیصلوں کی منظوری منگل کے دن وزیراعظم شہباز شریف کی سربراہی میں ہونے والے وفاقی کابینہ کے اجلاس کے دوران دی گئی ہے۔ واضح رہے کہ یہ پیشرفت پاکستان اور انڈیا کی درمیان چار روزہ تنازع کے بعد سامنے آئی ہے۔ وزیراعظم آفس سے جاری ہونے والے بیان میں کہا گیا ہے کہ 'حکومت پاکستان کی جانب سے معرکہ حق، آپریشن بنیان مرصوص کی اعلیٰ حکمت عملی اور دلیرانہ قیادت کی بنیاد پر ملک کی سلامتی کو یقینی بنانے اور دشمن کو شکست دینے پر جنرل سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی دینے کی منظوری دی گئی ہے۔' اس بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ وفاقی کابینہ نے قرارداد کیا کہ 'چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر نے مثالی جرات اور عزم کے ساتھ پاکستان فوج کی قیادت کی اور مسلح افواج کی جنگی حکمت عملی اور کاوشوں کو بھرپور طریقے سے ہم آہنگ کیا۔ اور آرمی چیف کی بے مثال قیادت کی بدولت پاکستان کو معرکہ حق میں تاریخی کامیابی حاصل ہوئی۔'
اس بیان میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ 'ان (عاصم منیر) کی شاندار عسکری قیادت، جرات، اور بہادری، پاکستان کی خود مختاری اور علاقائی سالمیت کو یقینی بنانے اور دشمن کے مقابلے میں دلیرانہ دفاع کے اعتراف میں، جنرل سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی دینے کی وزیراعظم کی تجویز کابینہ نے منظور کر لی ہے۔' اس ضمن میں وزیراعظم آفس کی جانب سے مزید بتایا گیا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے صدر مملکت آصف علی زرداری سے ملاقات کر کے انھیں اس فیصلے کے حوالے سے اعتماد میں لیا۔ بیان کے مطابق 'حکومت نے ایئر چیف

مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی مدت ملازمت پوری ہونے پر ان کی خدمات کو جاری رکھنے کا بھی متفقہ فیصلہ بھی کیا ہے۔' وفاقی کابینہ نے یہ بھی فیصلہ کیا کہ 'افواج پاکستان کے افسران و جوان اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے پاکستانی شہریوں کو آپریشن بنیان مرصوص کے دوران ان کی خدمات کے اعتراف میں اعلیٰ سرکاری ایوارڈز سے نوازا جائے گا۔' آئی ایس پی آر کی جاری کردہ بیان کے مطابق انھوں نے مزید کہا کہ 'صدر پاکستان، وزیراعظم اور کابینہ کے اعتماد کا شکر گزار ہوں۔ یہ اعزاز قوم کی امانت ہے، جس کو نبھانے کے لیے لاکھوں عاصم بھی قربان ہیں۔ یہ انفرادی نہیں بلکہ افواج پاکستان اور پوری قوم کے لیے اعزاز ہے۔' اب اہم سوال تو یہی ہے کہ یہ عہدہ کیا ہوتا ہے اور اس حکومتی فیصلے کے کیا اثرات مرتب ہو سکتے ہیں؟ جنرل عاصم منیر تو پہلے ہی فوج کے سب سے اعلیٰ عہدے پر فائز ہیں تو یہ فیلڈ مارشل کا عہدہ کیا ہے؟ بی بی سی نے اس حوالے سے فوج کے سابق اعلیٰ افسران اور دفاعی امور کے ماہرین سے بات کی ہے۔ سابق لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) طلعت مسعود کا کہنا ہے کہ دراصل فیلڈ مارشل کا رینک ایک فائیو سٹار جرنیل کا رینک ہوتا ہے اور یہ حکومت کی جانب سے فوج کے سربراہ کی غیر معمولی خدمات کے اعتراف میں دیا جاتا ہے۔' یاد رہے کہ اس سے پہلے پاکستان کی تاریخ میں جنرل ایوب خان وہ واحد آرمی چیف تھے جنھیں یہ عہدہ اس وقت دیا گیا تھا جب وہ ملک کے صدر بھی تھے۔ سابق لیفٹیننٹ جنرل خالد نعیم لودھی کے مطابق 'ایوب خان نے ملک میں مارشل لا نافذ کیا اور خود ہی اپنے آپ کو فیلڈ مارشل بھی بنا دیا جبکہ عاصم منیر کو حکومت نے یہ عہدہ دیا ہے۔' امریکہ، نیٹو ممالک کی افواج اور برطانیہ میں فوج کے سربراہان بھی پاکستان کی طرح فور سٹار جرنیل ہوتے ہیں۔ ان افواج میں بھی بری افواج کے سربراہوں کو فیلڈ مارشل کے عہدے دینے کی مثالیں سامنے آتی رہتی ہیں۔ پاکستان فوج کے ایک سابق افسر کے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بی بی سی کو بتایا کہ 'فیلڈ مارشل کے عہدے سے افسر کو مزید اختیارات یا مراعات تو نہیں ملتیں مگر یہ ان کی ملک کے لیے خدمات کو سراہنے کا ایک ذریعہ ہوتا ہے۔' یاد رہے کہ پاکستان کے پڑوسی ملک انڈیا میں اب تک دو فیلڈ مارشل اور ایک 'مارشل' رہ چکے ہیں۔ انڈیا نے 1973 میں پہلی بار فیلڈ مارشل کا عہدہ چیف آف آرمی سٹاف سیم مانکشا کو دیا جو پاکستان کے خلاف 1971 کی جنگ میں بری فوج کے سربراہ تھے۔ انڈین فوج کے جنرل کے ایم کریاپا، جو ملک کی بری فوج کے دوسرے کمانڈر ان چیف تھے، کو ریٹائرمنٹ کے کئی سال بعد فیلڈ مارشل کا عہدہ دیا گیا تھا۔ اس کے علاوہ 1965 کی انڈیا اور پاکستان کی جنگ کے دوران انڈین فضائیہ کے چیف آف ایئر سٹاف ارجن سنگھ کو بھی بعد میں مارشل کا عہدہ دیا گیا تھا جو فائیو سٹار رینک کے برابر ہے۔ پاکستان کے ایک اور ہمسائیہ ملک، افغانستان میں بھی دو شخصیات کو ماضی میں مارشل کا عہدہ دیا جا چکا ہے۔ ان میں سے ایک افغانستان کے سابق نائب صدر اور فوجی افسر عبدالرشید دوستم ہیں جبکہ دوسری شخصیت سابق نائب صدر اور وزیر دفاع محمد قاسم فہیم تھے۔ سابق لیفٹیننٹ جنرل خالد نعیم لودھی کے مطابق 'فیلڈ مارشل فوج میں سب سے بڑا عہدہ ہوتا ہے۔' ان کے مطابق ہر ملک اپنی ضروریات کے مطابق اس عہدے کی حدود کا تعین کرتا ہے۔ ان کی رائے میں 'اب حکومت نے یہ بتانا ہے کہ وہ عاصم منیر سے مزید کیا کام لینا چاہتی ہے۔' لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ طلعت مسعود کا کہنا ہے کہ 'جنگ جیسی صورتحال میں بڑی افواج کی سربراہی کرنے والے جنرل کو فیلڈ مارشل کا رینک دیا جاتا ہے جو بنیادی طور پر تینوں افواج کا سربراہ ہوتا ہے۔' طلعت مسعود کا کہنا ہے کہ 'جب ایوب خان فیلڈ مارشل بنے تو انھوں نے اس کے فوراً بعد ہی جنرل موسیٰ خان کو آرمی چیف کا عہدہ دے دیا تھا۔' آرمی کی جیگ (جج ایڈووکیٹ جنرل) برانچ کے سابق افسر کرنل ریٹائرڈ انعام الرحیم نے بی بی سی کو بتایا کہ 'عاصم منیر کو اس عہدے پر ترقی دے کر حکومت یہ پیغام دے رہی ہے کہ اس نے مختصر جنگ میں بڑی کامیابی حاصل کی ہے اور اب اس کے فوج کے سربراہ اگر آرمی سے ریٹائر بھی ہو گئے تو پھر بھی وہ ادھر ہی تاحیات یونیفارم میں اپنی خدمات انجام دے سکتے ہیں۔' ان کے مطابق 'سیم مانکشا نے اندرا گاندھی کو انتہائی درستگی سے بتا دیا تھا کہ کب جنگ چھڑ سکتی ہے اور پھر انڈیا کو کیسے اس جنگ کو اختتام تک لے کر جانا ہے۔' ان کی رائے میں 'واقعات میں کچھ مماثلت ہے

آئی ایم ایف، پرانی گاڑیوں کی درآمد اور امپورٹڈ کاروں کی قیمتوں پر اثر

آئی ایم ایف نے قرض پروگرام کے سلسلے میں پاکستان سے درآمد شدہ اشیا پر ٹیرف میں کمی کا مطالبہ کیا ہے جن میں پرانی گاڑیوں کی درآمد پر چھوٹ نمایاں ہے۔ مگر یہ پیشرفت جہاں ایک طرف کار ڈیلرز اور امپورٹرز کے لیے خوش آئند ہے تو وہیں گاڑیوں کی تیاری کی صنعت سے وابستہ افراد نے اس حوالے سے اپنے تحفظات ظاہر کیے ہیں۔ معاشی بحالی اور شرح سود میں کمی سے نئی گاڑیوں کی فروخت میں گذشتہ مہینوں کے دوران اضافہ دیکھا گیا تھا مگر ماہرین کا خیال ہے کہ اگر درآمد شدہ گاڑیوں پر ڈیوٹی میں کمی واقع ہوتی ہے تو ایک بڑی تعداد میں لوگ مقامی طور پر بننے والی گاڑیوں کی بجائے ان کا رخ کر سکتے ہیں۔ پاکستان میں کار اسمبل کرنے والی کمپنیوں کو عرصہ دراز سے حکومتی پالیسیوں کے تحت تحفظ حاصل رہا ہے مگر آئی ایم ایف چاہتا ہے کہ آٹو سیکٹر کو درپیش تجارتی رکاوٹیں ختم کی جائیں۔ حکومت فی الحال آئی ایم ایف کی ہدایت پر نیشنل ٹیرف پالیسی پر غور کر رہی ہے، جس کے تحت گاڑیوں کی درآمد میں ریلیف کی توقع ہے۔ آئی ایم ایف کی رواں ماہ جاری کردہ کنٹری رپورٹ کے مطابق پاکستان کے آٹو سیکٹر کو سخت تجارتی رکاوٹوں کا سامنا ہے لہٰذا نہ صرف ٹیرف یعنی درآمدی کسٹم ڈیوٹی میں کمی درکار ہے بلکہ گاڑیوں کی مقامی صنعت کو حاصل رعایتیں بھی واپس لینا ہوں گی۔ آئی ایم ایف رپورٹ کے مطابق پاکستان میں استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد پر پابندی ختم کی جائے گی۔ فی الحال پاکستان میں صرف گفٹ سکیم کے تحت اکثر جاپان سے استعمال شدہ گاڑیاں امپورٹ کی جاتی ہیں مگر آئی ایم ایف نے اس میں زیادہ سے زیادہ تین سال پرانی گاڑی کی شرط ختم کر دی ہے۔ اب پانچ سال پرانی گاڑی درآمد کرنے کی بھی اجازت ہوگی۔ آئی ایم ایف چاہتا ہے کہ پاکستان کے آٹو اسمبلرز کو بیرونی مقابلے سے تحفظ کے لیے حاصل سہولتیں، رعایت اور ترجیح ختم کی جائے۔ کنٹری رپورٹ کے مطابق حکومت نے آئی ایم ایف کو یقین دہانی کرائی ہے

کہ آٹو سیکٹر پر عائد اضافی درآمدی ڈیوٹی یا ایڈیشنل کسٹمز کو ختم کیا جائے گا اور ان تبدیلیوں کا 2030 تک آہستہ آہستہ نفاذ کیا جائے گا۔ اس حوالے سے پاکستانی حکومت نئی قومی ٹیرف پالیسی (این ٹی پی) اور آٹو پالیسی پر مشاورت کر رہی ہے، جس کا نفاذ یکم جولائی 2025 سے متوقع ہے۔ آئی ایم ایف کنٹری رپورٹ کے مطابق اگلی آٹو پالیسی کے ذریعے مقامی صنعت کو حاصل تحفظ کو بڑے پیمانے پر کم کیا جائے گا اور اس کا نفاذ جولائی 2026 سے متوقع ہے۔ اس کے مطابق گاڑیوں کی قیمتوں میں کمی کے لیے نہ صرف ایڈیشنل کسٹم ڈیوٹی اور ریگولیٹری ڈیوٹی کو ختم کیا جائے گا بلکہ کسٹم ڈیوٹی میں بڑے پیمانے پر کمی کی جائے گی۔ پاکستان کی وفاقی حکومت نے نیشنل ٹیرف پالیسی کے تحت اگلے پانچ سال میں ملک میں صنعتی اشیا اور ان کی تیاری میں استعمال ہونے والے خام مال کی درآمد پر کسٹم ڈیوٹی اور ریگولیٹری ڈیوٹی میں کمی کا فیصلہ کیا ہے۔ ملک کے صنعتی شعبے میں آٹو سیکٹر ایک کلیدی شعبہ ہے جس میں ملک میں مقامی طور پر گاڑیاں تیار کرنے کے لیے آٹو پارٹس اور دوسرے خام مال کی درآمد کے ساتھ مکمل طور پر تیار گاڑیاں بھی بیرون ملک سے منگوائی جاتی ہیں۔ ٹیکس امور کے ماہر ذیشان مرچنٹ نے بی بی سی کو بتایا کہ درآمدی اشیا پر اکثر اضافی ٹیرف کسٹم ڈیوٹی، ایڈیشنل ڈیوٹی اور ریگولیٹری ڈیوٹی کے ناموں سے لگایا جاتا ہے تاکہ امپورٹ کی حوصلہ شکنی ہو اور حکومت کو زیادہ ٹیکس بھی ملے۔ ان کے مطابق آٹو پارٹس اور دیگر خام مال پر عائد امپورٹ ڈیوٹی میں کمی سے مقامی صنعت کو فائدہ ہو سکتا ہے۔ ذیشان مرچنٹ بتاتے ہیں کہ پاکستان میں پرانی اور نئی گاڑیوں، ان کے خام مال یا پارٹس کے علاوہ کیپٹل گڈز یعنی پلانٹ اور مشینری پر بھی امپورٹ ڈیوٹی عائد کی جاتی ہے۔ آٹو سیکٹر کے نگران حکومتی ادارے انجینیئرنگ ڈویلپمنٹ بورڈ (ای ڈی بی) نے ٹیرف پالیسی سے متعلق تجاویز مانگتے ہوئے 17 مئی کو ایک نوٹیفکیشن میں بتایا کہ سنہ 2030 تک آٹو سیکٹر پر زیادہ سے زیادہ ٹیرف سلیب کو اگلے پانچ برسوں میں 15 فیصد تک لایا جائے گا جبکہ ایڈیشنل کسٹم ڈیوٹی اور ریگولیٹری ڈیوٹی کو اگلے پانچ سال میں ختم کرنے کی تجویز زیر غور ہے۔ ای ڈی بی کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق ایڈیشنل کسٹم ڈیوٹی کو چار سال میں ختم کیا جائے گا جس کا آغاز آنے والے مالی سال سے کیا جائے گا۔ اسی طرح اگلے پانچ سال میں ریگولیٹری ڈیوٹی کو ختم کر دیا جائے گا۔ آٹو سیکٹر ماہر مشہود علی خان کا کہنا ہے کہ پرانی گاڑیوں کی درآمد پر اس ریلیف کے بعد انھیں مقامی طور پر تیار کردہ گاڑیوں پر برتری حاصل ہوگی۔ وہ بی بی سی کو بتاتے ہیں کہ اس اقدام سے گاڑیوں کی قیمتوں میں کمی ہو سکتی ہے۔ 'ٹیرف میں کمی سے مقابلہ بڑھے گا۔ ٹیکس میں کمی یا مارکیٹ میں مقابلہ، یہی دو چیزیں قیمتوں میں کمی کا باعث بنتی ہیں۔ سنہ 2006-2007 میں جب چینی بائیکس جاپانی بائیک کے مقابل ہوئیں تو قیمتیں بھی کم ہوئیں اور والیوم بھی بڑھا۔ ڈیڑھ دو لاکھ کی مارکیٹ آج 20 لاکھ بائیکس سے تجاوز کر گئی۔' مگر وہ کہتے ہیں کہ گاڑی تین کی بجائے پانچ سال پرانی درآمد ہوگی تو اس کی قیمت تو کم ہو جائے گی مگر یہ فائدہ 'ان دو ڈھائی لاکھ لوگوں کو ہی ہوگا جو سالانہ پاکستان میں گاڑیاں خریدتے ہیں۔' 'عالمی سپلائی چین کا حصہ بننے کے لیے ابھی بہت محنت درکار ہے۔۔۔ ویتنام، انڈونیشیا، تھائی لینڈ، انڈیا، تائیوان جیسے ملکوں سے مقابلہ کر کے اپنی جگہ بنانی ہوگی اور اس میں ہم بہت پیچھے ہیں۔' کیا ٹیرف میں نرمی سے طویل مدت میں برآمدات بڑھ پائیں گی؟ مشہود علی خان اس حوالے سے زیادہ پرامید نہیں۔ ان کا خیال ہے کہ اگلے پانچ سال میں امپورٹڈ گاڑیوں کی تعداد بہت بڑھ جائے گی جس سے 'تجارتی خسارہ بڑھے گا کیونکہ پارٹس مینوفیکچرز کم اور امپورٹرز زیادہ ہیں۔' وہ کہتے ہیں کہ نہ صرف یہ کہ پرانی گاڑیوں کی درآمد بڑھے گی بلکہ اسمبلرز بھی مقامی طور پر تیار کردہ پارٹس کی بجائے کم قیمت کے باعث درآمدہ شدہ پارٹس کو ترجیح دیں گے۔ اس وقت پاکستان میں گفٹ سکیم کے تحت درآمد کی جانے والی گاڑیوں پر کئی ڈیوٹی اور ٹیکسز ہیں۔ اس بارے میں وہ بتاتے ہیں کہ چھوٹی 660 سی سی گاڑیوں پر 50 فیصد کسٹم ڈیوٹی کے علاوہ مختلف ٹیکسز ملا کر 90 فیصد تک وصول کیا جاتا ہے جو کہ 1300 سی سی تک کی کار کے لیے 110 فیصد اور 1500 سی سی کے لیے 130 فیصد تک ہے۔ ان بڑی کاروں پر 60 فیصد سے 100 فیصد تک صرف کسٹم ڈیوٹی وصول کی جاتی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ڈیوٹی میں کمی اور پانچ سال تک پرانی گاڑیوں کا ریلیف قیمتوں میں بڑی کمی کا سبب بن سکتے ہیں۔ وہ مثال دیتے ہیں کہ اگر تین سال پرانی گاڑی 'میرا' قریب پانچ ہزار ڈالر کی ہے تو یہی کار پانچ پرانی ہو تو ڈھائی ہزار ڈالر تک کی مل سکتی ہے۔

یوم تشکر اور وزیراعظم کا عزم

آپریشن ''بنیان مرصوص'' کے تحت معرکہ حق میں اللہ نے پاکستان کو عظیم فتح دی۔ بلاشبہ پاکستان کے عوام اپنی بہادر افواج کو قومی عزت و وقار کا اصل نگہبان سمجھتے ہیں۔ شہدا کی قربانیاں ایک مقدس امانت اور قومی فخر کا باعث ہیں۔ وطن کے یہ سپوت، قوم کے پائیدار جذبے سے سرشار ہو کر غیر متزلزل عزم کے ساتھ مادر وطن کے دفاع کے لیے سیسہ پلائی دیوار ہے، وطن کے سپوتوں نے

دشمن کے ناپاک عزائم کو جرات مندی اور عملی مہارت سے ناکام بنایا۔ تاریخ گواہ رہے گی کہ چند گھنٹوں میں مسلح افواج نے دشمن کو پسپا کیا، مسلح افواج نے پاکستان کی طاقت، ثابت قدمی، قومی یکجہتی کا دوٹوک پیغام دیا۔
بھارت کی کھلی جارحیت اور اشتعال انگیزی کے خلاف پاکستان کی شاندار کامیابی اور فتح پر اللہ تعالیٰ کا شکر بجالانے کے لیے ملک بھر میں یوم تشکر منایا گیا۔ اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان کی بہادر اور پیشہ وارانہ مسلح افواج نے دشمن کو اسی کی زبان میں موثر اور بھرپور جواب دے کر عسکری تاریخ کا سنہرا باب رقم کیا۔ دنیا نے دیکھا کہ کئی گنا بڑے دشمن کو گھٹنے ٹیکنے میں چند گھنٹے لگے، جو طیارے بھارت کا غرور تھے اب راکھ اور نشان عبرت بن چکے ہیں۔ ہمارے شاہینوں نے دشمن پر کاری ضربیں لگائیں، یہ ہمارا دندان شکن جواب تھا۔ دشمن کے فوجی اڈے، اسلحہ کے انبار اور ایئر بیسز دیکھتے ہی دیکھتے سب کھنڈرات بن گئے۔ ان کے رافیل ہمارے شاہینوں کے نشانے پر آئے اور اللہ کے فضل سے ناکام ہو گئے۔ ہماری یہ کارروائی اس بوسیدہ نظریہ کے خلاف تھی جو انسان دشمنی، جارحیت، مذہبی جنون اور تعصب پر قائم ہے۔ یہ ہماری غیرت اور اصولوں کی فتح ہے۔ یہ افواج پاکستان کے ساتھ ساتھ خوددار، غیرت مند اور باوقار پاکستانی قوم کی کامیابی ہے۔ پوری قوم سیسہ پلائی دیوار کی طرح مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑی رہی۔ قومی یکجہتی کو سرمایہ حیات بنا کر نہ صرف ماضی کے نقصانات کا ازالہ ممکن ہوگا، بلکہ پاکستان بہت جلد اقوام عالم میں اپنا جائز مقام حاصل کرے گا۔ پاکستان سب سے زیادہ دہشت گردی سے متاثرہ ملک ہے، اگر ہماری بہادر مسلح افواج ان دہشت گردوں کو نہ روکتیں تو پوری دنیا کو اس کا سامنا کرنا پڑتا۔ وزیراعظم نے پاک افواج کے ان تمام شہدا کو جنہوں نے معرکہ حق کی تکمیل میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، خراج عقیدت پیش کر کے قوم کے دل جیت لیے۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف نے بھی پاکستان کی بہادر مسلح افواج کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاک بھارت جنگ میں ہماری بہادر مسلح افواج نے انتہائی پیشہ وارانہ مہارت اور بھرپور عزم سے سرزمین وطن کا دفاع کیا، اس حوالے سے پاکستان کی پارلیمنٹ نے بھی نہایت مثبت اور توانا کردار ادا کیا ہے۔ میاں محمد نواز شریف نے کہا کہ قومی سلامتی کے لیے ہرقسم کی سیاسی تقسیم بھلا کر ایک آواز میں بولنا خوش آئند اقدام ہے۔ عوام کے نمائندوں نے 24 کروڑ عوام کے جذبات کی ترجمانی کرتے ہوئے اپنی بہادر مسلح افواج کا حوصلہ بڑھایا۔ سابق وزیراعظم نے کہا کہ اس فتح پر ہم اللہ تعالیٰ کا بے پایاں شکر ادا کرتے ہیں جس نے ہمیں اس امتحان میں سرخرو کیا۔ صدر مسلم لیگ (ن) نے پاکستانی میڈیا کو بھی خراج تحسین پیش کیا جس نے سچ پر مبنی بیانیہ کو دنیا کے سامنے رکھا اور دشمن کے جھوٹ کو پوری قوت سے بے نقاب کیا تاریخ شاہد ہے کہ وطن عزیز پاکستان پر دشمن نے جب بھی میلی نظر ڈالی تو پوری قوم تمام تر اختلافات بھلا کر ایک ہوگئی اور پاکستانی کی مسلح افواج کیساتھ سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن گئی۔ 1965 اور 1971 کی پاک بھارت جنگوں میں تمام شعبہ ہائے زندگی کے افراد نے اپنے اپنے طور پر حصہ لیا، ہمارے بری سپاہیوں نے سرحدوں کی حفاظت کی تو ہمارے فضائی سرفروشوں نے ہماری فضاؤں کو محفوظ بنایا، ہمارے شاعروں اور نغمہ نگاروں نے اپنے قلم سے اپنا حصہ ڈالا اور ایسے ایسے ترانے لکھے جنہیں گلوکاروں نے گا کر ہمارے سرحدی محافظوں اور شاہینوں کا لہو گرمایا اور حوصلہ بڑھایا۔ پہلگام فالس فلیگ آپریشن کے بعد ہمارے ازلی دشمن نے جب ہماری خودمختاری کی کھلم کھلا خلاف ورزی کی تو ہماری افواج نے اس کا منہ توڑ جواب دیا، پوری قوم بھی تمام چھوٹے بڑے اختلافات بھلا کر ایک ہوگئی۔ حالیہ پاک بھارت کشیدگی کے دوران ہمارے شاعروں، ادیبوں، نغمہ نگاروں نے بھی اپنا بھرپور حصہ ڈالا ہے

صدر ٹرمپ کی پذیرائی کیوں؟

اہل عرب نے جس طرح صدر ٹرمپ کی پذیرائی کی، وہ بے حسی کا ایک تکلیف دہ مظاہرہ تھا۔ ایک طرف فلسطین کا مقتل آباد تھا اور دوسری طرف اس کے سب سے بڑے ذمہ دار کے استقبال کے لیے جشن طرب برپا تھا۔ افسوس ہوا اور حیرت بھی۔ سعودی عرب، قطر، امارات سب ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر بچھے چلے جاتے تھے۔ ایسی وارفتگی ہر امریکی صدر کے لیے نہیں دکھائی گئی۔ صدر بائیڈن نے بھی سعودی عرب کا دورہ کیا تھا مگر بادشاہ نے کسی گرم جوشی کا مظاہرہ نہیں کیا۔ وہ استقبال کے لیے ایئر پورٹ بھی نہیں گئے۔ مہمان شاہی محل پہنچا تو بادشاہ سلامت اپنی جگہ کھڑے رہے اور صدر بائیڈن چل کر ان تک آئے۔ پس منظر میں امریکی صدر کا سعودی عرب کے بارے میں ایک بیان تھا جسے پسند نہیں کیا گیا۔
اس بار عربوں کے تیور ہی کچھ اور تھے۔ انہوں نے امریکی صدر کو مالا مال کر دیا۔ ٹریلین ڈالرز کے تجارتی معاہدے کیے۔ کروڑوں ڈالر کے تحفے پیش کیے۔ ہم نے پہلی بار عرب بیٹیوں کو سر عام زلفیں لہراتے دیکھا اور وہ بھی امریکی صدر کے لیے۔ ان کا بس نہیں چلتا تھا کہ کس طرح امریکی صدر کو اپنی خوشی کا یقین دلائیں اور انہیں یہ بتائیں کہ ان کی آمد کو وہ اپنے لیے کتنا بڑا اعزاز سمجھ رہے ہیں۔ حیرت امریکی صدر کی اس پذیرائی پر ہے اور افسوس اس کا کہ غزہ میں آباد مقتل کا 'قطر' کے سوا کہیں ذکر ہوا نہ کسی نے ان کے دکھ کو بیان کیا۔ جیسے ایسا کوئی واقعہ ہوا ہی نہیں۔ جیسے یہ سب افسانہ ہے۔ دنیا جانتی ہے یہ افسانہ نہیں ہے۔ یہ انسانی جسموں پر لکھی گئی ظلم کی وہ داستان ہے جو کبھی بھلائی نہیں جا سکے گی۔ صدر ٹرمپ کی موجودگی میں غزہ کے مقتل سے لاشے اٹھ رہے تھے۔ اسرائیل نے اس ظلم کو اس یقین کے ساتھ روا رکھا کہ کسی سمت سے اُسے مزاحمت کا سامنا نہیں ہوگا۔ صاف دکھائی دے رہا ہے کہ مطلوب اس خطے کو فلسطینیوں سے ہمیشہ کے لیے خالی کرانا ہے۔ یہ منصوبہ جاری ہے۔ اسرائیل کو

صدر ٹرمپ اور امریکہ کی بھرپور حمایت حاصل ہے۔ ٹرمپ بھی اسے 'جنت' بنانا چاہتے ہیں۔ دو ریاستی سے معاملہ ایک ریاستی حل کی طرف بڑھ رہا ہے۔ عرب حکمران اس تبدیلی سے صرف نظر کیسے کر سکتے ہیں؟ بظاہر ایسا دکھائی دیتا ہے کہ انہیں ان تبدیلیوں کا کوئی ادراک نہیں۔ یہی بات میرے لیے باعث حیرت ہے۔ اس لیے دل یہ ماننے پر آمادہ نہیں ہوتا۔
ایک مضبوط اسرائیل عربوں کے لیے مستقل خطرہ ہے۔ اسرائیل کو تسلیم کرنے سے یہ خطرہ کم نہیں زیادہ ہوگا۔ پھر 'گریٹر اسرائیل' کا خواب تعبیر چاہے گا۔ اردن اور مصر اس کی زد میں ہوں گے۔ مصر نے اسرائیل کو تسلیم کیا تو کیا یہ خطرہ ٹل گیا؟ امریکہ اگرچہ اب بھی وہاں موجود ہے لیکن اس کے بعد اس کا اثر مزید بڑھ جائے گا۔ یہ بات قرین قیاس نہیں کہ عرب اس متوقع منظر نامے سے واقف نہیں ہیں۔ اگر وہ واقف ہیں تو لازم ہے کہ وہ ایک مضبوط اور مکمل فلسطینی ریاست کی بات کریں۔ ایسی ریاست جو اسرائیل کی طرح آزاد اور خود مختار ہو۔ اگر وہ خود کو مجبور پاتے ہیں کہ اسرائیل کو تسلیم کریں تو اس کی واحد صورت دو ریاستی حل ہے۔ جس کی بھی کوئی علامت نہ حقیقتاً ہو۔ قطر نے صدر ٹرمپ کے سامنے جنگ بندی کی ضرورت بیان کی۔ بے گناہ شہریوں کے قتل کا حوالہ دیا۔ اسرائیلی یرغمالیوں کی واپسی کا ذکر بھی کیا۔ انہوں نے مسئلہ فلسطین کے مستقل حل پر مگر بات نہیں کی۔ اسے بھی غنیمت سمجھنا چاہیے کہ کسی نے اس پُر مسرت 'موقع' پر فلسطینیوں کو یاد رکھا۔ قطر اس سے پہلے بھی تنازعات میں ثالثی کرتا رہا ہے۔ امارات میں لیکن جشن کا سماں رہا۔ فلسطینی کسی کو یاد نہیں آئے۔ سعودی عرب کی زیادہ توجہ شام پر رہی جس کے نئے سیاسی نظم کو صدر ٹرمپ نے کمال فراخ دلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے قبول کر لیا۔ ترکیہ بھی اس عمل میں شریک تھا۔ اللہ کرے کہ اہل شام کو امن نصیب ہو۔
سوال یہ ہے کہ عربوں نے صدر ٹرمپ کے استقبال میں اتنی گرم جوشی کیوں دکھائی؟ یہ دورہ جوش سے زیادہ وقار کا حامل ہو سکتا تھا۔ میں اس سوال کا جواب تلاش نہیں کر سکا۔ بعض کا خیال ہے کہ عرب بادشاہوں کو صدر ٹرمپ کا انداز حکومت زیادہ بھاتا ہے کہ وہ مشاورت پر کم یقین رکھتے ہیں۔ جمہوری نظام کے بجائے فرد واحد سے معاملہ کرنا اہل عرب کے لیے آسان ہے۔ مجھے اس جواب سے اطمینان نہیں ہوا۔ کیا اس کا تعلق کسی ایسی تبدیلی سے ہے جو زیر زمین پرورش پا رہی ہے؟ کیا صدر ٹرمپ اور عرب حکمرانوں میں مشرق وسطیٰ کے باب میں کسی نئے بندوبست پر اتفاق ہو گیا ہے؟ میرے پاس ان سوالات کے جواب نہیں لیکن میں یہ ضرور کہہ سکتا ہوں کہ یہ غیر معمولی پذیرائی بے مقصد نہیں ہو سکتی۔ صدر ٹرمپ امریکہ کے لیے بہت سی دولت سمیٹ کر لے جا رہے ہیں۔ کم وبیش ایک ماہ پہلے جب ان کی معاشی پالیسی تنقید کی زد میں تھی تو انہوں نے ناقدین کو اپنے اس دورے کے انتظار کا مشورہ دیا تھا جسے امریکہ کے لیے وسیع معاشی امکانات کا حامل بتایا گیا تھا۔ ان کی بات سچ ثابت ہوئی۔ انہوں نے عربوں سے جو تجارتی معاہدے کیے ہیں یہ امریکی معیشت کو تازہ خون فراہم کریں گے۔ لاکھوں افراد کے لیے روزگار پیدا ہوگا۔ امریکہ کے ساتھ عربوں کی تجارت یکطرفہ ہوتی ہے۔ وہ محض خریدار ہیں۔ مال تو امریکہ کا بکے گا اور ظاہر ہے کہ فائدہ بھی اسی کا ہوگا۔ صرف قطر کی ایئر لائن 210 جہاز خریدے گی۔ اس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ امریکہ محض ایک ڈیل سے کتنی کمائی کرے گا۔ صدر ٹرمپ کا یہ دورہ اس لیے امریکہ کے لیے سراسر فائدے کا سبب ہے۔
سوال تو عربوں کا ہے کہ انہیں کیا ملا؟ عربوں کو اسلحہ ملے گا۔ اس اسلحے کا مگر ہدف کون ہے؟ ایران؟ اب ایسا دکھائی نہیں دیتا۔ ایران نے خود کو بہت کمزور کر لیا ہے۔ یہ بات اب طے ہو گئی کہ ایرانی معیشت کسی بڑے جنگی اور توسیعی منصوبے کا بوجھ نہیں اٹھا سکتی۔ ایران حزب اللہ کا دفاع نہیں کر سکا اور بشار الاسد جیسا اتحادی قصہ پارینہ بن گیا۔ وہ حماس کی مدد بھی نہیں کر سکا۔ اس لیے میرا خیال ہے کہ ایران اب عربوں کے لیے کوئی بڑا خطرہ نہیں ہے۔ سوال یہ ہے کہ اگر ایران نہیں تو پھر عرب اتنا اسلحہ کس کے لیے جمع کر رہے ہیں؟
اس سوال کے جواب میں مشرق وسطیٰ کے مستقبل کا نقشہ چھپا ہوا ہے۔ اس کا ایک سبب دفاع بھی ہو سکتا ہے۔ بظاہر عربوں کی عسکری قوت اتنی ہو کہ کوئی ان کی طرف میلی آنکھ سے نہ دیکھے۔ یہ 'کوئی' مگر کون ہو سکتا ہے؟ اگر ایران نہیں تو پھر کون؟ اسرائیل؟ کوئی تیسرا نام تو مجھے اس فہرست میں دکھائی نہیں دیتا۔ کیا عرب سمجھتے ہیں کہ انہیں بہرحال ایک فیصلہ کن معرکہ اسرائیل کے ساتھ لڑنا ہوگا؟ آج نہیں تو کل 'مشرق وسطیٰ میں ایک جنگ ہونی ہے؟ صیہونیت کی سیاسی آئیڈیالوجی یہودی پیش گوئیوں کے اشتراک سے مشرق وسطیٰ کو پھر کسی بڑے فساد میں مبتلا کر سکتی ہے؟ جو اقتدار میں ہوتے ہیں وہ اتنے سادہ نہیں ہوتے جیسے دکھائی دیتے ہیں۔

پاکستان فوری جواب دے گا!!

16 مئی بروز جمعہ پاکستان میں معرکہ حق ''بنیان مرصوص'' کی تاریخی کامیابی پر، افواج پاکستان کی خدمات اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے یوم تشکر منایا گیا۔ اس موقع پر ملک بھر میں خصوصی تقریبات، سیمینارز اور دعائیہ اجتماعات کا انعقاد کیا گیا۔ شہداء کی قبروں پر پھولوں کی چادریں چڑھائی گئیں اور فاتحہ خوانی کی گئی۔ اس دن کا مقصد قوم کو افواج پاکستان کی قربانیوں اور خدمات سے آگاہی اور ان کے ساتھ اظہار یکجہتی تھا۔ یوم تشکر کی مناسبت سے وفاقی حکومت نے تمام سرکاری اداروں کو ہدایت کی تھی کہ وہ اس دن کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے خصوصی پروگرامز اور سرگرمیوں کا انعقاد کریں جن میں ہماری نوجوان نسل کو بتایا جائے کہ پاکستان کتنی قربانیوں سے حاصل کیا گیا اور اس آزادی کو برقرار رکھنے کے لیے ہمارے بہادر جوان کس طرح کفن سر پر باندھے سیسہ پلائی دیوار بنے سرحدوں پر کھڑے ہیں اور ہمہ وقت بیدار ہیں اور دشمنوں کے لیے ننگی تلوار ہیں۔۔ یوم تشکر کے ذریعے پاکستانی قوم نے اپنے شہداء اور غازیوں کی قربانیوں کو یاد کیا اور ان کے عزم و حوصلے کو سراہا اور ڈی جی آئی ایس پی آر نے دنیا کو پیغام دیا کہ انڈیا نے جنگ بندی کی خلاف ورزی کی تو پاکستان فوری جواب دے گا کیونکہ ہم سینچتے ہیں کشت سحر اپنے لہو سے۔۔ مانگے ہوئے سورج سے سویر نہیں کرتے!
معرکہ حق سے مراد عموماً حق و باطل کی جنگ ہوتی ہے، یعنی ایسی جدوجہد جسے حق و انصاف یا مذہبی اور اخلاقی اصولوں پر مبنی جنگ سمجھا جائے۔ اسلامی یا نظریاتی تناظر میں یہ اصطلاح اس وقت استعمال ہوتی ہے جب کوئی قوم یا گروہ اپنے حق کے لیے دشمن قوتوں کے خلاف لڑ رہا ہو۔ جیسا کہ پاکستان کشمیر میں کھلی بھارتی دہشت گردی کے خلاف برسوں سے بیانیے کی جنگ لڑ رہا ہے یعنی جب بھارتی ریاستی پالیسی یا فوجی اقدامات کو ظلم اور دہشت گردی کے زمرے میں لایا جاتا ہے تو معرکہ حق ضروری ہو جاتا ہے اور یہ حکم خداوندی بھی ہے

کہ ''بیشک اللہ دوست رکھتا ہے انہیں جو اس کی راہ میں صف بستہ ہو کر لڑتے ہیں گویا کہ وہ ایک سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہیں۔'' بھارت کی ہمیشہ سے منافقانہ اور جنگ و جدل پر مبنی پالیسی رہی ہے، ہمیشہ منہ کی کھائی مگر باز نہیں آتا جیسا کہ ایک بار پھر بھارتی وزیراعظم نریندر مودی نے پہلگام میں سیاحوں کی ہلاکت کے بعد فوری طور پر پاکستان پر الزام عائد کر دیا تاہم، امریکی اخبار نیویارک ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق بھارت اس حملے کا الزام پاکستان پر عائد کرنے کے لیے ٹھوس شواہد نہ پیش کر سکا لیکن پاکستان کے خلاف محاذ کھول لیا جبکہ بھارتی افواج کے حاضر سروس افسران کے بیانات موجود ہیں کہ حملہ ہمارے اپنے ملک سے ہوا ہے جنہیں نوکری سے برطرف کر دیا گیا اور بھارت اپنے جھوٹے الزام پر ڈٹ گیا کہ سب سے پہلے پاکستان کے ساتھ تعلقات میں کمی کا اعلان کیا، پاکستانی سفارتکاروں کو ملک بدر کیا اور سندھ طاس معاہدہ معطل کرنے کی دھمکی دے دی جبکہ پاکستان نے صبر و تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس الزام کو مسترد کر دیا اور شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ کیا مگر بھارت کے سر پر جنگی جنون سوار تھا اور اس نے فضائی ڈرون حملوں جیسی مذموم کوششیں شروع کر دیں۔ یہی سب کچھ اس نے پلوامہ حملے کے بعد کیا تھا اور اس وقت بھی بڑی سبکی اٹھائی تھی۔ لیکن اب دنیا گلوبل ویلج بن چکی ہے اور ہر ملک کی اپنی انٹیلیجنس ایجنسی ہے یہی وجہ بھی ہے بھارت کو ہدف تنقید بنا رکھا ہے اور اگر عمیق نظری سے جائزہ لیا جائے تو بھارت سفارتی لحاظ سے تنہا ہو رہا ہے اور انڈیا بھی دو ٹکڑے ہونے جا رہا ہے کیونکہ سکھوں نے خالصتان بنانے اور مودی کے خلاف اعلان جنگ کر دیا ہے۔ بھارت میں تو یہ حال بنا ہوا ہے کہ بھارتی سینا (فوج) کے وہ افسران جو پاکستان مخالف آپریشن ''سیندور'' کا حصہ تھے انھیں بند کمروں میں چوروں کی طرح مارا جا رہا ہے اور چوراہوں پر عوام جوتے اور ٹماٹر مارتے ہیں۔ پہلے پاکستان نے دفاعی پالیسی اختیار کی اور دشمن کے ہر وار کو روکنے کی بھرپور کوشش کی اور دشمن کے سات جہاز اور کئی ڈرونز مار گرائے لیکن جب معصوم بچوں کے جنازے اٹھائے تو دل پھٹ گئے اور بھارت کو تاریخی جواب دیکر ثابت کر دیا کہ:

جہاں میں اہل ایماں صورت خورشید جیتے ہیں
ادھر ڈوبے ادھر نکلے ادھر ڈوبے ادھر نکلے

اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ پاکستان فضائیہ کی فنی مہارت اور جدید چینی ساختہ طیاروں نے پاک بھارت کشیدگی کو کم کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے اور دنیا مان گئی ہے کہ پاکستانی افواج دنیا کی بہترین افواج ہیں بلکہ غیر ملکی میڈیا لکھ رہا ہے کہ پاکستان آرمی اور پاک فضائیہ کو حقیقی جنگی حالات میں تجربہ حاصل ہے اور پاک فضائیہ فضاؤں کی بادشاہ ہے۔ پاک نیوی تو ڈبو ڈبو کر مارتی ہے جس کی بڑھتی صلاحیتوں کا اعتراف حال ہی میں بھارتی نیول چیف اور دیگر ممالک کر چکے ہیں۔ پاک فضائیہ نے اپنی مہارت، ایمانی قوت اور حب الوطنی کے جذبے سے سرشار ہو کر اپنے سے دو گنا بڑے دشمن کو گرا دیا ہے۔ ہم نے بھارت کے سات طیارے نہیں گرائے بلکہ مودی گرایا ہے جو اپنی دہشت گرد کارروائیوں کیوجہ سے خطے کے لیے خطرہ بن چکا ہے اور اسی بنا پر کہنے پر مجبور ہوں کہ ہندو بنئے کی فطرت کبھی نہیں بدل سکتی اور یہ ہمارا دوست نہیں بن سکتا اس لیے ہمارے کرتا دھرتا کو چاہیے کہ حالیہ سیز فائر کو حتمی نہ سمجھا جائے اور جب تک ہمارے بنیادی تنازعات کا حل نہیں ہوجاتا جن میں سرفہرست کشمیر اور پانی ہے تب تک دوستی اور تجارت کے راستے نہ کھولیں جائیں اور ہمیں سمجھ جانا چاہیے کہ آزادی بھیک میں نہیں ملتی بلکہ بڑھ کر چھیننی پڑتی ہے اور آج وقت آگیا ہے کہ ہم سمجھ جائیں:

کیا گیا ہے غلامی میں مبتلا تجھ کو
کہ تجھ سے ہو نہ سکی فقر کی نگہبانی

ہمیں اپنی دردمندی اور بے نیازی کی قیمت کو سمجھتے ہوئے اپنے زور بازو پر بھروسہ کرنا، دو قومی نظریہ کا فرق نسلوں کو سمجھانا ہوگا اور ''بنیان مرصوص'' کی مجسم تصویر بننا ہوگا اور سوچنا ہوگا کہ کیا حصول پاکستان کے مقاصد شرمندہ تعبیر کیوں نہیں ہو سکے کیونکہ نظریہ پاکستان کی بقا میں ہماری بقا ہے۔۔
''بیشک اللہ دوست رکھتا ہے انہیں جو اس کی راہ میں صف بستہ ہو کر لڑتے ہیں گویا کہ وہ ایک سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہیں۔'' بھارت کی ہمیشہ سے منافقانہ اور جنگ و جدل پر مبنی پالیسی رہی ہے، ہمیشہ منہ کی کھائی مگر باز نہیں آتا جیسا کہ ایک بار پھر بھارتی وزیراعظم نریندر مودی نے پہلگام میں سیاحوں کی ہلاکت کے بعد فوری طور پر پاکستان پر الزام عائد کر دیا تاہم، امریکی اخبار نیویارک ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق بھارت اس حملے کا الزام پاکستان پر عائد کرنے کے لیے ٹھوس شواہد نہ پیش کر سکا لیکن پاکستان کے خلاف محاذ کھول لیا

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔

درستگی نام ولدیت
R.No..........61408

درستگی نام ولدیت
میری پک اپ ماڈل 1992 رجسٹریشن نمبر WAA.210 چیسز نمبر Ln.850088925 انجن نمبر 2L.2847470 بنام سید قمر عباس ولد سید فضل حسین لورالائی میں گم ہو گئے ہیں جسکو ملے 03328059956 پر اطلاع کریں
نمائندہ لورالائی......

پبلک کلب اور ماڑہ کی کابینہ کا انتخاب، الٰہی بخش صوالی صدر منتخب

اور ماڑہ (یو این اے) پبلک کلب اور ماڑہ کی نئی کابینہ کا انتخاب عمل میں لایا گیا جس میں الٰہی بخش صوالی کو صدر منتخب کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پبلک کلب اور ماڑہ کے اراکین نے مشترکہ مشاورت کے بعد متفقہ طور پر نئی کابینہ کا انتخاب کیا ہے۔ نئی کابینہ کے اراکین میں الٰہی بخش صوالی صدر، نسیم نائب صدر، محمد طارق سیکرٹری، شفیق خدا گنج ڈپٹی سیکرٹری، عبدالرافع سیکرٹری مالیات ...

جنرل سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی دینے پر مبارکباد

افضل، ڈی سی میر بلوچ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

کیسکو کا بجلی چوری کے خلاف گرینڈ آپریشن درجنوں کنکشن منقطع

صارفین زحمت سے بچنے کے لیے فوری طور پر بل کی ادائیگی کو یقینی بنائیں

بجلی چوری کرنے والے قومی مجرم ہیں ان سے ہرگز رعایت نہیں برتی جائے گی

کوہلو، محکمہ زرعی انجینئرنگ کے زیرِ اہتمام ترقیاتی کاموں کا انجینئر غلام قادر مری جائزہ لے رہے ہیں

غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کارروائی کی جائے گی، ذکاء اللہ درانی

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر زیارت ذکاء اللہ درانی کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس منعقد ہوا ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسر لطیف اللہ ترشین، ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسر ڈاکٹر یاسر طاہر، ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس افسر علی اصغر، ڈی ڈی او نقیب اللہ کاکڑ، تحصیلدار میمونہ فہیم، ڈی ڈی او غلام رسول کاکڑ، ڈی ڈی او تحصیل فرزانہ ارباب، جی ٹی اے کے صدر محمد نور ...

ڈپٹی کمشنر زیارت کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس

... عوام کو کسی بھی شکایت کا موقع نہ دیں عوامی شکایات پر قانونی کارروائی کی جائے گی۔

ڈپٹی کمشنر چاغی، عطاء المنعم کا سرحدی شہر براپچہ کا دورہ

ایگزٹ پوائنٹ کا جائزہ، علاقائی معتبر شخصیات سے ملاقات کی

دالبندین (خ ن) ڈپٹی کمشنر چاغی، عطاء المنعم نے آج پاک افغان سرحدی شہر براپچہ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ایگزٹ پوائنٹ کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے علاقائی معتبر شخصیات سے ملاقات کی اور ان کے مسائل بغور سنے۔ جن میں تجارتی سرگرمیوں، بنیادی سہولیات، اور سرحدی آمد و رفت سے متعلق امور شامل تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے یقین دہانی کرائی کہ ضلعی انتظامیہ عوامی مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کرے گی، اور علاقے کی ترقی و خوشحالی کے لیے مثبت حکمت عملی اپنائی جائے گی۔

عوامی مسائل کا حل ترجیحی بنیادوں پر کیا جائے گا، کمشنر نصیر آباد

عوام میں خوف و ہراس بڑھ رہا ہے فوری مؤثر اقدامات کی ضرورت ہے

اوستہ محمد، امین عمرانی میر عمران جمالی کی عیادت کر رہے ہیں

ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل سٹاف کی حاضری کو یقینی بنایا جائے گا، اظہر شہزاد

اوستہ محمد پولیس تھانہ سٹی عملے کی کارکردگی لائق تحسین ہے

ڈکیتی کی تین وارداتوں میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے مال مسروقہ برآمد کیا

پولیس گشت میں اضافہ کیا داخلی و خارجی راستوں پر کڑی نگرانی شروع کرا دی

بھاری اکثریت سے بجٹ منظوری خوش آئند ہے، میر لطیف

مستونگ (نامہ نگار) قبائلی شخصیت میر ضلع کونسل چیئرمین میر لطیف محمد حسنی نے ضلعی کونسل اجلاس کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھاری اکثریت سے بجٹ منظوری خوش آئند ہے۔ ...

بزدلانہ حملے ہمارے حوصلے پست نہیں کر سکتے، نصیب اللہ مری

خضدار میں اسکول بس پر دہشتگرد حملہ انسانیت سوز اور قابل مذمت ہے

کوہلو (نمائندہ مشرق) سابق صوبائی وزیر اور پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما میر نصیب اللہ خان مری نے خضدار میں اسکول بس پر دہشتگرد حملے کو انسانیت سوز اور قابل شدید مذمت قرار دیتے ہوئے کہا ہے ...

خضدار میں سکول بس پر حملہ افسوسناک و شرمناک ہے، سکندر عمرانی

واقعہ کی جتنی بھی مزمت کی جائے کم ہے ملوث دہشتگردوں کو گرفتار کیا جائے

کنٹریکٹ اساتذہ کی تعیناتیوں، دکی کے 94 بند سکولز کھل گئے

دکی (خ ن) SBK اور کنٹریکٹ اساتذہ کی تعیناتیوں کی بدولت دکی کے 94 بند سکولز کھل گئے ...

حکومت میری تجویز کردہ اسکیمات کو ترجیح دے رہی ہے، سنجے پنچوانی

اقلیتی برادری کی فلاح و بہبود کیلئے متعدد اسکیمات زیرِ غور ہیں، صوبائی مشیر

چھتر (نامہ نگار) صوبائی مشیر مذہبی امور اقلیتی سنجے کمار پنچوانی نے کہا ہے کہ پورے صوبے کے اقلیتی برادری کے مسائل کے حل کے لیے صوبائی حکومت سنجیدہ اقدامات اٹھانے کی بھرپور کوشش کر رہی ہے ... آنے والے نئے مالی سال 2025-26 کے بجٹ میں ڈیرہ مراد جمالی میں خواتین ووکیشنل ٹریننگ سینٹر کا قیام بھی عمل میں لایا جائے گا۔

بعدالت جناب سول جج اول احمد صاحب کوئٹہ

R.No. 61407

بعدالت تحصیلدار ڈیرہ مراد جمالی

... 24/01/2022 کو وفات پا گیا ہے ... 20 مئی کو میرے دستخط و مہر سے جاری ہوا
نمائندہ DM

بعدالت جناب قاضی 1/گارڈین جج ڈیرہ مراد جمالی

گارڈین درخواست نمبر 19/2025
... 3/6/2025 ... 21/5/2025 ...
نمائندہ DM

بعدالت محمد شاہ کاظمی نائب تحصیلدار چھتر

اشتہار بنام عوام الناس
... آج یہ اشتہار مورخہ 20/5/2025 کو میرے مہر دستخط سے جاری ہوا
نمائندہ DM

TENDER NOTICE

The Executive Engineer, Urban Planning & Development Department ,Kalat Division at Khuzdar invites the sealed tenders based on Composite Schedule of Rates 2023, Government of Balochistan, amended up-to-date from interested Contractors / Firm who have the renewal for the year 2024-25, for the following works:

S.#	Name of Works.	E/Cost.
1.	CONSTRUCTION OF COMMUNITY CENTER FOR GOTH MEHMOODANI BALOCH **TSE-242505721413**	5,940,692/-
2.	CONSTRUCTION OF COMMUNITY HALL SHER MUHAMMAD CHANNA**TSE-242505721533**	5,940,692/-

The Procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014 amended up to date. **BASIC ELIGIBITY:** The Firm/ Contractors must have valid registration with Pakistan Engineering Council who also has deposited case for renewal (2024-25) in relevant Category. Firms (Single Entity) having valid registration with Pakistan Engineering Council (PEC) in the Category C-5/-6 or above and the relevant Specialized code. The firm must register in Balochistan Revenue Authority and presence in active tax payer list (ATL) Valid Registration with Income Tax & Presence in Active Tax Payer List in FBR (ATL) Turnover at least of last three years. The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work. The bids must accompany Bid Security in the form of Call Deposit or Bank Guarantee of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan. Other Mandatory conditions and Detail Criteria mentioned in the Bidding Documents. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single Stage-Two Envelope Procedure. **ISSUANCE:** The firms/contractors can also download the bidding documents from the BPPRA website at www.bppra.org.pk. The tender processing fee of Rs. 1,000/- for the above mentioned tender each must be deposited in the government treasury under the head of account C-03870 through the Green Challan Form at the National Bank of Pakistan (NBP) detail mentioned in bidding documents. **Deadline of Submission**: The bidding Documents duly filled and attached with supporting documents must be delivered in sealed envelopes by hand or through registered mail to the address mentioned below on or before on 11/06/2025 at 12:45 PM. **Tender Opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the undersigned at 1:45 PM. Address: Office of the Executive Engineer Urban Planning & Dev: Department, Kalat Division at Khuzdar. Telephone No. 0848413467 Bid Validity Period: Ninety (90) Days.

EXECUTIVE ENGINEER
Urban Planning & Dev: Department
Kalat Division at Khuzdar

PRQ No.4527/21-5-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-242505723053 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer Building Physical Planning & Housing Department District Mastung. invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee Rs.1000/- and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF PROTECTION WORKS AT KADKOCHA THANA DISTRICT MASTUNG	5,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million)In Relevant Category And Specialized Code is CE09 , CE10 . Turn over of at least 3,500,000 PKR Amount in2 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 05 June, 2025during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 05 June, 2025till 12:00 PM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 01:00 PM **Address:** Office of the Executive Engineer Building Physical Planning & Housing Department District Mastung.

Phone no: 0843895419 Email: eebuildingmastung@gmail.com

Executive Engineer Building CW PP&H Department District Mastung.

PRQ No.4534/21-5-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The BURN UNIT SPH invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-242505722721 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender Fee Rs.1000/-**

S.NO	CLASS OF OBJECT	BID SECURITY
1	Manufactured Vehicles & Accessories **(Total Item(s) Count: 1)**	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 10,000,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 8,500,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee Local presence of 3s dealership in Quetta Authorized 3S Dealership **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 04 June, 2025till 11:30 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:30 PM on EPPS System **Address:** Burn Unit Sandeman (Provincial) Hospital Quetta

Phone no: 0819201662 Email: Manzoor7813535@gmail.com

HEAD OF DEPARTMENT BURN UNIT SPH QUETTA

PRQ No.4530/21-5-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

INVITATION OF QUOTATION-BASED PROCUREMENTS

Sealed bids are invited from well-reputed and registered laboratories. Eligible bidders must be registered with relevant departments for the **Framework Contract** for the Balochistan Health Card Program (BHCP) for the FY 2025-26.

The procurement process shall be conducted in accordance with the **BHCP Policy Guidelines 2024**, issued by the Health Department, Government of Balochistan.

1. **Eligibility Criteria for laboratory:**

a. The laboratory must be registered with the Income Tax Department and listed as an Active Taxpayer with the Federal Board of Revenue (FBR).

b. The laboratory supplier must hold a valid sales tax registration / or equivalent with the FBR.

c. The bidder must be financially strong and fully functional 24/7 round the clock.

d. Declaration on Affidavit duly signed by Notary Public/Oath Commissioner on **Rs.100/-** Stamp Paper declaring that their firm is currently non- Blacklisted **or** Penalized for any Default or any delivery to Govt./non-Govt. Institutions through-out Pakistan must be attached.

e. The laboratory must have valid license and registration.

f. Preference will be given to those who's laboratory is near to our institution.

g. The list of all tests performed in the laboratory must be attached.

h. All available Laboratory equipment list must also be attached.

I. A single-stage, one-envelope procedure will be used for quotation's opening.

j. The financial quotation must include the **maximum possible discounts** in percentage.

k. Approval after final comparative assessment, the final work order will be granted by designated procurement committee of the hospital for BHCP.

l. An undertaking certificate on Rs: 100/- Judicial Stamp Paper agreeing to the terms and conditions of the bidding process must be submitted.

m. **Mode of Payment:** Payments will be made within **120 days** of supply completion, subject to completion of all required official/financial documentations and processes.

n. All payments will be made via bank transfer to the firm's valid account.

o. The undersigned has the authority to cancel the procurement process at any stage or extend the date of quotation submission.

2. **Submission Deadline:** Sealed Quotations envelops must be submitted by **Monday the 04th, June 2025**, not later than **12:00 PM**, at the office of the undersigned, after the stipulated time no quotation will be accepted.

3. **Quotation Opening:** All submitted quotations will be opened on **04th, June 2025** at **01:00 PM** in the presence of the Hospital Procurement Committee at office of the Medical Superintendent Sandman Provincial Hospital, Quetta.

MEDICAL SUPERINTENDENT Sandeman (Provincial) Hospital Quetta

PRQ No.4533/21-5-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The DG Labour & Manpower invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-242505722311 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.Tender Fee Rs.1000/-**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Manufactured Vehicles & Accessories **(Total Item(s) Count: 1)**	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 20,000,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 13,000,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee Availibility of Workshop and Spare parts in Quetta original equipment manufacturer Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP) 3 years **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 04 June, 2025till 10:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 11:00 AM on EPPS System **Address:** Samungli Road Quetta

Phone no: 0819204191 Email: pdchildlabour2016@gmail.com

DIRECTOR GENERAL LABOUR WELFARE BALOCHISTAN

PRQ No.4537/21-5-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The SENIOR DEVELOPMENT OFFICER GWADAR invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2018 on Percentage Rates

Tender Fee Rs.1000/- and Bid Security 2% for each work

S.No	Name of Work's	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF 12 NOS WATER TANKS AND LAYING OF PIPE LINE AT UNION COUNCIL CHIB KALMATI DISTRICT GWADAR **TSE- 242505721613**	4,941,000
2	PURCHASE & SUPPLY OF GARBAGE RAKSHA, BOWSER AND DUSTBINS FOR THE UNION COUNCIL PISHUKAN DISTRICT GWADAR **TSE- 242505721593**	4,941,000
3	DEVELOPMENT WORKS AT UNION COUNCIL GUNZ DISTRICT GWADAR **TSE- 242505721573**	4,941,000
4	CONSTRUCTION OF 14 NOS WATER TANK AT VARIOUS AREAS OF UNION COUNCIL PALLARY DISTRICT GWADAR**TSE242505721563**	4,941,000
5	DEVELOPMENT WORKS OF UNION COUNCIL GUBD KALATO DISTRICT GWADAR **TSE- 242505721443**	4,941,000
6	DEVELOPMENT WORKS OF UNION COUNCIL DORE GHATTI DISTRICT GWADAR **TSE- 242505721403**	4,941,000
7	SUPPLY / LAYING OF 6" & 3" DIA PVC PIPELINE AT CHABARI WARD TO CHAIRMAN SHAKEEL BAZAAR & G.T GATE PISHUKAN DISTRICT GWAAR **TSE- 242505721363**	4,941,000
8	SOLARIZATION OF MASJID & ZIKAR KHANA & SUPPLY OF DUSTBIN FOR UNION COUNCIL SURBANDAR DISTRICT GWADAR **TSE- 242505721283**	4,941,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:**Single Stage One Envelope Bidding Procedure (TSE-242505721613, TSE- 242505721593, TSE-242505721573, TSE-242505721563, TSE- 242505721443, TSE-242505721403, TSE-242505721363, TSE-242505721283) **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. **Last Date and Time of Bid Submission** 10 June, 2025 at 12:00 PM and will be opened on same day at 01:00 PM **Address:** Assistant Director Local Govt Gwadar near by old DC office Gwadar **Phone no:** 0330244393 **Email:** addostmuhammad@gmail.com

SENIOR DEVELOPMENT OFFICER GWADAR

AB No.1135/21-05-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کے وفد کی نے ڈی آئی جی نصیر آباد سے ملاقات

چوری رہزنی اور عوامی عدم تحفظ کے بڑھتے ہوئے احساس پر تبادلہ خیال کیا گیا

بھاگ (نامہ نگار) آل پارٹیز ایکشن کمیٹی بھاگ کے ایک نمائندہ وفد نے حالیہ امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال کے تناظر میں ڈی آئی جی نصیر آباد کیپٹن (ر) عاصم خان سے اہم ملاقات کی ملاقات کے دوران وفد نے ضلع کچھی بالخصوص بھاگ اور گردونواح میں بڑھتے ہوئے جرائم چوری رہزنی اور عوامی عدم تحفظ کے بڑھتے ہوئے احساس پر تفصیل سے روشنی ڈالی آل پارٹیز ایکشن کمیٹی بھاگ کے وفد میں چیئرمین ایکشن کمیٹی بھاگ سید ارشد الدین شاہ جنرل سیکرٹری ایکشن کمیٹی بھاگ حافظ اصغر علی مغیری جاموٹ قومی موومنٹ کے مرکزی رہنما کامریڈ نور احمد جاموٹ نیشنل پارٹی کے تحصیل صدر وقار مراد سومرو جمعیت علماء اسلام کے تحصیل امیر مولانا محمد یوسف گویا پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما آغا وحید ملہیری جماعت اسلامی تحصیل بھاگ رہنما قاضی اسد اللہ سندیلہ پاکستان تحریک انصاف کے رہنما حفیظ بلوچ بولان یوتھ اتحاد کے ضلعی صدر وڈیرہ محمد سلیم جتوئی انجمن رہنما چوہدری نند لعل تاجر رہنما حاجی محمد رمضان جمالی جاموٹ قومی موومنٹ کے رہنما سید صابر شاہ و دیگر شامل تھے وفد نے ڈی آئی جی نصیر آباد کو موجودہ صورتحال سے آگاہ کرتے ہوئے نشاندہی کی کہ پولیس نفری کی کمی گشت نہ ہونے اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بروقت کارروائی نہ ہونے کی وجہ سے عوام سخت پریشانی کا شکار ہیں وفد نے مطالبہ کیا کہ امن و امان کی بحالی کے لیے فوری اور موثر اقدامات کیے جائیں ڈی آئی جی نصیر آباد کیپٹن (ر) عاصم خان نے وفد کی شکایات کو نہایت سنجیدگی سے سنا اور فوری طور پر نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ اعلیٰ افسران کو پولیس نفری میں اضافے اور موثر گشت کے احکامات جاری کرنے کی ہدایت کی

عوام کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے، غلام سرور بھیو

جرائم کی بیخ کنی، امن و امان کی بہتری کے لیے عملی اقدامات کیے گئے ہیں

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس نصیر آباد غلام سرور بھیو نے کہا ہے کہ علاقے میں قیام امن، جرائم کی بیخ کنی اور عوام کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا ہوا ہے۔ بدھ کے روز اپنے دفتر میں بے نظیر بھٹو شہید پریس ... ایس پی غلام سرور بھیو نے مزید بتایا کہ حالیہ دنوں سٹی پولیس نے سی آئی اے پولیس کے ساتھ مل کر شہر میں ہونے والی دو بڑی ڈکیتیوں میں ملوث ملزمان کو گرفتار کیا، اور نقدی رقم کے ساتھ قیمتی اشیاء کی برآمدگی عمل میں لائی گئی، جو اس حکمت عملی کا واضح نتیجہ ہے، ایک سوال کے جواب میں انہوں ...

خوشحال عوام ترقی یافتہ بلوچستان مسلم لیگ کا ویژن ہے، طاہر نعمانی

شہباز شریف بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے اقدامات کر رہے ہیں

... صدر علی اکبر چنہ بھی موجود تھے طاہر نعمانی نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ جب بھی برسر اقتدار میں آئی ہے عوام کو ریلیف فراہم کرنے اور بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کیے ہیں موجودہ عوامی حکومت وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف کی قیادت میں کمر توڑ مہنگائی کا خاتمہ ... جیت لیا ہے انہوں نے کہا کہ ہم امید کرتے ہیں چودری نعیم کریم اپنے خدمات بہتر انداز میں سرانجام دیتے ہوئے نوجوانوں کی فلاح و بہبود کے لیے بہتر اقدامات کریں گے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نظریاتی کارکنان چودری نعیم کریم کو منتخب ہونے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں

ضلعی انتظامیہ اور محکمہ تعلیم کی مشترکہ کاوشیں رنگ لانے لگیں

کوہلو، ایس ایس ٹی کی 112 نئی اسامیوں پر تعیناتی کے احکامات جاری

اوستہ محمد، میر جان محمد جمالی سے فائق علی جمالی اور حاجی غلام مصطفیٰ رند ملاقات کر رہے ہیں

والدین کا ماسٹر پلان عوام کے لیے ڈیزاسٹر پلان بن چکا ہے، جمعیت

گاڑیاں بڑے گڑھوں میں گر رہی ہیں، لوگوں کو جانی و مالی نقصان پہنچ رہا ہے

سانحہ خضدار دلخراش واقعہ اور قابل مذمت ہے، بابو فیض

دہشت گرد عناصر کسی مذہب قانون اور انسانیت کے قائل نہیں ہیں

ڈپٹی کمشنر بارکھان عبداللہ کھوسو کا زیر تعمیر بارکھان رکنی روڈ کا دورہ

روڈ کے کام کی وجہ سے مسافروں، ٹرانسپورٹرز کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

... کو بارکھان تا رکنی روڈ کی تعمیر کے میں تیزی لانے کیلئے سختی سے ہدایت جاری کردی۔ انہوں کہا نے کہ روڈ کے نامکمل ہونے کی وجہ سے مسافروں۔ بیماروں اور ٹرانسپورٹروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ انہوں مزید کہا کہ روڈ کا کام بلا ناغہ جاری رہنا چاہیے۔ تاکہ مقامی لوگوں اور ٹرانسپورٹروں کو سہولت میسر آسکے۔ نے زیر تعمیر بارکھان تا رکنی روڈ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ ایکسین بی اینڈ آر فضل محمد زرکون تھے۔ انہوں روڈ پر ہونے والے کام کو چیک کیا۔ ڈپٹی کمشنر عبداللہ کھوسو نے روڈ پر سفر کرنے والی گاڑیوں کے ڈرائیوروں سے بھی انکے مسائل سنے۔ ڈرائیوروں کا کہنا تھا کہ روڈ کو بننے میں بہت زیادہ عرصہ ہوا ہے جو کہ مکمل ہونے کا نام ہی نہیں

اوستہ محمد، ڈی سی منیر احمد کاکڑ اور پیپلز پارٹی کے بلال صادق عمرانی تبادلہ خیال کر رہے ہیں

ڈی آئی جی نصیر آباد کی زیر صدارت ایس ایس پی آفس میں اجلاس

نصیر آباد (نامہ نگار) ڈی آئی جی نصیر آباد ریج کیپٹن (ر) عاصم خان کی زیر صدارت ایس ایس پی آفس نصیر آباد میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں شہید کانسٹیبل ذوالفقار دھرپالی کیس میں ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں جے آئی ٹی ٹیم کے اراکین سمیت اعلیٰ پولیس افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ایس ایس پی نصیر آباد غلام سرور بھیو، ایس پی ہائی وے عبدالعزیز سرپراہ، اے ایس پی سٹی سرکل محمد طیب اقبال، ایس ڈی پی او تمبو خاوند بخش کھوسہ، ایس ڈی پی او چھتر غلام حیدر منجھو، سی آئی اے انچارج سب انسپکٹر بہادر علی ڈوکی، انسپکٹر سکندر علی رند، اور سب انسپکٹر محمد رفیع لانگو موجود تھے۔ ڈی آئی جی نصیر آباد ریج کیپٹن (ر) عاصم خان نے جے آئی ٹی اراکین سے کیس کی موجودہ صورتحال پر فرداً فرداً تفصیلی بریفنگ لی۔

اوتھل شہر میں قانونی خدمات کی فراہمی کے نئے باب کا آغاز ہوگیا

اوتھل (نامہ نگار) اوتھل شہر میں قانونی خدمات کی فراہمی کے ایک نئے باب کا آغاز ہوگیا، جہاں نوجوان ایڈووکیٹ محمد شکیل رونجھو کی سربراہی میں شکیل لاء ایسوسی ایٹس کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا، افتتاحی تقریب ایک پروقار انداز میں منعقد ہوئی جس میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی، تقریب کے مہمان خاص لسبیلہ بار ایسوسی ایشن کے صدر عبدالواحد رونجھو تھے جنہوں نے افتتاحی فیتہ کاٹ کر شکیل لاء ایسوسی ایٹس کا باضابطہ افتتاح کیا اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے نوجوان وکیل محمد شکیل رونجھو کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ لسبیلہ کے ضلعی ہیڈکوارٹر اوتھل میں ایک فعال اور باصلاحیت وکیل کا اپنے دفتر کا آغاز کرنا قابل تحسین قدم ہے

برشور توبہ کاکڑی اور کمیٹی ضلع کاریزات برشور بننے دیں، محمد خان ترین

مشران سے بلاواسطہ اور بالواسطہ رابطے کیے لیکن جواب ہر بار منفی آیا ہے، قبائلی رہنما

پشین (پ ر) قبائلی رہنما ملک محمد خان ترین نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ پشین بچاؤ تحریک کا موقف اس دلیل کے ساتھ درست ہے کہ چونکہ ضلع پشین کی آبادی آٹھ لاکھ پینتیس ہزار ہے۔ اور اس میں توبہ کاکڑی برشور، کاریزات، پشین حرمزئی اور سرانان سب شامل ہے۔ اور یہ تمام برادر اقوام کا مشترکہ گھر ہے۔ کئی سالوں سے ضلع پشین کی آبادی زیادہ ہونے اور ڈی سی، ڈی ایچ او، ڈی ای او اور دیگر دفاتر کی کارکردگی عوام کی رش کی وجہ سے متاثر ہونے اور وسائل کی تقسیم زیادہ آبادی پر ہونے کی وجہ سے ضلع پشین میں نئے ضلعے یا اضلاع کے قیام کی ضرورت محسوس کی جارہی تھی۔ اب اگر گھر بھائیوں کے مابین تقسیم ہورہی ہے۔ تو تمام بھائیوں کے مابین منصفانہ تقسیم ہونا چاہیے۔ ایکس نومبر دو ہزار بائیس کے ضلع کاریزات برشور کے نوٹیفکیشن کو غنیمت جان کر ہم سب خوش ہوئے تھے۔ برشور والوں نے ہیڈکوارٹر پر اعتراض کی آڑ میں دھرنا دے کر ہیڈکوارٹر بدلنے یا الگ ضلع برشور توبہ کاکڑی بنانے کیلئے نیا نوٹیفکیشن کروانے کی بجائے اسوقت کے وزیر اعلیٰ سے صرف کاریزات کو ضلع بنانے اور برشور توبہ کاکڑی کو واپس پشین میں شامل کرنے کا بائیس نومبر دو ہزار بائیس کا غیر منصفانہ اور غیر قانونی نوٹیفکیشن جاری کروا کر جشن منایا۔ اس نوٹیفکیشن کو پشین بچاؤ تحریک اور برشور توبہ کاکڑی کے سنجیدہ لوگوں نے پشین، سرانان، حرمزئی اور برشور توبہ کاکڑی کے عوام کے لئے اس وجہ سے نقصان دہ سمجھا۔ اس لئے پشین بچاؤ تحریک نے اس نوٹیفکیشن کو مسترد کرکے اس کی واپسی اور ایکس نومبر دو ہزار بائیس ضلع کاریزات برشور کے نوٹیفکیشن کی بحالی کیلئے احتجاج کیا اور دھرنا دیا۔ پشین بچاؤ تحریک نے وزیر اعلیٰ کے ساتھ مذاکرات میں دونوں نوٹیفکیشنز کی واپسی کا فیصلہ اس شرط پر قبول کیا۔ کہ پشین، برشور توبہ کاکڑی اور کاریزات کی کمیٹیاں باہمی صلاح مشورے سے پشین میں نئے اضلاع مع ذویژن، تحصیلوں اور سب تحصیلوں سے متعلق جو بھی ڈرافٹ وزیر اعلیٰ کے سامنے رکھیں گے۔

معصوم بچوں کو نشانہ بنانا انسانیت پر حملہ ہے، عبدالودود سنجرانی

بزدلانہ کارروائی انسان دشمن عناصر کی ذہنی پستی اخلاقی دیوالیہ پن ہے

دالبندین (نمائندہ خصوصی) خضدار اسکول وین پر دہشتگردوں کے حملے کی ڈسٹرکٹ چیئرمین خان عبدالودود خان سنجرانی کی شدید مذمت۔ ڈسٹرکٹ چیئرمین خان عبدالودود خان سنجرانی نے خضدار میں اسکول وین پر دہشتگردوں کے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم بچوں کو نشانہ بنانا انسانیت پر بدترین حملہ ہے، جس کی کسی مہذب معاشرے میں کوئی گنجائش نہیں انہوں نے کہا کہ یہ بزدلانہ کارروائی انسان دشمن عناصر کی ذہنی پستی اور اخلاقی دیوالیہ پن کی غمازی کرتی ہے۔ دہشتگردی کے ایسے واقعات ناقابل برداشت اور ناقابل معافی ہیں چیئرمین نے کہا کہ قوم کو معصوم بچوں کے خلاف ہونے والے اس بہیمانہ حملے نے غمزدہ کر دیا ہے، حکومت جلد ان دہشت گردوں کو گرفتار کر کے نشان عبرت بنائیگی۔ انہوں نے متاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم ان کے غم میں برابر کی شریک ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم سب کو مل کر دہشتگردی کے ناسور کو جڑ سے ختم کرنا ہوگا تاکہ آنے والی نسلیں محفوظ مستقبل پا سکیں۔

NOTICE INVITING TENDER

The Chief Officer Municipal Committee Mastung invites sealed percentage tender based on Composite Schedule of rates 2023,under Grant in aid for the year 2024-25 from interested contractors/ firm for the work listed below;; Earnest Money 2%, Time limit 30 June 2026 for each work

S.No	Name of Work	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF SEWERAGE LINE AT KILLI GAZGI MC MASTUNG TSE-242505716933	1,400,000
2	CONSTRUCTION OF SEWERAGE LINE AT KILLI KHWASAM MC MASTUNG TSE-242505716963	1,400,000
3	CONSTRUCTION OF SEWERAGE LINE AT KILLI MUTRABA MC MASTUNG TSE-242505716973	1,400,000
4	CONSTRUCTION OF SEWERAGE LINE AT KILLI MUHAMMAD SHAHI MC MASTUNG TSE-242505716983	2,600,000
5	CONSTRUCTION OF SEWERAGE LINE AT KAREZ FATIMA MALIK MUHAMMAD AFZAL STREET MC MASTUNG TSE-242505717003	2,600,000
6	CONSTRUCTION OF LOCAL BORE AT WARD NO 14 MC MASTUNG TSE-242505717163	3,000,000
7	PROVISION & INSTALLATION OF SOLAR STREET LIGHTS WITH OUT POLE AT CITY AREA MC MASTUNGTSE-242505717243	4,000,000

The procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules,2014, **BASIC ELIGIBILTY**: The Contractor must have valid registration with tax authorities i.e. (NTN and sales Tax Department), where applicable. **METHOD OF PROCUREMENT**: Single stage – One envelope procedure. **TERMS & CONDITIONS:** All bids must be accompanied by a Bid security in the amount of Rs 2% of estimated amount inform of call deposit. Experience in relevant field. The firm should have valid registration with PEC till June 2026. The approved Bid will be subject to stamp duty levied by the Government Rules. The Contractor should submit their documents personally. The competent authority reserve the bids subject to relevant provisions of BPPRA rules. Original affidavit that firm is neither blacklisted nor indulged in litigation with any Government department. Further terms & Conditions and evaluation criteria are mentioned (incorporated) in detail in bidding documents on BPPRA website **BIDDING / TENDER DOCUMENTS**: **Issuance**: Documents will be issued from the date of publication till submission date and time on production of green challan from amounting Rs: (1500) – (as bidding documents charges) deposited in the account No. **4037280725** of M/C Mastung in National Bank of Pakistan. **Submission**: Last date of Submission will be **(02 June , 2025)**, at (10:00AM) **Opening**: The tender document will be opened on **(02 June , 2025)** at (11:00.AM) **Place**: of issuance, submission, inquiries and opening will be :- Address: **Office of the Municipal Committee Mastung**
Phone No: 0333-6399261

AB No.1130/21-5-2025

CHIEF OFFICER
MUNICIPAL COMMITTEE MASTUNG

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

درخواستیں مطلوب ہیں

وہ تمام امیدواران جنہوں نے محکمہ انڈسٹریز ویونگ حکومت بلوچستان میں PRQ No. 2596/30-12-2024 کے تحت مشتہر کی گئی مختلف آسامیاں کے لئے درخواستیں جمع کی تھیں ان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ چند ناگزیر وجوہات کی بنا پر وہ آسامیاں منسوخ کی جاتی ہیں۔ لہٰذا وہ اب دوبارہ نئی درخواستیں جمع کریں۔

نمبر شمار	نام آسامی بمعہ گریڈ	ٹوٹل	مطلوبہ قابلیت	زون/ڈویژن
1	اسسٹنٹ بوائلر انسپکٹر B-14	1	تین سالہ ڈپلومہ الیکٹریکل یا میکینیکل ٹیکنالوجی کسی بھی مسلمہ ادارے سے اور 2 سالہ تجربہ متعلقہ شعبہ میں	میرٹ
2	اسسٹنٹ رجسٹریشن آفیسر BPS-14	1	بیچلر ڈگری کسی بھی مسلمہ ادارے	کوئٹہ سٹی
3	آڈیٹر BPS-14	1	بی کام ڈگری کسی بھی مسلمہ ادارے سے	قلات زون
4	اکاؤنٹنٹ BPS-14	1	بی کام ڈگری کسی بھی مسلمہ ادارے سے	میرٹ
5	اسسٹنٹ بوائلر رجسٹریشن BPS-12	1	ہائیر سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ سائنس میں کسی بھی مسلمہ ادارے سے اور ایک سالہ ترجیحی کورس متعلقہ شعبہ میں	میرٹ
6	اسسٹنٹ سیکورٹی انسپکٹر BPS-12	1	ہائیر سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ کسی بھی مسلمہ ادارے سے	مکران زون
7	اسسٹنٹ انسپکٹر ریکوری BPS-12	1	ڈی کام کسی بھی مسلمہ ادارے سے	قلات زون
8	ڈرافٹس مین BPS-11	1	ہائیر سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ کسی بھی مسلمہ ادارے سے بمعہ ڈپلومہ ڈرافٹس مین شپ میں	میرٹ
9	سرویئر BPS-11	1	سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ بمعہ تین سالہ ڈپلومہ ان ایسوسی ایٹ آف انجینئرنگ میں کسی بھی مسلمہ ادارے سے۔	میرٹ
10	ڈرائیور BPS-04	1	مڈل پاس سرٹیفکیٹ بمعہ 2 سالہ تجربہ اور LTV/HTV ڈرائیونگ لائسنس	میرٹ

ضلع کوئٹہ

نمبر شمار	نام آسامی مع گریڈ	تعداد اسامی	مطلوبہ قابلیت	کاغذات جمع کرانے کا پتہ
1	نائب قاصد BPS-01	02	پڑھا لکھا	ڈائریکٹر جنرل انڈسٹریز بلوچستان سریاب روڈ کوئٹہ

ضلع خضدار

نمبر شمار	نام آسامی مع گریڈ	تعداد اسامی	مطلوبہ قابلیت	کاغذات جمع کرانے کا پتہ
1	خاکروب BPS-01	02	پڑھا لکھا	انڈسٹریل ڈویلپمنٹ آفس، خضدار
2	چوکیدار BPS-01	01	پڑھا لکھا	انڈسٹریل ڈویلپمنٹ آفس، خضدار

ضلع ڈیرہ مراد جمالی

نمبر شمار	نام آسامی مع گریڈ	تعداد اسامی	مطلوبہ قابلیت	کاغذات جمع کرانے کا پتہ
1	چوکیدار BPS-01	01	پڑھا لکھا	انڈسٹریل ڈویلپمنٹ آفس، ڈیرہ مراد جمالی

ضلع نوشکی

نمبر شمار	نام آسامی مع گریڈ	تعداد اسامی	مطلوبہ قابلیت	کاغذات جمع کرانے کا پتہ
1	چوکیدار BPS-01	02	پڑھا لکھا	کارپٹ ٹریننگ سینٹر، نوشکی
2	خاکروب BPS-01	01	پڑھا لکھا	کارپٹ ٹریننگ سینٹر، نوشکی
3	نائب قاصد BPS-01	01	پڑھا لکھا	کارپٹ ٹریننگ سینٹر، نوشکی

ضلع پنجگور

نمبر شمار	نام آسامی مع گریڈ	تعداد اسامی	مطلوبہ قابلیت	کاغذات جمع کرانے کا پتہ
1	چوکیدار BPS-01	02	پڑھا لکھا	انڈسٹریل ڈویلپمنٹ آفس، پنجگور
2	خاکروب BPS-01	01	پڑھا لکھا	انڈسٹریل ڈویلپمنٹ آفس، پنجگور
3	نائب قاصد BPS-01	01	پڑھا لکھا	انڈسٹریل ڈویلپمنٹ آفس، پنجگور

ضلع قلعہ عبداللہ

نمبر شمار	نام آسامی مع گریڈ	تعداد اسامی	پڑھا لکھا	کاغذات جمع کرانے کا پتہ
1	چوکیدار BPS-01	01	پڑھا لکھا	کارپٹ ٹریننگ سینٹر، قلعہ عبداللہ

شرائط: (1) درخواستیں سادہ کاغذ پر بنام ڈائریکٹر جنرل انڈسٹریز بلوچستان، کوئٹہ کے دفتر میں دستی یا بذریعہ ڈاک مورخہ 20-06-2025 تک موصول ہو جانی چاہیے (2)۔ ہر امیدوار اپنی درخواست کے ساتھ اپنے کاغذات لازمی طور پر تصدیق کرائے غیر تصدیق شدہ کاغذات منسلک کرنے کی صورت میں درخواست ناقابل قبول ہوگی اور درخواست کے ساتھ ایک عدد تازہ ترین تصویر بمعہ شناختی کارڈ بھی جمع کرانی ہوگی (3) عمر کی حد 18 سے 43 سال ہونی چاہیے (4) پہلے سے سرکاری ملازم اپنی درخواستیں محکمہ کے توسط سے جمع کروائیں (5) مطلوبہ معیار پر پورا اترنے والے امیدواروں کو ٹیسٹ اور انٹرویو کے لئے حکومت بلوچستان کی جانب سے تشکیل شدہ کمیٹی کے رو برو پیش ہونا ہوگا (6) انٹرویو/ٹیسٹ کے دن امیدوار اپنی اصل اسناد بمعہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ لازمی طور پر ہمراہ لائے (7) مشتہر شدہ اسامیوں میں کمی بیشی ہو سکتی ہے (8) انٹرویو کے لئے آنے والے امیدواروں کو کسی قسم کا سفری خرچ نہیں دیا جائے گا (9) ٹیسٹ انٹرویو کی تاریخ کو جلد ہی اخبارات کے ذریعے مشتہر کیا جائے گا (10) درجہ چہارم کی آسامیوں کے لیے صرف متعلقہ ضلع کے امیدوار اہل ہوں گے (11) حکومت بلوچستان کے احکامات کے تحت معذور، اقلیت و خواتین کا کوٹہ مروجہ قوانین کے تحت ہوگا۔

ڈائریکٹر، انڈسٹریز
بلوچستان کوئٹہ

PRQ No 4539/21-05-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

REQUEST FOR PROPOSAL

TSE-242505723484 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Request for Proposal for selection of Consultancy service invited on Electronic Public Procurement System (EPPS) from well reputed national/International firms (JV) / service provider meeting with eligibility criteria, viz having registration with FBR for Income Tax and BRA and who are on Active Taxpayers List (ATL) having registration with PEC as a Consulting Engineering Firm, and are not black listed in any procuring agancyv or authority for prepration of Hiring of ***"Consultancy Services from Consulting Firms"*** Titled as ***Detailed Design and Construction Supervision of Two-Way Road (2 x 3.5 km) from N-70 to Loralai University, District Loralai (Revised)*** **Bid Seucirty 2% Detail as under:**

S.No.	Description	E/Cost
1	Detailed Design and Construction Supervision of Two-Way Road (2 x 3.5 km) from N-70 to Loralai University, District Loralai (Revised)	9,148,619

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 2 Assignments of Similar Nature and Complexity Turnover of at least 9,000,000 PKR Amount in 1 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan PEC/PCAD Registration **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. The **FINANCIAL PROPOSALS** shall be opened of those consultants whose technical proposal is considered and approved. The Selection of Consultants shall be made as per Evaluation Criteria method as mentioned in the 'Date Sheet' of this "Request for Proposal" document. The incomplete request for proposal or received after due date mentioned above will not be considered. The RFP Documents can be downloaded from BPPRA Website **(www.bppra.gob.pk)**. **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **04 June, 2025** till **09:00 AM**. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **10:00 AM Address:** Office of the Executive Engineer Road, District Loralai **Phone no:** 0824410031
Email: dawoodtareenxen@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER ROADS
CW PP&H DEPARTMENT
DISTRICT LORALAI

PRQ No.4535/21-05-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer Public Health Engineering Division Awaran invites sealed bids /tenders based on composite Schedule of rates 2023 Government of Balochistan from eligible contractors/firms/manufactures /authorities licensed by the **Pakistan engineering Council** in the relevant category **C6** and having valid NTN, Sales Tax, BRA, specialization in **CE-09,CE-10,EE-04,** for the mentioned WSS Civil Works and Bore. Further more, the Solar System of Mentioned WSS are invites sealed bids /tenders from the reputable Dealer/ Distributor having Three Last Year Work Orders which Hold (Thirty Millions); Goods Declaration Slip, Shipment Documents & its verification Letter. having valid NTN, Sales Tax, BRA and PEC licence till June 2025 with Specialization code **CE04, and EE11** for the whole or single item work which will be completed in stipulated time. if any bidder not fulfilled the requirements are not eligible, the committee have authority to reject the Bidder. The details are given below: The Tender fee will be deposit through Green Challan in National Bank of Pakistan Branch under the head of Account No #: C0-2726

S.#	NAME OF WORK		Estimated Cost	Earnest Money 2% in shape of deposit at Call	Bidding Documents Fee	Time Limit for Completion
1	WSS Gohram Darga Shareef Hassan Goth Pirander					
i	Drilling of Bore	TSE-242505719123	2071000	41500	2000	Jun-26
ii	Supply of Solar System	TSE-242505719633	1412000	28500	1000	
iii	Civil Work	TSE-242505719213	978993	20000	1000	
iv	Supply of Pipe	TSE-242505719343	226411	5000	1000	
2	WSS Khuda Bakhsh Muhammad Eissa Nadago Pirander					
i	Drilling of Bore	TSE-242505719423	2071000	41500	2000	
ii	Supply of Solar System	TSE-242505719683	1412000	28500	1000	
iii	Civil Work	TSE-242505719453	978993	20000	1000	
iv	Supply of Pipe	TSE-242505719513	226411	5000	1000	

The procurement shall be made under BPPRA Rules 2014. Eligibility: The contractors must have registration with,Tax authorities' i.e (NTN & Sales Tax department, BRA),Valid registration with Pakistan Engineering Council in Category who have deposited / renewal fee for the Year 2024-25, and Manufacture/Firms should be renewed from PEC Department Quetta Balochistan.» **Firms of Pipe must be manufacture, dealers other wise should not bother to participate in tendering process.» Firms of Solar must be reputable Dealer/ Distributor, having Three Last Year Work Orders work with PHE Department in last Year 2024-2025, Goods Declaration Slip, Shipment Documents & its verification Letter. The contractor/Firm shall provide a port clearance certificate. verification letter of cradit (LC)/ IQRA Charges/ Bill of Landing all documents should be provide in the office of undersigned, other wise should not bother to participate in tendering process. (Joint Venture is not allowed)» the bidder must provide undertaking that his/their firm has not been black listed any where in Pakistan.» the bidder/Contractor has an office in the province with representative office in the District/ Province.» only complete bids received on due date and time shall be considered eligible.Method of Procurement:** Single stage, One envelope.**Bid Security:** the bid must a company bid security in the shape of call deposit of amount specified above in the name of the under signed from a schedule bank.**Tender Documents:** The Contractor/Firm Should Download Tender Documents by self from www.bppra.org.pk**Issuance of tender documents:** From the date of publication of **NIT to 13-06-2025** During office hours on week days**Last date of Bid Submission:** The tender should be submitted on **13-06-2025 till at 11:00 AM** at the office of under Signed.**Opening:** All tenders will be opened on same day at the office of under signed at **12:00 AM** . **Place of Issuance, submission inquires and opening will be:Address: Public Health Engineering, Division Awaran.** The terms and conditions can be seem / Obtain from Office of the undersigned.
Phone No: 0856511107 Email Address: phedawaran@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER
PHE DIVISION AWARAN

PRQ No.4532/21-05-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Chief Officer Municipal Committee Uthal invites sealed percentage tender based on composite schedule of rates 2023, GOB, amended up-to-date from interested contractors / firms for the works listed below; **Time Limit 06 Month, Earnest Money 2%. Tender Fee Rs.1000/- and Bid Security 2% for each work.**

S#	NAME OF WORK	E/COST
1.	Repair of Community Hall & 2 Nos Latrine Goth Dawood Mouza Kanger Uthal. **TSE-242505720073**	1.5 M
2.	Construction of Sewerage Line at Ward No.6 Ghulani Goth Uthal. **TSE-242505721623**	1.5 M
3.	Construction Sewerage System Magsi Colony Uthal. **TSE-242505721893**	1.5 M
4.	Construction of PCC Streets at Kacha Colony, Jamot Colony, & Ghaforabad Uthal. **TSE-242505721913**	3.0 M
5.	Rehabilitation/ Additional Work of Community Center Nathalani Dura Goth Uthal. **TSE-242505721953**	0.7 M
6.	Construction of 6 Nos Water Tanks at Goth Hamza s/o Ayoub, Goth Habib Ullah , Goth Nabeel s/o Ahmed, Goth Habibullah s/o Muhammad Essa , Goth Dost Muhammad s/o Muhammad Chib Mandra & Goth Imam Bakhsh s/o Majeed Phati Uthal. **TSE-242505721983**	2.2 M
7.	Construction of Sewerage & Drains at Kumbhar Mohalla, Muhammad Khan Mohalla, and Revenue Colony Ward No.12 Uthal. **TSE-242505722003**	1.5 M
8.	Construction of Drains at Marri No.6 Ward No.13 Uthal. **TSE-242505722013**	0.7 M
9.	Construction of Boundary Wall & Repair of Room Khaskheli Jamat Khana Uthal. **TSE-242505722063**	2.0 M
10.	Construction of Boundary Wall of Veera Hall at Family Park Hindu Mohalla Uthal. **TSE-242505722103**	1.5 M
11.	Digging of Bore With Solar System at Goth Usman Mouza Kandiaro Uthal **TSE-242505722163**	3.0 M
12.	Repair of Community Hall at Hashim Bura Goth Mouza Jannar Uthal & Fixing of Solar Plates already exit Bore at Haidar Shah Goth Chib Mandra Uthal & Laying of Tuff Tiles at Pir Kabir Shah Uthal. **TSE-242505722233**	2.8 M
13.	Construction of Sewerage System & Tuff Tiles Main Bazar MC Uthal. **TSE-242505722263**	12.50 M
14.	Cleaning of Phullai Nala MC Uthal. **TSE242505722343**	2.5 M
15.	Construction of Janaza Gah Shade at Deir Peer Qabristan Uthal. **TSE-242505722393**	1.5 M
16.	Construction of Community Hall at Pir Baqir Shah Pir Goth Uthal. **TSE-242505722403**	2.0 M

Regulatory, Rules 2014 and Pakistan Engineering Council By-Laws. Basic Eligibility: The Contractor must have fresh valid registration i.e. 2025 registered with Pakistan Engineering Council (PEC) in relevant category code and registration with tax authorities i.e. (NTN, sales tax Department and BRA). The bidders must have completed (3) assignment of similar nature of works in last (3) years according to estimated cost. The bidder must submit their last three years bank statements and turnover according to estimated cost. All pages must be signed, stamped and marked from 1st to last page Further criteria are mentioned in bidding documents. **METHOD OF PROCUREMENT**: Single stage – One envelope Bidding procedure. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS**: **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Deposit at Call** of **2%**specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Issuance**: Documents will be issued from the date of publication till submission date and time on production of green Challan form amounting Rs: **(1000)** Non-refundable – (as bidding documents charges) deposited in the account of Chief Officer Municipal Committee Uthal(NBP Uthal Branch **(4048275149)** **Submission**: Last date of Submission will be **(05-06-2025), at 11:00.am) Opening**: The tender document will be opened on **(05-06-2025) at (12:00pm)**(bid will be opened within one hour of the deadline for submission of bids), before procurement committee in the presence of contractors or their authorized representatives. **Place**: of issuance, submission, inquiries and opening will be :-
Address: **Office of the Municipal Committee Uthal**
Phone No: 0853-920015
E-mail address: municipalcommitteeuthal@gmail.com
Eligibility of Bidders: Presence in Active Tax Payer List. The bidding firm must not be black listed by any procuring agency of Pakistan. Balochistan Revenue Authority Registration is required.

CHIEF OFFICER
MUNICIPAL COMMITTEE
UTHAL

AB No.1127/21-5-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1 وزیراعلیٰ

کے ساتھ کھڑی ہے اس لئے دشمن کو عبرتناک شکست کے بعد اب وہ بلوچستان میں کارروائیاں کررہے ہیں بلوچستان میں تخریب کاری کی اطلاعات تھیں مگر بے گناہ بچوں سے شکست کو بدلہ لینے کی توقع نہ تھی بزدل دہشتگرد بی ایل اے، بی ایل ایف اور دیگر دہشتگرد بچوں کو خون سے نہلا رہے ہیں بچوں کے خون کا بدلہ دہشتگردوں سے ہر صورت میں لینگے پہلے بھی کہہ چکا ہوں کہ کسی بلوچ نے پنجابی کو نہیں دہشتگردوں نے پاکستانیوں کو شہید کیا تھا بچوں کے مقدس خون کی قسم ریاست خاموش نہیں رہے گی انڈیا سے رقم لیکر کارروائیاں کرنے والوں کی کوئی قوم نہیں افغانستان کی سرزمین بار بار پاکستان کے خلاف استعمال ہورہی ہے افغانستان کی حکومت دنیا کے سامنے کیے گئے وعدے کی پاسداری کرے فورسز ناکام نہیں ہوئیں پوری کامیابی کے ساتھ کارروائیاں کررہی ہیں تشدد کی جنگ کوئی حقوق کی جنگ نہیں ہے ریاست دہشتگردوں کو چن چن کر مارنے کی صلاحیت رکھتی ہے منفی پروپیگنڈا کرنے والوں کے خلاف بھی ریاست نے ماں ہونے کا ثبوت دیا اب ریاست سخت رویہ اپنائے گی نرمی نہیں دکھائے گی اور ہارڈ اسٹیٹ کا مقصد بھی ملک دشمن اور دہشت گردوں کے ریاست قانونی کارروائی کرتے ہوئے اقدامات اٹھائے گی انہوں نے کہا کہ قومی دھارے میں ایسے لوگ آئے تھے جنہوں نے معافی مانگی اور وہ اپنی غلطی کو تسلیم کرتے تھے کہ وہ بہکاوے میں آکر لوگوں کو نقصان پہنچا رہے تھے اور انہوں نے اپنی غلطی مان کر سرنڈر کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے کسی علاقے میں فوجی آپریشن نہیں ہورہا ٹارگٹ کارروائیاں اور انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن فورسز کرتے ہیں اب خاموش تماشائی بننے کا وقت گزر چکا بچوں کے ساتھ ایک ڈرائیور اور اس کا ہیلپر بھی شہید ہوا ہے حکومت کے لے سوات طرز کا آپریشن کرنا مشکل کام نہیں اس طرف نہیں جائیں گے دہشتگردوں کو عوامی حمایت حاصل نہیں وہ خوف کی وجہ سے ان کو سپورٹ کرتے ہیں انہوں نے بتایا کہ گزشتہ سال 280 سے زائد دہشتگرد مارے گئے ان کو منطقی انجام تک پہنچارہے ہیں دہشتگردی سے نمٹنے کے لیئے قانون سازی لارہے ہیں اور قانون میں ترامیم کرکے مسنگ پرسنز کے مسئلے کے حل کیلئے سینٹرل یونٹ بنارہے ہیں تاکہ انہیں رکھا جائے اور ان سے تحقیقات کی جاسکیں۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ تحریک طالبان اور بی ایل اے کی نائی ایک ہے حکومت سیکورٹی دینے میں ناکام نہیں غلطیاں حکومت اور ریاست سے ہوتی ہیں ہمیں اپنی غلطیوں سے سبق سیکھ کر اصلاح کرکے آگے بڑھنا چاہئے فورسز کی چیک پوسٹ بلاوجہ ختم کی گئی اس لئے ہمیں چیک پوسٹ ختم کرنے کی بجائے اس میں بہتری لانی چاہئے تاکہ اس طرح کے واقعات کا تدارک کا ممکن بنایا جاسکے۔ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ پی ایس ڈی پی شفاف بنارہے ہیں اصلاحات کا نتیجہ دنوں میں سامنے نہیں آتا بلکہ اس میں وقت درکار ہوتا ہے انہوں نے بتایا کہ علیحدگی پسندوں کی جنگ کا حال بھی ترکی جیسا ہوگا اس تحریک کا انجام کشت و خون کے سوا کچھ نہیں اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ محکمہ ایجوکیشن میں میرٹ پر نوجوانوں کو ملازمتیں دے رہے ہیں اور حکومت کی پہلی ترجیح میرٹ اور شفافیت پر تقرریاں اور تبادلے ہیں جس کے لئے اقدامات اٹھارہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ خضدار دھماکہ کا شکار بس میں 46 بچے سوار تھے شدید زخمیوں کو کوئٹہ منتقل کردیا گیا انہوں نے بتایا کہ اس واقعہ کی اطلاع ملی تھی کہ ابے، دیول بلوچستان میں حملہ کرینوالا ہے اب عالمی برادری کو دیکھنا ہوگا کہ کس طرح دہشت گردی ہورہی ہے بزدل دہشت گردوں نے آسان ٹارگٹ چنا ہے۔ بسوں کو اور پاکستانیوں کے بعد بچوں کو نشانہ بنایا گیا ہے ایک بار پہلے بھی بچوں پر حملہ کیا گیا تھا۔ موسیٰ خیل اور ٹرین کے حملہ آور جہنم واصل ہو چکے ہیں ماؤں نے صبح تیار کرکے بچوں کو اسکول بھیجا تھا، دہشت گردوں نے خون میں نہلا دیا۔ میرا وعدہ تھا سڑکیں بند نہیں ہونگیں اب بند نہیں ہوتی انہوں نے بتایا کہ ابتدائی تحقیقات کے مطابق خضدار دھماکہ ریموٹ کنٹرول ڈیوائس سے کیا گیا ہے مکمل تحقیقات کے بعد پتہ چلے گا کہ خودکش تھا یا اور کسی قسم کا تھا۔

بقیہ 2 سکول بس دھماکہ

سمیت 6 افراد شہید ہوگئے جبکہ 38 زخمی ہوئے دھماکے سے بس تباہ ہوگئی دھماکے کی آواز دور دور تک سنی گئی دھماکے کی اطلاع ملتے ہی متعلقہ انتظامیہ، پولیس، سیکورٹی فورسز اور بم ڈسپوزل اسکواڈ کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں علاقے کو گھیرے میں لیکر زخمیوں اور نعشوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا شدید زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد کوئٹہ کمبائنڈ ملٹری ہسپتال منتقل کردیا گیا دھماکے سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق بلوچستان کے علاقے خضدار میں بدھ کو سکول بس پر دہشتگرد حملہ کیا گیا، بزدلانہ حملے میں اسکول کے معصوم بچوں کی بس کو نشانہ بنایا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق خضدار میں بزدلانہ حملے کی منصوبہ بندی دہشتگرد ریاست بھارت میں کی گئی، بلوچستان میں بھارتی پراکسیز نے اس بھیانک منصوبے کو انجام دیا، میدان جنگ میں ناکامی پر بھارت بلوچستان اور کے پی میں پراکسیز سے دہشتگردی کروا رہا ہے۔ذرائع کے مطابق شہید طالبات میں ثانیہ سومرو، حفظہ کوثر، عیشا سلیم، ڈرائیور اور ہیلپر سمیت 6 شہید اور 38 زخمیوں کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر خضدار کا کہنا ہے کہ دھماکے میں 35 بچے زخمی ہوئے ہیں جنہیں طبی امداد فراہم کی جارہی ہے۔ سی ایم ایچ انتظامیہ کے مطابق خضدار دہشتگرد حملے کے 14 زخمی سی ایم ایچ کوئٹہ منتقل کیے گئے ہیں جن میں ایک خاتون، ایک مرد اور 12 بچے شامل ہیں جب کہ بعض کی حالت تشویشناک ہے۔ نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی پولیس کے مطابق بس میں 40 سے زائد بچے سوار تھے۔ مزید کارروائی متعلقہ انتظامیہ کررہی ہے۔

بقیہ 3 وزیراعظم

بھارتی حمایت یافتہ دہشتگردی کے خلاف جنگ کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے۔ وزیراعظم شہباز شریف، وزیر دفاع خواجہ آصف، وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیر اطلاعات عطاءاللہ تارڑ اور آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کوئٹہ کا دورہ کیا اور دہشتگرد حملے میں زخمی ہونے والوں کی عیادت کی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان اور کمانڈر کوئٹہ نے دہشتگرد حملے میں شہید اور زخمی ہونے والوں کے بارے میں بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ اس حملے میں 4 معصوم بچیاں اور 2 فوجی جوان شہید ہوئے، جبکہ 39 معصوم بچوں سمیت 53 افراد زخمی ہیں۔ سیکیورٹی یقینی بنانے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لارہے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف اور آرمی چیف نے دہشتگرد حملے میں زخمی ہونے والوں کی عیادت کرتے ہوئے کہا کہ بھارتی پراکسیوں کے ذریعے دہشتگردی کی یہ کارروائی شرمناک اور قابل نفرت ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ بھارت کے حمایت یافتہ یہ دہشتگرد بلوچ اور پشتون قوم کے عزت اور اقدار پر بھی داغ ہیں، جو طویل عرصے سے تشدد اور انتہا پسندی کو مسترد کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کی کارروائیوں کو بچوں کو نشانہ بنانے پر بین الاقوامی برادری سے فوری توجہ کا مطالبہ کرتے ہیں۔ وزیراعظم اور فیلڈ مارشل نے کہا کہ پاکستان کی سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے اس وحشیانہ فعل میں ملوث تمام افراد کا پیچھا کریں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پوری قوم دہشت گردی کی لعنت کے خاتمے کے ساتھ ساتھ پاکستان کی خودمختاری اور سلامتی کے تحفظ کے لیے اپنی مسلح افواج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ کھڑی ہے۔اس موقع پر موجود وفاقی وزراء نے کہا کہ بھارت خطے میں عدم استحکام کا مرکز بن چکا ہے، اور اس کا اصل چہرہ دنیا کے سامنے بے نقاب ہو چکا ہے۔ وفاقی وزراء نے کہا کہ دہشتگردی کے سہولت کاروں اور مجرموں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر (ڈی سی) خضدار نے بتایا کہ ابتدائی تحقیقات میں معلوم ہوا ہے کہ اسکول بس میں دھماکا خودکش بمبار کی جانب سے خود کو اڑانے کے بعد ہوا جس میں اسکول بس میں سوار 3 بچے شہید ہوئے۔ ذرائع کے مطابق بعض زخمی بچوں کی حالت تشویش ناک ہے، شہید ہونے والی طالبات میں چھٹی جماعت کی ثانیہ سومرو، ساتویں جماعت کی حفظہ کوثر اور دسویں جماعت کی عیشا سلیم شامل ہیں۔ واضح رہے کہ بلوچستان کے ضلع خضدار میں ایک اسکول بس کو نشانہ بنایا گیا جس کے نتیجے میں 3 معصوم طالبات سے 5 افراد شہید ہوگئے۔

بقیہ 4 سی پیک توسیع

بھی اتفاق کیا گیا، وزرائے خارجہ نے خطے کی سلامتی، اقتصادی روابط کو فروغ دینے کیلئے تعاون کے عزم کا اظہار کیا اور بیلٹ اینڈ روڈ انیشیٹو پر تعاون کو گہرا کرنے پر اتفاق کیا ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق سہ فریقی وزرائے خارجہ کا 6واں اجلاس کابل میں ہوگا۔

بقیہ 5 سہولت کاری

پاکستان میں دہشت گردی پھیلانے لگیں، سیکورٹی ذرائع کے مطابق 10 مئی کے بعد بھارت کے مختلف نامی اور بے نامی سوشل میڈیا ہینڈلز نے بلوچستان پر حملوں کی دھمکیاں دیں، بھارتی سپانسرڈ کالعدم بی ایل اے کے ذریعے بھارت، بلوچستان میں دہشت گردی پھیلانے میں سرگرم ہیں، 21 مئی کو خضدار میں بی ایل اے نے سکول بس پر بزدلانہ حملہ کیا، خودکش حملہ اسی سازش کی کڑی ہے

بقیہ 6 جنرل احمد شریف

ممالک کیلئے باہمی تباہی کا باعث بن سکتی ہے، ایسی جنگ ناقابل تصور، نامعقول خیال ہونا چاہیے، بھارت اپنے بیانیے کی وجہ سے آگ سے کھیل رہا ہے، بھارت ہر چند سال بعد جھوٹا بیانیہ گھڑتا ہے، دنیا بھی اب جان چکی بھارت کا پہلے دن سے مؤقف بے بنیاد تھا، ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا حالیہ دنوں کے حالات میں پاکستان نے بہت بالغ نظری سے ردعمل دیا، پاکستان نے کشیدگی کو بڑھنے سے روکا، امن سے محبت کرتے ہیں، امن کو ترجیح دیتے ہیں لیکن اگر بھارت کو جنگ چاہیے تو پھر جنگ سہی، جنگ کیلئے بھی تیار ہیں، بھارت جس طریقے سے بات کر رہا ہے وہ اپنی داخلی سیاست کو بہتر کرنے کا طریقہ ہو سکتا ہے، بھارت ہر چند سال بعد جھوٹا بیانیہ گھڑتا ہے، سیاست، سفارتکاری پاک فوج کے دائرہ اختیار میں نہیں آتے، ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا اصل تنازع اب بھی کھڑا ہے، اصل مسئلے میں کسی وقت بھی چنگاری ڈالی جاسکتی ہے، بھارت گھمنڈ کا شکار ہے، حالات کو دیکھیں، 10 مئی کے بعد کتنے دن گزر چکے مگر بھارت میں جو بیانیہ چلایا جارہا ہے وہ اب بھی جاری ہے، بھارت جس طرح بات کر رہا ہے وہ اپنی داخلی سیاست کو بہتر کرنے کی کوشش بھی ہے، کیا آپ کو بھارت میں کسی ذمہ دار سیاسی قیادت کی جھلک دکھائی دیتی ہے؟،

بقیہ 7 صوبائی وزراء

وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ، وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی، صوبائی وزیر صنعت و حرفت سردار کوہیار خان ڈومکی، صوبائی وزراء سردار زادہ فیصل خان جمالی، میر ظہور احمد بلیدی نے آرمی پبلک اسکول خضدار کی بس پر بم حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سفاک دہشتگردوں نے معصوم بچوں کو اپنے مذموم مقاصد کے لیے نشانہ بنانا انتہائی قابل نفرت اور انسانیت سوز عمل ہے شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے اسے بدترین دہشت گردی قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دہشت گردی نہیں بلکہ معصومیت کے خلاف کھلی جنگ ہے بچوں کو نشانہ بنا کر دہشت گردوں نے اپنی درندگی اور گھناؤنی ذہنیت کا ثبوت دیا ہے انہوں نے اس المناک سانحے کو بلوچستان کے امن پر حملہ قرار دیتے ہوئے کہا یہ واقعہ ہماری اجتماعی حساسیت پر حملہ ہے خون کے ہر قطرے کا حساب لیا جائے گا۔ ہماری حکمت عملی صرف جوابی کارروائی تک محدود نہیں بلکہ دہشت گردوں کے پورے نیٹ ورک کو ختم کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ بھارت بلوچستان میں بدامنی کے لیے اپنے ایجنٹس استعمال کر رہا ہے۔ اور یہ وہی ذہنیت ہے جس نے مقبوضہ کشمیر میں بسوں کو نشانہ بنایا، اور آج ہمارے بچوں کو نشانہ بنا کر اپنی اصل فطرت ظاہر کر دی صوبائی وزیر نے زخمیوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کی دعا کی اور شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے دعا گو ہوئے۔ انہوں نے واضح کیا کہ بلوچستان میں امن کے لیے کسی بھی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 8 چینی ردعمل

چینی سفارت خانے کی جانب سے خضدار دھماکے پر شدید ردعمل ظاہر کیا گیا، چینی سفیر نے متاثرین سے مکمل یکجہتی کا اظہار کیا اور دہشتگردی کے واقعہ کو افسوسناک قرار دیا، سفارت خانے نے اپنے بیان میں کہا سن کر انتہائی دکھ ہوا بلوچستان میں سکول بس پر دہشتگرد حملہ کیا گیا، چین ہر قسم کی دہشتگردی اور خضدار میں ہونیوالے حملے کی مذمت کرتا ہے۔

بقیہ 9 عاصم منیر

آف آنر کی تقریب ہوئی، پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان کے مطابق پروقار موقع پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے یادگار شہداء پر پھولوں کی چادر چڑھائی، وطن عزیز کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے فاتحہ خوانی کی، ترجمان پاک فوج کے بیان کے مطابق فیلڈ مارشل نے اعزاز کو پوری قوم، مسلح افواج پاکستان، خصوصاً شہدا، سویلین و قانون نافذ کرنے والے اداروں کے جانبازوں کے نام کیا، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا اعزاز پوری پاکستانی قوم اور مسلح افواج کے بہادر سپوتوں کیلئے خراج تحسین ہے، اعزاز بالخصوص ان شہدا کیلئے جنہوں نے بھارت کی بلا اشتعال، بزدلانہ اور غیر قانونی جارحیت کیخلاف فولادی دیوار بن کر مادر وطن کا دفاع کیا۔

بقیہ 10 امریکی سفیر

امریکی سفیر نٹالی بیکر کی جانب سے یو ایس ایمبیسی اسلام آباد کے ایکس اکاؤنٹ پر بلوچستان میں دہشتگردوں کے ہونے والے حالیہ سفاک حملے کی مذمت کا پیغام پوسٹ کیا گیا نٹالی بیکر نے لکھا خضدار بلوچستان میں سکول بس پر بے رحمانہ اور سفاکانہ حملے کی مذمت میں پاکستان کے رہنماؤں کے ساتھ شامل ہیں، معصوم بچوں کا قتل ناقابل فہم ہے، اپنے پیاروں کو کھونے والے خاندانوں کے غم میں برابر شریک ہیں

بقیہ 11 عبوری ضمانت

احتجاج پر تھانہ صادق آباد میں درج مقدمے میں علیمہ خان کی درخواست ضمانت پر سماعت ہوئی، علیمہ خان اپنی وکیل کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئیں، جج امجد علی شاہ نے عبوری ضمانت میں 4 جون تک توسیع کردی

بقیہ 12 انکار کردیا

کیسز میں پولی گراف ٹیسٹ کرنے پہنچی لیکن عمران خان نے ایک بار پھر ٹیسٹ کرانے سے انکار کردیا، ذرائع کے مطابق بانی پی ٹی آئی نے تفتیشی ٹیم کو اپنا موقف تحریری شکل میں بھجوادیا۔

بقیہ 13 اصولی فیصلہ

افغان طالبان حکومت آنے کے بعد مکمل سفرا تعینات نہیں کیے گئے تھے، ذرائع کے مطابق دونوں ممالک اپنے اپنے ضابطہ کار کے تحت اندرونی عمل مکمل کریں گے پھر انڈرسٹینڈنگ پر عملدرآمد کرلیا جائے گا۔

بقیہ 14 عمرایوب

اسکول بس میں معصوم بچوں پر حملہ بلوچستان میں بدامنی بڑھانے کی کوشش ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں نے اسکول بس پر حملہ کرکے درندگی کی مثال قائم کی۔ عمر ایوب خان نے دہشتگرد حملے میں معصوم بچوں اور اساتذہ کی شہادت پر دکھ کا اظہار کیا ہے۔ عمر ایوب نے کہا کہ ذمہ داران کے فوری تعین اور انہیں قرار واقعی سزا دی جائے۔ عمر ایوب نے معصوم بچوں کو نشانہ بنانے والے دہشت گردوں کو کیفر کردار تک پہنچانے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ دھماکا دشمن کی ملک میں عدم استحکام پیدا کرنیکی گھناؤنی سازش ہے۔ انہوں نے کہا کہ معصوم بچوں کو نشانہ بنانے والے درندے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ اپوزیشن لیڈر نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے بھی دعا کی۔

بقیہ 15 عطاتارڑ

طاقت نہیں رکھتا، قومی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے عطا تارڑ نے کہا دشمن کی کوشش ہے بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں فتنہ الخوارج کی سپورٹ سے دہشتگردی کرائی جائے، بزدل دشمن نے سکول کے بچوں پر وار کیا، دشمن طاقت اور جرات نہیں رکھتا روایتی جنگ میں کوئی کامیابی حاصل کرسکے کیونکہ شکست فاش ہوئی، پیپلزپارٹی کے رہنما راجہ پرویز اشرف نے کہا بھارت نے بچوں پر حملہ کرکے جنگ کے اصول بھی پامال کردیئے، جنگ کی طرح بھارت کو دہشتگردی میں بھی شکست دیں گے۔

بقیہ 16 چیف جسٹس

نے معزز چیف جسٹس ہائی کورٹ بلوچستان کو چیف جسٹس کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد دی۔

بقیہ 17 آصف زرداری

درندگی کی حدیں پار کردیں۔ ایوان صدر سے جاری بیان کے مطابق صدر آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ سکول جانے والے معصوم بچوں پر حملے انسانیت سوز اور گھناؤنا جرم ہے، بھارت پاکستان کے خلاف دہشتگردوں کی حمایت میں ملوث ہے، بھارت کے حمایت یافتہ دہشتگردوں کا مکمل طور پر قلع قمع کریں گے۔

بقیہ 18 ٹاپ ٹرینڈ

عاصم منیر ٹاپ ٹرینڈ بن گیا، عوام کی جانب سے جنرل عاصم منیر کو مبارکباد کے پیغامات موصول ہو رہے ہیں، خدمات کو خراج تحسین پیش کیا جا رہا ہے، سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر، فیس بک و دیگر پلیٹ فارمز پر صارفین نے عاصم منیر کی قیادت، ملک و قوم کیلئے خدمات اور حالیہ قومی کامیابیوں پر اظہار تشکر کیا، سوشل میڈیا پر ہزاروں صارفین نے حب الوطنی، پیشہ وارانہ مہارت اور قومی سلامتی کیلئے کردار کو سراہا۔

بقیہ 19 اسحاق ڈار

غزہ میں ہر 5 میں سے ایک شخص کو بھوک کا سامنا ہے، غزہ کی پوری آبادی کو غذائی عدم تحفظ اور قحط جیسے خطرے کا سامنا ہے، اپنے بیان میں اسحاق ڈار نے کہا پاکستان غزہ میں جاری اسرائیلی جارحیت کی مذمت کرتا ہے، غزہ میں اسرائیلی زمینی کارروائیاں خطے میں امن و استحکام کی کوششوں کیلئے خطرہ ہیں، غزہ میں ہسپتالوں اور اہم انفرا اسٹرکچر کو جان بوجھ کر نشانہ بنایا گیا۔

بقیہ 20 مذمت

واقعے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا مریم نواز شریف نے معصوم بچوں کی شہادت پر رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایک دل دہلا دینے والا واقعہ ہے، جس نے پوری قوم کو سوگوار کردیا ہے انہوں نے زخمی بچوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا بھی کی وزیر اعلیٰ پنجاب نے متاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں پنجاب حکومت بلوچستان حکومت کے ساتھ کھڑی ہے اور ہر ممکن تعاون کے لیے تیار ہے

بقیہ 21 سینیٹرز

کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے مذمتی بیان میں سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے واقعہ کو انتہائی بزدلانہ اور انسانیت سوز سانحہ قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ اپنے مکروہ عزائم کے حصول کے لئے معصوم بچوں کو نشانہ بنانا ناقابل معافی اور ناقابل قبول جرم ہے۔ جس کی بھارت اور اس کے حواریوں کو قیمت چکانی پڑے گی۔ انہوں نے کہا کہ دشمنوں نے حملہ اے پی ایس کے معصوم طالب علموں پر نہیں بلکہ پاکستان کے مستقبل پر کیا ہے۔ جس کی ہم شدید مذمت کرتے ہیں۔ شہداء کے والدین سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس عظیم سانحہ پر ہر آنکھ اشکبار ہے، ہم بچوں کے ورثاء کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ غم کی اس گھڑی میں پوری قوم والدین اور ورثاء کے ساتھ ہے اور دعا کرتے ہیں کہ والدین اور ورثاء کو جلد صبر جمیل عطا فرمائے اور شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ یہ حقیقت ساری دنیا جان گئی ہے کہ بھارت ایک دہشت گرد ریاست ہے اور بلوچستان میں بدامنی، انتشار اور دہشت گردی کے پیچھے بھارت کا مکروہ چہرہ ہے جو دہشت گردی کے لئے منظم سازشیں کرتا رہتا ہے جس کے لئے بھارت کے ٹکڑوں پر پلنے والے اور بلوچستان کے حقوق کی بات کرنے والے چند ناپاک عناصر دہشت گردی کے عمل میں بھارتی آلہ کار بنے ہوئے ہیں جو اپنے مالی مفادات کے لئے بلوچستان کے نوجوانوں کو بہکا کر مکروہ عزائم کے حصول کے لئے استعمال کر رہے ہیں

بقیہ 22 صوبائی اسمبلی

واقعہ کی بابت تاریخ میں تبدیلی کرتے ہوئے بروز سوموار مورخہ 26 مئی 2025 بوقت دوپہر 3:00 بجے تک ملتوی کیا ہے

بقیہ 23 شدید گرمی

ہائیڈریٹ رہیں۔ کسان اپنی فصلوں اور مویشیوں کا انتظام موجودہ موسمی حالات کے مطابق کریں۔ رواں ہفتے کے دوران بلوچستان کے تمام اضلاع میں ماسوائے ساحلی پٹی کے دن کا درجہ حرارت معمول سے 04 سے 06 ڈگری سینٹی گریڈ زیادہ رہنے کا امکان ہے۔

بقیہ 24 جام کمال

بزدلانہ حملے کی شدید مذمت کی ہے، جس میں معصوم بچوں سمیت افراد شہید ہوئے اور متعدد زخمی ہیں۔ بدھ کے روز جاری اپنے بیان میں وزیر تجارت نے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اس حملے کو غیر انسانی اور قابل نفرت عمل قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ معصوم طلبہ کو نشانہ بنانا ایک سفاکانہ جرم ہے، جو ان عناصر کی مایوسی اور بربریت کو ظاہر کرتا ہے جو ہمارے وطن کو عدم استحکام کا شکار کرنا چاہتے ہیں۔

بقیہ 25 اظہار یکجہتی

کے سفارت خانے جاکر سفیر خضر فرہادوف سے ملاقات کی اور پاکستان کا ساتھ دینے پر شکریہ ادا کیا، عبدالعلیم خان نے آذربائیجان کے سفیر سے گفتگو میں کہا سیاحتی ویزے منسوخ کرنا اور سوشل میڈیا مہم چلانا بھارتی ہیجان کی عکاسی ہے، آذربائیجان کو صرف پاکستان سے دوستی کے باعث نشانہ بنایا گیا۔

بقیہ 26 سزا معطلی

کیلئے متحرک ہیں، چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر اور لطیف کھوسہ قائم مقام چیف جسٹس کے چیمبر تحریک انصاف کے دیگر رہنما اسلام آباد ہائیکورٹ جاپہنچے، پی ٹی آئی رہنماؤں نے عمران خان سمیت تمام سیاسی قیدیوں کو رہا کرنے کا مطالبہ کردیا۔

بقیہ 27 پارلیمانی سیکرٹریز

دہلا دینے والا عمل ہے، جس نے پوری قوم کو غمزدہ کر دیا ہے۔ ایسے حملے نہ صرف ہماری معاشرتی اقدار کے منافی ہیں بلکہ مستقبل کے معماروں کے حوصلے کو کمزور کرنے کی ناپاک کوشش ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ واقعے میں ملوث عناصر کو جلد قانون کی گرفت میں لاکر نشان عبرت بنایا جائے تاکہ مستقبل میں کوئی بھی معصوم جان کو نشانہ بنانے کی جرات نہ کرے۔ صوبائی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے خضدار میں بچوں کی سکول وین پر ہونے والے خودکش حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے ایک بزدلانہ اور انسانیت سوز عمل قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معصوم بچوں کو نشانہ بنانا دشمن کی بزدلی اور درندگی کی بدترین مثال ہے۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ یہ حملہ نہ صرف بلوچستان بلکہ پوری قوم کے مستقبل کے معماروں پر حملہ ہے۔ انہوں نے متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ زخمیوں کو فوری اور بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور اس المناک واقعے میں ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت علی لہڑی نے خضدار میں اسکول بس پر حملے کے افسوسناک واقعے پر شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے اسے ایک بزدلانہ، سفاک اور انسانیت سوز کارروائی قرار دیا ہے۔

بقیہ 28 پی ایس ایل

کیلئے کوالیفائی کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے 210 رنز کے ہدف کے تعاقب میں اسلام آباد یونائیٹڈ کی ٹیم 20 ویں اوور میں 179 رنز پر ڈھیر ہوگئی اور یوں اسے 30 رنز سے شکست کا سامنا کرنا پڑا قذافی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نے ٹاس جیت کر بیٹنگ کا فیصلہ کوئٹہ کی جانب سے اننگز کا آغاز سعود شکیل اور فن ایلن نے کیا تاہم ابتدا میں ہی سعود آؤٹ ہوگئے، اس کے بعد فن ایلن اور رائیلی روسو نے 44 رنز کا اضافہ کیا اور روسو 16 رنز بنا کر پویلین لوٹ گئے۔ حسن نواز 6 رنز اور فن ایلن 41 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ دنیش چندی مل اور فہیم اشرف کی جارحانہ اننگز کی بدولت کوئٹہ نے مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 209 رنز دنیش چندی مل 48 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے

بقیہ 29 جعفرمندوخیل

صورتحال کو کسی بھی صورت میں خراب نہیں ہونے دینگے۔ انہوں نے قانون نافذ کرنے والے اداروں پر زور دیا کہ وہ دہشتگردی کے اس حملے میں ملوث عناصر کی جلد از جلد گرفتاری اور نہتے شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائیں۔ گورنر نے بلوچستان کو امن و آشتی کا گہوارہ بنانے کیلئے حکومت اور عوام کی مشترکہ کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔ دریں اثناء گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام (یو این ڈی پی) کی بلوچستان میں عوام کی زندگیوں کو بدلنے کے حوالے سے منصوبے لائق تحسین ہیں۔ اپنے انتھک کام کے ذریعے یو این ڈی پی نے ہمارے صوبے میں صحت کی دیکھ بھال، تعلیم، اور پینے کے صاف پانی تک رسائی کو بہتر بنانے میں اہم پیش رفت کی ہے۔

بقیہ 30 مقدمات درج

کیخلاف مقدمات درج کر لیے گئے مقدمات ریاست مخالف اور قومی سطح کی شخصیات کے خلاف ہرزہ سرائی کے تحت درج کیے گئے خاتون سمیت متعدد افراد کو گرفتار کرلیا گیا، مقدمے میں کہا گیا ملزم سوشل میڈیا پر ریاستی اداروں کے خلاف گمراہ کن پروپیگنڈے میں ملوث ہیں، پاک بھارت کشیدگی کے دوران جھوٹا اور اشتعال انگیز مواد شیئر کیا۔

بقیہ 31 صدر پی پی

والے دہشتگرد و انسانیت کے دشمن ہیں۔ اپنے بیان میں شیری رحمان نے حملے کے نتیجے میں پانچ بچوں کی شہادت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کم ظرف دہشتگردوں نے بزدلانہ کارروائی میں معصوم بچوں کو نشانہ بنایا، معصوم جانوں کو شہید کرنے والے دہشتگرد و انسانیت کے دشمن ہیں۔

بقیہ 32 جھڑپ

شدید تلخ کلامی ہوگئی جو ذاتی نوعیت کے الزامات اور معافیوں تک جا پہنچی، چیئرمین پی اے سی نے سینیٹ طور پر اکمل ولی خان پر طنز کرتے ہوئے کہہ دیا ''آپ تو لگتا ہے چرس کا سگریٹ پی کر آئے ہیں''، چیئرمین پی اے سی نے مکالمہ کرتے ہوئے کہا مجھے بھی چرس کا سگریٹ دیں،

بقیہ 33 آئی ایم ایف

بریفنگ میں بتایا گیا رائٹ سائزنگ کا عمل دسمبر 2025 تک مکمل کرلیا جائے گا، دستاویز کے مطابق پی آئی اے کی نجکاری رواں سال مکمل ہونے کی امید ہے، قومی ایئرلائن کی نجکاری کی راہ میں حائل رکاوٹیں دور کر دی گئیں، ٹیکس واجبات اور منفی ایکویٹی پر سرمایہ کاروں کے تحفظات دور کردیے

بقیہ 34 بری خبر

ملک بھر میں 10 ارب 51 کروڑ 30 لاکھ یونٹس بجلی پیدا کی گئی، جبکہ 10 ارب 19 کروڑ 60 لاکھ یونٹس بجلی تقسیم کار کمپنیوں کو فراہم کی گئیں، رپورٹ کے مطابق اپریل میں بجلی کی اوسط پیداواری لاگت 8.94 روپے فی یونٹ رہی جبکہ ریفرنس لاگت 7.68 روپے فی یونٹ مقرر تھی۔

بقیہ 35 بیرسٹر گوہر

قوم اتحاد قائم کرے اور متحد رہے اگر بھارت نے دوبارہ کچھ ایسا کیا تو پوری قوم ملکر جواب دے گی، جنگ کی فضا اب بھی موجود ہے، رابطے بحال نہیں ہوئے لیکن بانی پی ٹی آئی نے کہا ہے اسٹیبلشمنٹ کیساتھ مذاکرات کے دروازے کبھی بند نہیں ہوں گے، پی ٹی آئی پاکستان کی بڑی جماعت ہے اور عمران بڑے لیڈر ہیں اس لیے سختیاں اب ختم ہوں، کوئی جھگڑا نہیں

بقیہ 36 ناپسندیدہ

اہلکار پر سفارتی عہدے سے متصادم سرگرمیوں کا الزام ہے، پاکستانی ناظم الامور کو طلب کرکے ڈی مارش بھی دیا گیا، دوسری جانب سفارتی ذرائع کے مطابق پاکستانی وزارت خارجہ کے جوابی اقدامات پر غور شروع کردیا،

بقیہ 37 ججز ٹرانسفر

انصاف عمران خان و دیگر کی درخواستوں پر سماعت کی، وکیل بانی پی ٹی آئی ادریس اشرف نے دلائل جاری رکھے،

بقیہ 38 توہین عدالت

اور جنرل منیجر (ایچ آر) ریحان افضل کے خلاف ایک اہم فیصلہ سنایا ہے۔ یہ فیصلہ عبدالغفور ولد شیر محمد، اسسٹنٹ سیلز مین، سکھر ریجن، اور دیگر 26 ملازمین کی جانب سے دائر کردہ شکایت پر مبنی ہے۔ فیصلے کے مطابق، مذکورہ افسران کو عدالتی احکامات کی خلاف ورزی پر چھ ماہ قید اور 50 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی ہے

بقیہ 39 بیرسٹر گوہر

میں بہترین کردار ادا کیا، بھارت کیخلاف مسلح افواج کے کردار کو سراہتے ہیں، پاکستانی افواج نے بھارت کو بہترین حکمت عملی کیساتھ جواب دیا۔

بقیہ 40 سالہ بچہ ہلاک

ٹکر سے وہ موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کردی گئی۔

بقیہ 41 احتجاجی مظاہرہ

پریس کلب کے سامنے مظاہرہ کیا گیا جس میں طلباء و طالبات کی بڑی تعداد شریک تھی مظاہرین نے پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر نعرے درج تھے مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ آج بلوچستان کے علاقے خضدار میں بچوں پر حملہ کرکے معصوم بچوں کو تعلیم کے حصول کیلئے سکول جاتے وقت دہشت گردی کا نشانہ بنا کر معصوم بچیوں سمیت 6 افراد کو شہید اور 38 سے زائد کو زخمی کیا گیا

بقیہ 42 نواب زہری

شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا انہوں نے کہا شہید بچیوں کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہیں انہونے کہا معصوم بچوں کو نشانہ بنانے والے درندے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہے دشمن نے ظلم و بربریت کا مظاہرہ کرکے معصوم بچوں پر حملہ کیا ہے۔ خضدار میں معصوم بچوں کے بس پر حملہ دشمن کی ملک میں عدم استحکام پیدا کرنے کی گھناؤنی سازش ہے۔

بقیہ 43 علی مردان ڈومکی

انتہائی سفاکانہ اور انسانیت سوز عمل ہے، جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے انہوں نے کہا کہ یہ حملہ نہ صرف امن و امان پر حملہ ہے بلکہ ہر باشعور انسان کے ضمیر کو جھنجھوڑنے والا واقعہ ہے میر علی مردان ڈومکی نے شہید ہونے والے بچوں کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا

بقیہ 44 بلی مدونگ

کہا کہ نرم اہداف پر حملے بھارت کی اخلاقی پستی ظاہر کرتے ہیں بھارت نہ صرف ریاستی پالیسی کے طور پر دہشتگردی کو فروغ دے رہا ہے بلکہ اپنے ایجنٹوں کے ذریعے دہشت پھیلا رہا ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان کی جانب سے جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کے بعد بھارت اس طرح کے بزدلانہ حملے کررہا ہے معصوم بچوں کو نشانہ بنانا انتہائی بزدلانہ اور دل دہلا دینے والا عمل ہے

بقیہ 45 مولانا ہدایت الرحمان

زدہ پریشان حال عوام کی خدمت بلاتفریق رنگ ونسل کررہے ہیں الخدمت جماعت اسلامی دیانتداری سے ایماندار مخلص رضاکاروں کے ذریعے رضاکاروں کی مدد سے ہر علاقے کے ہر ضرورت مند معذور یتیم بیوہ تک مدد بلاتفریق پہنچائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ پریس کلب میں الخدمت فاؤنڈیشن کوئٹہ کے زیراہتمام معذور افراد میں مفت ویل چیئرز تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا

بقیہ 46 عطاءاللہ لانگو

میں ملوث ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچانے کی ضرورت ہے، وفاقی و صوبائی حکومتوں اور اداروں کو دہشتگردوں کے خاتمے کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھانا ہونگے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا۔ عطاءاللہ لانگو نے خضدار میں سکول کے بچوں پر دہشتگردانہ حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے بہت سے وکلا، دہشتگردی میں اپنی جانیں گنوا چکے ہیں سانحہ سول ہسپتال کوئٹہ اور آرمی پبلک سکول پشاور اور خضدار میں سکول کے بچوں پر دہشتگردی کے حملے سے عوام میں غم و غصہ پایا جا رہا ہے

بقیہ 47 عبدالخالق ہزارہ

تاریخ شجاعت، وفاداری، حب الوطنی اور جفاکشی سے مزین ہے۔ وطن عزیز اور بالخصوص بلوچستان کے ثقافتی گلدستے میں ہزارگی ثقافت اپنی منفرد شناخت اور خوشبودار پھول کے طور پر ملک و صوبے میں آباد ثقافتوں کی جھرمٹ میں اپنی خوشبو اور رنگ بکھیر رہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے یزدان خان ماڈل ہائی اسکول کے سبزہ زار پر منعقدہ ہزارہ قوم کے عالمی یوم ثقافت کی مرکزی تقریبات کے

بقیہ 48 مختار یوسفزئی

کیا تھا کہ ہم ایسی پارٹی قائم کرینگے جو ہمہ وقت فعال رہے گی اس کے اداروں کا اجلاس بروقت منعقد ہوگا جس کے فیصلے جمہوری طریقے اور اتفاق رائے سے ہونگے پارٹی اجتماعی قیادت کے تحت اپنے جدوجہد کو جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ قومی کونسل پارٹی کا اعلیٰ ترین ادارہ ہے جس کو پارٹی کے منشور و آئین میں ترمیم کرنے اور قومی، ملکی اور عالمی صورتحال کے حوالے سے پالیسیاں تشکیل دینے کا اختیار حاصل ہے پارٹی نے قومی جرگہ کے اس تاریخی اجلاس کو پشتون افغان قومی سیاسی تحریک کے عظیم رہنما عبدالرحیم خان مندوخیل کی آٹھویں برسی سے منسوب کیا تھا جنہوں نے پشتون افغان غیور ملت کی قومی تحریک میں انتہائی اہم اور تاریخی رول ادا کیا تھا۔

بقیہ 49 سردار یار محمد رند

کا نشانہ بنانے والے انسان نہیں اپنے اپنے گھروں سے تعلیم کے شوقین بچوں کی شہادت سے دل خون کے آنسو رو رہا ہے اس طرح کے بزدلانہ حملے ناقابل برداشت ہے ایسے واقعات کی روک تھام کے لئے ریاست ٹھوس بنیادوں پر عملی قدم اٹھا کر دہشت گردی میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی عمل میں لاکر بلوچستان کا مثالی امن بحال کیا جائے

بقیہ 50 صادق عمرانی

کچھ مکانات پر 2022 سیلابی مٹی کی وجہ سے پانی کی ترسیل میں رکاوٹ ہونے کی وجہ سے پٹ فیڈر کینال جھے کا ہزاروں کیوسک پانی روانگی میں رکاوٹ پیدا ہو رہا تھا جس کی وجہ سے لاکھوں ایکڑ ڈویژن نصیرآباد کی زرعی آبادی متاثر ہوتا ہے ہر سال پانی قلت زمیندار اور کاشتکار سراپا احتجاج بھی کرتے ہیں پانی کی ترسیل میں تاخیر پر وہ لوگ ویلا فضول کررہے ہیں جن کا زرعی زمین نہیں ہے

بقیہ 51 زبیدہ جلال

دکھ اور افسوس کا اظہار کرتی ہوں، معصوم بچوں اور بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا نہایت قابل افسوس اور انسانیت سوز عمل ہے۔ ننھے منے بچوں کی شہادت کی شدید مذمت کرتی ہوں۔

بقیہ 52 غزالہ گولہ

کا نشانہ بنانا نہ صرف ایک ناقابل معافی جرم ہے بلکہ اس میں بھارتی ہاتھ واضح طور پر نظر آرہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد ملک کے روشن مستقبل پر حملہ آور ہو رہے ہیں اور ان کے پیچھے بھارت کی سرپرستی میں کام کرنے والے عناصر شامل ہیں، جنہیں ہر حال میں ناکام بنایا جائے گا۔ سینیٹر آغا شاہزیب درانی نے کہا کہ یہ وقت قومی اتحاد و یکجہتی کا ہے، پوری قوم کو بھارتی سازشوں کے خلاف ایک آواز بن کر کھڑا ہونا ہوگا۔ انہوں نے شہید بچوں کے لیے جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور ان کے غمزدہ والدین کے لیے صبر جمیل و حوصلے کی دعا کرتے ہوئے حکومت بلوچستان سے مطالبہ کیا

بقیہ 53 میر شفیق الرحمن مینگل

میر شفیق الرحمن مینگل نے کہا کہ بھارتی ایماء پر خونریزی کرنے والے فاسد اب بے رحمانہ سلوک اور کارروائی کے مستحق ہیں بلوچستان میں بڑھتے ہوئے سانحات انتہائی قابل مذمت ہیں اسلام اور پاکستان کے دشمنوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے۔ جھالاوان عوامی پینل کے سربراہ میر شفیق الرحمن مینگل نے خضدار زیرو پوائنٹ کے قریب آرمی پبلک سکول کے معصوم بچوں پر ہونے والے دھماکہ میں شہید ہونے والے بچوں کے خاندانوں سے اظہار تعزیت اور زخمیوں کی صحتیابی کیلئے دعا کی ہے اُن کا کہنا تھا کہ شہداء کے خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہے پوری قوم غمزدہ ہے

بقیہ 54 امیر حمزہ زہری

ہوگئے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے کہا کہ معصوم بچوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہے یہ حملہ صرف بچوں پر نہیں بلکہ ہر ماں باپ کے خوابوں اور اساتذہ کی امیدوں اور پوری قوم کی روشن مستقبل پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک دشمن عناصر ایسے بزدلانہ حملوں سے قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتے، دشمن عناصر دہشت گردی کے ذریعے خوف و انتشار پھیلانے کی کوشش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ معصوم بچوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی دہشتگردوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے۔ انہوں نے شہید بچوں کے لواحقین سے ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا جبکہ زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی۔

بقیہ 55 لوڈشیڈنگ جاری

اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے ساتھ وولٹیج کی کمی بیشی کا مسئلہ بھی شدت اختیار کرگیا ہے۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ بجلی کی بندش کا دورانیہ 12 سے 16 گھنٹے تک پہنچ چکا ہے اور دن میں کئی کئی بار بجلی غائب ہو جاتی ہے۔ اس غیر متوقع اور طویل لوڈشیڈنگ کے باعث نہ صرف گھروں میں پانی کی قلت پیدا ہوگئی ہے بلکہ بچوں کی تعلیم اور روزمرہ کے معمولات بھی شدید متاثر ہو رہے ہیں۔ گرمی کی شدت میں اضافے کے ساتھ ساتھ بجلی کی بندش نے صورتحال کو مزید ابتر کردیا ہے علاقہ مکینوں نے کیسکو کی کارکردگی پر شدید عدم اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ کیسکو کی جانب سے لوڈشیڈنگ کا کوئی شیڈول جاری نہیں کیا گیا اور بجلی کسی بھی وقت چلی جاتی ہے، جس کے باعث وہ اپنے کاموں کی منصوبہ بندی بھی نہیں کرپاتے۔ گھریلو صارفین کے ساتھ ساتھ تاجر برادری نے بھی صورتحال کو مایوس کن قرار دیا ہے ان کا کہنا ہے کہ دکانیں اور کاروبار بجلی نہ ہونے کی وجہ سے بند ہو رہے ہیں، جس سے ان کا روزگار بری طرح متاثر ہو رہا ہے۔ چھوٹے دکانداروں اور کاروباری حضرات کو شدید مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے انہوں نے کیسکو حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ فوری طور پر جوائنٹ روڈ پر بجلی کی صورتحال کو بہتر بنائیں اور طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کریں۔ انہوں نے خبردار کیا ہے کہ اگر ان مسئلے کا حل نہ نکالا اور بجلی کی فراہمی معمول پر نہ آئی تو وہ احتجاج پر مجبور ہوں گے واضح رہے کہ کوئٹہ شہر میں بجلی کی لوڈشیڈنگ ایک دیرینہ مسئلہ ہے، تاہم حالیہ دنوں میں جوائنٹ روڈ پر لوڈشیڈنگ کا دورانیہ اور غیر اعلانیہ پن معمول سے کہیں زیادہ ہو گیا ہے، جس نے علاقہ مکینوں کے صبر کا پیمانہ لبریز کردیا ہے۔

بقیہ 56 جمال رئیسانی

پر حملہ ہے، اور اس کے پیچھے وہی بیرونی قوتیں کارفرما ہیں جو خطے میں بدامنی، خوف اور انتشار پھیلانے کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں۔ نوابزادہ جمال رئیسانی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اور سیکیورٹی ادارے مکمل طور پر متحد اور پرعزم ہیں، اور ان سازشوں کو ہر محاذ پر ناکام بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنے شہدا کی قربانیوں کو بھی رائیگاں نہیں جانے دیں گے اور وطن عزیز کے دفاع کے لیے ہر قیمت ادا کرنے کو تیار ہیں۔

بقیہ 57 حالی کا شکار

یلوے کی توجہ نہ ہونے سے ریلوے ٹریک اسٹیشنز کی حالت ابتر ہوتی جارہی ہے تفتان ریلوے اسٹیشن کی وائرل ویڈیو میں اسٹیشن کی مین لائن ریت سے اٹی اور مکمل طور پر دھنسی نظر آرہی ہے جبکہ ریلوے گینگ مینوں نے ریلوے لائن سے ریت ہٹانے کی زحمت گوارا نہیں کی اسٹیشن ماسٹر تفتان اختر علی کے مطابق تفتان ریلوے اسٹیشن کی وواٹرٹینکس پہلے سے خراب ہیں، جبکہ زاہدان سے کوئٹہ آنے کیلئے دو مال گاڑیاں میرجاوا میں موجود ہیں۔

بقیہ 58 لشکری رئیسانی

نے دو فریقین کے مابین جاری تنازعے کے پرامن تصفیہ کیلئے سراوان ہاؤس میں ہونے والے جرگے سے خطاب کرتے ہوئے کہی، نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا کہ آج ریاستی نظام مکمل مفلوج ہوکر رہ گیا ہے، ہم اپنے معاشرے اور قومی بقا کیلئے اپنے روایتی امن اور قومی نظم کی بنیاد پر معاشرے کی تشکیل نو کررہے ہیں تاکہ وہ قومی اور تاریخی ادارے جو ہمیں ایک قوم بناتے ہیں اس کی بنیاد پر ہم اپنی قوموں کو افراتفری، بدامنی کے بڑے بحران سے نکالنے میں کامیاب ہوں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے وہ لوگ جو اپنے دل میں آئندہ نسلوں کیلئے درد اور تکلیف رکھتے ہیں

بقیہ 59 مولانا عبدالواسع

گردوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا، حکومت اپنی ذمہ داریوں سے غافل اور امن و امان کے قیام میں مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے بلوچستان کے عوام مسلسل دہشت گردی کا نشانہ بن رہے ہیں، صوبے میں امن و امان کی صورتحال انتہائی تشویشناک، حکومت بے بس اور نمائندے عوام کے پاس جانے کی جرات نہیں رکھتا، کیا عوام کو یوں ہی بے یار و مددگار چھوڑ دیا جائے گا؟ ننھے بچوں کا وحشیانہ قتل ظلم و بربریت کی بدترین مثال، آخر کب تک معصوم شہریوں کا خون بہایا جائے گا

بقیہ 60 بی این پی

بھی ہووہ قابل مذمت ہے اے پی ایس بس حملے میں پھول جیسی بچیوں کی شہادت کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے اس واقعے میں ملوث افراد کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے بیان میں کہا گیا ہے کہ اعلیٰ سطح کی کمیٹی تشکیل دے کر بس حملے کی باریک بینی سے تحقیقات کی جائے کہ کون سے عناصر اس میں ملوث ہیں ایسے واقعات ناقابل برداشت ہیں حکومت صرف بلند و بالا دعوے، جھوٹ پر مبنی بیانات دینے میں لگی ہوئی ہے بیان میں شہداء کے لواحقین سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے کہا گیا کہ اللہ تعالیٰ شہداء کے درج بالا اور لواحقین کو صبر و جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ 61 کوگرفتار کرلیا

کراٹی نے دیگر عملے کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے 2 کلو 20 گرام چرس برآمد کرکے ملزم معراج کو گرفتار کرلیا اور کرایہ داری ایکٹ کے تحت ملزم حاجی منان کو گرفتار کیا ایک اور کارروائی میں نشے کے عادی 3 افراد کو حراست میں لیکر ری ہیبلیٹیشن سینٹر منتقل کردیا گیا پولیس نے تینوں واقعات کے الگ الگ مقدمات درج کرکے کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 62 ملک شاہ گورگیج

اور متعدد کے زخمی ہونے سے نہ صرف متاثرہ خاندانوں بلکہ پوری قوم کو گہرے صدمے سے دوچار کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ ایک اسکول بس، جو بچوں کو تعلیم کے مقدس سفر پر لے جارہی تھی، کو نشانہ بنانا ایک ایسا عمل ہے جو نہ صرف انسانیت سوز بلکہ اخلاقی، مذہبی اور معاشرتی اصولوں کی صریح خلاف ورزی ہے۔ معصوم بچوں کا خون بہانا کسی بھی صورت قابل معافی نہیں۔ ان بچوں کا کسی دشمنی، سیاست یا تصادم سے کوئی تعلق نہیں ہوتا، یہ تو محض علم کی شمع جلانے والے ننھے چراغ ہوتے ہیں، جنہیں بجھا دینا ایک پوری نسل کو اندھیرے کی نذر کرنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے متاثرہ خاندانوں سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے کہا کہ اس دکھ کی گھڑی میں ان کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے حکومت بلوچستان، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ اس واقعے کی شفاف اور فوری تحقیقات کرکے ملوث عناصر کو جلد از جلد گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے تاکہ آئندہ ایسے دل دہلا دینے والے واقعات کا اعادہ نہ ہو۔

بقیہ 63 جائزہ لیا

اجلاس میں غیر حاضری پر کمیٹی نے شدید برہمی کا اظہار کیا۔ چیئرمین PAC نے کہا کہ گلگت کا دورہ اس آئینی فورم میں حاضری سے زیادہ اہم نہیں ہو سکتا۔ کمیٹی کے اراکین جو دور دراز علاقوں سے اجلاس میں شرکت کے لیے آئے ہیں یونیورسٹی کی ایسی لاپرواہی ناقابل قبول ہے۔ انہوں نے کہا کہ وی سی بیوٹمز کو ایک ماہ پہلے اپریل کو نوٹس جاری کیا لیکن موصوف اس آئینی ادارہ کو کوئی اہمیت نہیں دے رہا ہے۔ ایم پی اے زابد علی ریکی نے کہا کہ میں خود اسمبلی میں بیوٹمز کے خلاف استحقاق کی تحریک جمع کرواں گا۔ ایم پی اے فضل قادر نے کہا کہ پی اے سی ایک اعلیٰ سطحی فورم ہے

بقیہ 64 مولانا عبدالقادر لونی

مولانا رحمت اللہ حقانی صوبائی سیکرٹری مالیات مولانا عبدالواحد ہاشمی صوبائی صدر جمعیت طلبا عبدالرحیم صابر و دیگر نے خضدار میں اسکول بس پر دھماکے کی شدید الفاظ سے مذمت اور معصوم شہادتوں پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار اور زخمیوں کی صحت یابی اور لواحقین کیلئے صبر کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ دشمن قوتیں بچوں پر حملہ کرکے درندگیت اور وحشیت کی مثال قائم کی۔ معصوم بچوں کی بس کو نشانہ بنانا بزدلی کا انتہا ہے صوبے میں بدامنی اور دہشت گردی کے تسلسل سے عوام اضطراب اور بے چینی کی کیفیت سے دوچار ہیں

بقیہ 65 نوجوان قتل

خان قوم ہرند زہری موقع پر جان بحق۔ اطلاعات کے مطابق مقتول رات کو اپنے گھر کے صحن میں سوئے ہوئے تھے۔ جن پر فائر کھول دی وہ موقع پر جاں بحق ہوگئے ملزمان تاریکی کا فائدہ اٹھا کر موقع واردات سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے ذرائع کے مطابق قتل کا واقعہ پرانی دشمنی کا شاخسانہ لگتا ہے۔

بقیہ 66 امان اللہ کنرانی

اور اس بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے ناقابل یقین شرمناک عمل، قابل مذمت اقدام انسانیت کی توہین ہے جس میں معصوم بچوں کو ایسے نشانہ بنانا جیسے اسرائیل غزہ میں مظالم کے پہاڑ توڑ رہا ہے انسانیت کی قسم یکساں ہے اللہ تعالیٰ رحم فرمائے بچوں کی حفاظت و والدین کو صبر دے 2014 کے APS پشاور کے سانحہ کے بعد خضدار کے بچوں پر حملہ ایک اور سفاکانہ عمل ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے غم والدین سمیت غم برداشت کرنے والوں کے دعا گو ہیں اللہ تعالیٰ انہیں صبر دے آئندہ وقوعوں سے محفوظ رکھے

بقیہ 67 اسرار اللہ زہری

فسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ خضدار میں نہتے اسکول کے بچوں کی شہادت اور درجنوں بچوں کے زخمی ہونے کے واقعہ انتہائی افسوسناک ہے۔ جسکی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ میر اسرار اللہ خان زہری نے کہا خضدار اور گردونواح میں لوگوں کی جان و مال محفوظ نہیں ہے صوبے کے حالات دن بدن خراب ہوتی جارہی ہے خضدار میں انتظامی معاملات میں غفلت اور ناکامی سے علاقے میں خطرناک واقعہ رونما ہوا ہے۔ میر اسرار اللہ خان زہری نے کہا اس سے قبل سیاسی قائدین پر بم حملے اور لوگوں کی ٹارگٹ کلنگ تسلسل سے تاحال جاری ہے "خضدار میں سیاسی قائدین اور صحافیوں عام شہریوں پر حملوں اور اسکول کے معصوم بچوں کے جان محفوظ نہیں ہے علاقہ کے عوام عدم تحفظ کا شکار ہے میر اسرار اللہ خان زہری نے کہا صوبائی حکومت صوبے میں لوگوں کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے سخت اقدامات کئے جائیں۔ خضدار میں اسکول کے بس پر دھماکے اور علاقہ میں قتل غارت گری کے واقعات روز بروز بڑھتے جارہے ہیں

بقیہ 68 صادق سنجرانی

فیلڈ مارشل بننے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ جنرل عاصم منیر کا فیلڈ مارشل بننا مسلح افواج کا اعزاز ہے، بھارت کو تاریخی منہ توڑ جواب دینا فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قائدانہ صلاحیتوں کا محور ہے، انہوں نے کہا کہ بھارتی غرور خاک میں ملانے پر فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر اور افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، مسلح افواج اور قومی قیادت پاکستان اور اس کی عوام کا فخر ہیں۔

بقیہ 69 شیخ محمد انور

ل اور اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں جس قدر اضافہ کردیا ہے اس نے عام آدمی خصوصاً سرکاری ملازمین کی زندگی اجیرن کردی ہے اور ان کیلئے بلوں کی ادائیگی کے بعد بچوں کیلئے دو وقت کی روٹی تعلیم اور صحت کی بنیادی ضروریات پورا کرنا ممکن نہیں رہا۔ شیخ محمد انور نے مطالبہ کیا کہ حکومت آئی ایم ایف کے دباؤ پر سرکاری ملازمین اور پنشنرز پر بلا جواز نئے ٹیکس لگانے اور پرانے ٹیکسوں کی شرح میں اضافہ کی بجائے وزراء، ارکان اسمبلی، اعلیٰ افسران اور اعلیٰ عدلیہ کے جج صاحبان کے پروٹوکول اور بے پناہ مراعات کا سلسلہ ختم کرے اور انہیں مفت بجلی، گیس، پٹرول، عالیشان رہائش مہنگی گاڑیاں اور عیش و عشرت کے دیگر سامان کی فراہمی کی بچت کی رقم سے اندرونی اور بیرونی قرضے ادا کیے جائیں

بقیہ 70 سعید ہاشمی

کہ بلوچستان میں دہشتگردی کے بڑھتے ہوئے واقعات تشویشناک ہیں دہشتگرد اب ہمارے بچوں کو بھی نشانہ بنانے سے گریز نہیں کر رہے ہو کہ ناقابل برداشت ہے۔ انہوں نے کہا کہ خضدار میں بچوں کی اسکول بس کو نشانہ بنانا بدترین فعل ہے خضدار واقعہ میں بچوں سمیت پانچ افراد کی شہادت کا سن کر دکھ پہنچا غم کی اس گھڑی میں شہداء کے خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سیکورٹی صورتحال پر غور کرتے ہوئے مربوط اقدامات اٹھائے جبکہ دھماکے میں زخمی ہونے والوں کو بہترین علاج معالجے کی سہولیات فراہم کی جائیں۔

بقیہ 71 زمرک اچکزئی

الوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے، شدت پسندانہ نظریات اور سوچ کو زبردستی مسلط کرنیوالوں کے ہاتھ نہ روکے گئے تو مستقبل بھی خطرے میں رہے گا۔ بچوں کو نشانہ بنا کر دہشت گردوں نے اے پی ایس کی یاد تازہ کردی اور ان کے خلاف بھرپور کارروائی ہونی چاہیے عوامی نیشنل پارٹی باچا خان بابا کے افکار پر چل کر عدم تشدد کے فلسفے پر گامزن ہو کر دہشتگردی کا خاتمہ کریں گے انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا گیا کہ انہوں نے کہا کہ یہ وہی ذہنیت ہے جس نے اے پی ایس میں بچوں کو نشانہ بنایا تھا یہ واقعہ ہماری اجتماعی حساسیت پر حملہ ہے عوامی نیشنل پارٹی کا ہمیشہ دوٹوک موقف رہا ہے جس کی پاداش میں ہمارے سینکڑوں کارکنان کو شہید کیا گیا، دہشتگردی کیخلاف جنگ میں شہید ہونے والوں کے خون کا حق ادا کرنے کیلئے نیشنل ایکشن پلان پر من و عن عملدرآمد ضروری ہے، انہوں نے کہا کہ معصوم انسانوں کو قتل کرنے والے انسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں تھے، جب تک دہشت گردانہ ذہنیت کی نرسریوں اور پناہ گاہوں کو ختم نہیں کیا جاتا اس وقت تک امن اور ترقی ایک خواب رہے گا۔

بقیہ 72 علی محمد ابوتراب

کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم بچوں اور اساتذہ کو نشانہ بنانا سفاکیت کی بدترین مثال ہے۔ ایسے واقعات نہ صرف انسانیت کے خلاف ہیں بلکہ ہمارے معاشرے کے امن و استحکام کے لیے بھی ایک سنگین خطرہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کی اس کارروائی سے پوری قوم غم و غصے میں مبتلا ہے۔ معصوم جانوں کو اس طرح نشانہ بنانا کسی بھی دین، تہذیب یا انسانی ضمیر کے مطابق قابل قبول نہیں۔ ڈاکٹر علی محمد ابوتراب نے حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا کہ حملہ آوروں کو جلد از جلد گرفتار کرکے کیفر کردار تک پہنچایا جائے، اور متاثرہ خاندانوں کو مکمل انصاف فراہم کیا جائے۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان دکھ کی اس گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ مکمل ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کرتی ہے

بقیہ 74 بلاول بھٹو

کے مسئلے پر آنے والی نسلیں جنگ لڑیں گی؟ افسوسناک ہے جوہری ممالک کے درمیان جنگ ہوئی تو نتائج صرف پاکستان تک محدود نہیں رہیں گے، پاکستان کا پیغام امن کا پیغام ہے، دنیا بھر میں پہنچا رہے ہیں، مودی نے بے بنیاد الزامات لگائے، وزیراعظم شہباز شریف نے غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ کیا، بھارت کا موقف بہت کمزور ہے، سفارتی کمیٹی کے سربراہ نے کہا بھارت نے سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی کی، پانی کے مسئلے کا حل نکالنے کی ضرورت ہے، آنے والی نسلوں کی ذمہ داری ہے نئے مستقبل کیلئے جدوجہد کرتی ہے، سفارتی کمیٹی کے رکن مصدق ملک نے کہا بھارت نے جارحیت کرکے نیا نارمل کرنے کی کوشش کی، بغیر شواہد کے الزامات لگانے کا بیانیہ دفن کردیا، امن پسند لوگ ہے، امن سے رہنا چاہتے ہیں

بقیہ 75 فوری کارروائی

بلیک میل کررہا ہے جس پر پولیس کی جانب سے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کرلیا گیا ہے، پولیس ذرائع نے بتایا ہے کہ گرفتار کیے گئے ملزم کے موبائل فون سے مختلف ویڈیوز برآمد کی گئی ہے

بقیہ 76 آئی ایس پی آر

جانوں کا ضیاع ہوا، واقعہ کے بعد بعض حلقوں کی جانب سے پاکستان کی سکیورٹی فورسز پر بے بنیاد اور گمراہ کن الزامات عائد کیے گئے، سویلین آبادی کے نقصان کی باتیں گمراہ کن، بے بنیاد ہیں، مخصوص عناصر جان بوجھ کر پاکستان کی سکیورٹی فورسز پر غلط الزام لگا رہے ہیں، یہ دعوے مکمل طور پر بے بنیاد اور مربوط ڈس انفارمیشن کا حصہ ہیں، الزامات سراسر جھوٹ پر مبنی ہیں، دعوے کسی بھی حقیقت سے عاری منظم جھوٹ پر مبنی مہم کا حصہ ہیں، جھوٹ پر مبنی مہم کا مقصد سکیورٹی فورسز کی انسداد دہشتگردی کے جاری عزم کو بدنام کرنا ہے، الزامات کے جواب میں فوری طور پر جامع تحقیقات کا آغاز کیا گیا ترجمان نے کہا سفاکانہ کارروائی میں بھارتی سرپرستی میں کام کرنے والے فتنہ الخوارج ملوث ہیں، عناصر اپنے بھارتی آقاؤں کے اشارے پر کام کرتے ہیں

بقیہ 77 محمود خان اچکزئی

اور دہشت گردی کی بنیاد پر قائم ہے اس کو سپورٹ کرینوالا ہر فرد چاہے وہ کسی بھی ادارے کا ہو وہ آئین کی خلاف ورزی کررہا ہے۔ پاکستان ایک رضاکارانہ ملک ہے اس میں پشتون، بلوچ، سندھی، سرائیکی پنجابی اپنی مرضی سے اس ملک کا حصہ ہیں اور آئین کے تحت زندگی گزار رہے ہیں۔ آئین کو درخور اعتنا نہ سمجھنا آرٹیکل 6 کے زمرے میں آتا ہے۔ ہمیں نہ شہباز شریف اور نہ کسی اور سے کوئی دشمنی ہے۔ تقریباً دو سال سے ایک غیر جمہوری حکومت ہے اور سب سے بڑی پارٹی کا لیڈر عمران خان جیل میں ہے۔ عمران خان سمیت سینکڑوں کارکنان اس گناہ میں جیل میں ہیں کہ انہوں نے یہاں احتجاج کیا تھا، لوگوں کو گولیاں ماری گئی، جو جیل میں ہیں ان کی بیٹیاں، بہنیں ہیں انہیں تنگ کیا جاتا ہے۔ اگر کوئی پاکستان کو چلانا چاہتا ہے تو فوراً سے بیشتر عمران خان کی پارٹی ان کے دوستوں کو رہا کرے۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ کل کسی صاحب نے کہا تھا کہ ساری سیاسی پارٹیاں بھول جائے الیکشن پانچ سال بعد ہوں گے بالکل! میرے ساتھ اس وقت تحریک انصاف کے ساتھی بھی کھڑے ہیں میں ان سے استدعا کروں گا کہ اس غیر نمائندہ حکومت کے ساتھ بیٹھ کر اپنا مستقبل خراب اور پارٹی کی ساکھ کو مجروح نہ کرے ہمیں ان کے خلاف نکلنا ہوگا۔ ہم یہاں کوئی دس پندرہ دن اس لیئے خاموش رہے کہ یہاں ہندوستان پاکستان کی جنگ چھڑگئی تھی اب جبکہ سیز فائر ہوگئی ہے ہم تمام لوگوں سے بشمول شہباز شریف یہ کہیں گے کہ جتنا جلدی ہوسکے آئین کو بحال کیا جائے یہ موجودہ حکومت کو معطل کیا جائے اور تمام سیاسی پارٹیوں کی گول میز کانفرنس بلا کر مستقبل کا آئینی حل تلاش کیا جائے۔

بقیہ 78 فضائی حدود

کا جھٹکا لگا، سٹاپ اوور کے 30 دن کے اخراجات 3 ارب لگائے گئے، ماہرین کے مطابق بوئنگ 777 طیارہ ایک گھنٹے میں 6668 کلوگرام اور ائیر بس اے 319، 320 یا 321 طیارہ ایک گھنٹے میں اوسط 2400 کلوگرام ایندھن استعمال کرتا ہے، ایک کلوجیٹ ایندھن کی اوسط قیمت اشاریہ 82 ڈالر ہے اور بھارت میں 6668 کلوجیٹ ایندھن کی موجودہ قیمت 5467 ڈالر بنتی ہے، بوئنگ 777 یا 787 طیاروں کی یومیہ 75 گھنٹے اضافی پروازوں صرف ایندھن کی مد میں 4 لاکھ 10 ہزار ڈالر کا اضافی خرچ پڑتا ہے، ائیر بس اے 319، 320 یا 321 طیارے کی ایک گھنٹے کی پرواز کا اضافی فیول 1968 ڈالر بنتا ہے اور یومیہ 75 گھنٹے اضافی پروازوں پر ایندھن کی مد میں ایک لاکھ 47 ہزار ڈالر کے اضافی اخراجات لگتے ہیں، پابندی برقرار رہی تو بھارتی ایئر لائنز کو کرایوں میں غیر معمولی اضافے کے علاوہ روٹس کے ردوبدل کے فیصلوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

بقیہ 79 میگا سکینڈل

2 بڑی ٹرانزیکشنز کی گئیں، ذرائع کے مطابق ایک جائیداد ہزارہ ریجن سے تعلق رکھنے والے پی ٹی آئی کے سینئر رہنما نے خریدی گئی تھی، دوسری جائیداد کی ادائیگی جنوبی خیبر پختونخوا کے بڑے شہر میں تھی جو میگا فراڈ سے منسلک ایک اور بینک اکاؤنٹ سے کی گئی، خاص جائیداد پی ٹی آئی سے تعلق رکھنے والے خیبر پختونخوا کے بہت اہم آئینی عوامی عہدیدار کے خاندان کے قبضے میں ہے، ادھر خیبر پختونخوا حکومت کے ترجمان بیرسٹر علی سیف نے رابطہ کرنے پر بتایا معاملے کا تعلق نگران حکومت سے ہے، سیاسی وابستگی کوئی بھی ہو قانون اپنا راستہ اپنائے گا۔

بقیہ 80 جے یو آئی

بنا کر ملک میں انارکی پھیلانے کی کوشش کرتے ہیں، 18 سال سے کم عمری کی شادی پر پابندی کے بل کو فوری طور پر واپس لیا جائے۔

بقیہ 81 فتنہ الخوارج

بنالیتے ہیں اور بھارتی سپانسرڈ فتنہ الخوارج جانتے ہیں مساجد کی حرمت کے پیش نظر فورسز جوابی کارروائی نہیں کریں گی، بھارتی سپانسرڈ فتنہ الخوارج ہمیشہ سے مقدس مقامات اور معصوم لوگوں کو شیلڈ کے طور پر استعمال اپنے ناپاک عزائم کی تکمیل کیلئے کرتے آئے ہیں۔

19 مئی کو میر علی میں ڈرون حملے میں بھارتی سپانسرڈ فتنہ الخوارج ملوث نکلے، آئی ایس پی آر

مخصوص عناصر جان بوجھ کر سکیورٹی فورسز پر غلط الزام لگا رہے، دعوے مکمل طور پر بے بنیاد اور مربوط ڈس انفارمیشن کا حصہ ہیں

الزامات کے جواب میں فوری جامع تحقیقات کا آغاز کر دیا، غیر انسانی کارروائی میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائیگا

راولپنڈی (زاہد احمد خان) آئی ایس پی آر نے کہا ہے شمالی وزیرستان کے علاقے میر علی میں 19 مئی کو پیش آنے والے افسوسناک واقعہ کی تحقیقات جاری ہیں، سکیورٹی فورسز پر الزامات بے بنیاد اور غلط معلومات پھیلانے کی مہم کا حصہ ہیں، ابتدائی تحقیقات کے مطابق مبینہ ڈرون حملے میں بھارتی سرپرستی میں دہشتگردی کرنے والے فتنہ الخوارج ملوث ہیں، پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا شمالی وزیرستان کے علاقے میر علی میں 19 مئی 2025 کو پیش آنے والے افسوسناک واقعہ کے نتیجے میں بدقسمتی سے کچھ شہری .... بقیہ 76 صفحہ نمبر 7 پر

سکول کے بس پر حملہ المناک سانحہ ہے، امان اللہ کنرانی

پشاور کے سانحہ کے بعد خضدار کے بچوں پر حملہ ایک اور سفاکانہ عمل ہے

کوئٹہ (آن لائن) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر امان اللہ کنرانی نے آج بدھ 21 مئی کی صبح خضدار میں سکول کے بس پر حملے اور اس کے اندر بچوں کے جاں بحق و زخمی ہونے کی اطلاعات پر سخت تشویش ظاہر کرتے ہوئے اس کو المناک سانحہ قرار دیا .... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار اور گردونواح میں لوگوں کی جان و مال محفوظ نہیں، اسرار اللہ زہری

انتظامی غفلت اور ناکامی سے علاقے میں خطرناک واقعہ رونما ہوا ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے مرکزی صدر سابق وفاقی وزیر میر اسرار اللہ خان زہری اپنے جاری کردہ مذمتی بیان میں کہا ہےکہ خضدار زیرو پوائنٹ پر آرمی پبلک اسکول کے بے گناہ معصوم بچوں کے بس پر بم دھماکے میں قیمتی جانوں پرا........ بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پینشن میں سو فیصد اضافہ کیا جائے، شیخ محمد انور

حالیہ بدترین مہنگائی نے عام آدمی خصوصاً سرکاری ملازمین کی زندگی اجیرن کر دی ہے

ملازمین بچوں کیلئے دو وقت کی روٹی پوری نہیں کر پا رہے، مرکزی صدر پریم یونین سی بی اے

لاہور (پ ر) پاکستان ریلوے ایمپلائز پریم یونین سی بی اے کے مرکزی صدر شیخ محمد انور نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پینشن میں کم از کم سو فیصد اضافہ کیا جائے کیونکہ گزشتہ تین سال کے دوران موجودہ حکومت نے یوٹیلیٹی بلو........ بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل بننے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، صادق سنجرانی

بھارتی غرور خاک میں ملانے پر فیلڈ مارشل اور افواج کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں

کوئٹہ (اے پی پی) سابق چیئرمین سینیٹ و رکن بلوچستان اسمبلی صادق سنجرانی نے جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل بننے پر مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے جاری کردہ بیان میں سابق چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے چیف آف آرمی اسٹاف جنرل عاصم منیر کو........ بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

زہری یلکبوزی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے نوجوان قتل

خضدار (بیورو رپورٹ) زہری یلکبوزی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ محمد حسن ہرندنامی نوجوان قتل۔ تفصیلات کے مطابق خضدار کی تحصیل زہری کے علاقے یلکبوزی میں منگل اور بدھ کی درمیانی شب نامعلوم افراد کی فائرنگ ایک نوجوان محمد حسن ولد نواب .... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، جوائنٹ روڈ پر تیز رفتار ٹریکٹر کی ٹکر سے 11 سالہ بچہ ہلاک

کوئٹہ (آن لائن) جوائنٹ روڈ پر تیز رفتار ٹریکٹر کی ٹکر سے 11 سالہ بچہ ہلاک ہو گیا پولیس کے مطابق زرغون روڈ کا رہائشی 11 سالہ منصف گزشتہ شب سائیکل پر جوائنٹ روڈ سے گھر جا رہا تھا کہ تیز رفتار ٹریکٹر کی .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

نرم اہداف پر حملے بھارت کی اخلاقی پستی کا اظہار ہے، علی مدد جتک

بھارت اپنے ایجنٹوں کے ذریعے دہشت پھیلا رہا ہے، رکن صوبائی اسمبلی

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن و رکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک نے خضدار میں اسکول وین پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے انسانیت، تہذیب اور امن پر حملہ قرار دیا ہے۔ انہوں نے .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

معصوم بچوں پر حملہ دشمن کے ظلم و بربریت کا مظاہرہ ہے، نواب زہری

معصوم بچوں کو نشانہ بنانے والے درندے کسی رعایت کے مستحق نہیں، سابق وزیراعلیٰ

خضدار (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری نے جاری کردہ مذمتی بیان میں کہا ہی کہ خضدار میں آرمی پبلک سکول کے بس پر دھماکہ کی شدید مذمت کرتے ہیں، دھماکہ میں معصوم بچوں کی .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

بچوں کو نشانہ بنانا سفاکانہ اور انسانیت سوز عمل ہے، علی مردان ڈومکی

امن و امان پر حملہ اور ہر باشعور انسان کے ضمیر کو جھنجھوڑنے والا واقعہ ہے

کوئٹہ (پ ر) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان میر علی مردان خان ڈومکی نے اے پی ایس خضدار کے طالب علموں کی بس پر دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اپنے مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ معصوم بچوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا........ بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، اسپیکر اسمبلی عبدالخالق خان اچکزئی سے میر شعیب نوشیروانی ملاقات کر رہے ہیں

عمران خان سمیت تمام بیگناہ کارکنوں کو رہا کیا جائے، محمود خان اچکزئی

پاکستان ایک رضا کارانہ ملک ہے، پشتون، بلوچ، سندھی، سرائیکی پنجابی اپنی مرضی سے اس ملک کا حصہ ہیں

غیر نمائندہ حکومت کے ساتھ بیٹھ کر اپنا مستقبل خراب اور پارٹی کی ساکھ کو مجروح نہیں کرینگے ہمیں نکلنا ہوگا، خطاب

اسلام آباد (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور رکن قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی نے اسلام آباد ہائی کورٹ کے سامنے پاکستان تحریک انصاف کے پارلیمانی ممبران کے زیر اہتمام عمران خان کی رہائی کے لیے احتجاج سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی سب سے بڑی پارٹی کا لیڈر عمران خان جنہوں نے الیکشن جیتا ہے اور یہ الیکشن زور زور، ڈنڈے کی بنیاد پر ان سے چھین کر غیر آئینی طور پر شہباز شریف اینڈ کمپنی کے حوالے کیا گیا جو غلط ہے۔ موجودہ حکومت غیر آئینی، غیر قانونی اور غیر جمہوری ہے........ بقیہ 77 صفحہ نمبر 7 پر

پٹ فیڈر کینال میں پانی کی ترسیل چند دنوں تک متوقع ہے، صادق عمرانی

کمزور پشتوں کی مضبوطی کیلئے ہنگامی بنیادوں پر کام ہو رہا ہے، صوبائی وزیر آبپاشی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی سینٹرل کمیٹی ممبر صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے اپنے بیان میں کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز خان بگٹی کی خصوصی دلچسپی سے بلوچستان میں زرعی انقلاب لانے کے لیے پٹ فیڈر کینال کی بحالی صفائی اور........ بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

ہائی کورٹ بار کے صدر میر عطاء اللہ علی احمد کرد، ملک تسیم انور کاسی ایڈووکیٹ اور دیگر وکلاء سے سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدارتی امیدوار ہارون الرشید ملاقات کر رہے ہیں

بچوں کی بس پر بم دھماکے کی مذمت کرتی ہوں، زبیدہ جلال

معصوم بچوں کو نشانہ بنانا قابل افسوس اور انسانیت سوز عمل ہے

کوئٹہ (آن لائن) سابق وفاقی وزیر اور ماہر تعلیم زبیدہ جلال نے خضدار میں زیرو پوائنٹ پر اے پی ایس کے بچوں کی بس پر ہونے والے بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم بچوں کی شہادت اور متعدد کے زخمی ہونے پر گہرے .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

اسکول بس پر حملہ بزدلانہ و غیر انسانی عمل ہے، غزالہ گولہ

معصوم بچوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا ناقابل معافی جرم ہے

کوئٹہ (آن لائن) سینیٹر آغا شاہزیب درانی نے خضدار میں اے پی ایس اسکول بس پر دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے بزدلانہ، غیر انسانی اور بھارت کے ایجنڈے کا واضح مظہر قرار دیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ معصوم بچوں کو دہشت گردی .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

بھارتی پروازوں کیلئے پاکستانی فضائی حدود مزید ایک ماہ بند رکھنے کا فیصلہ

بھارتی ایئر لائنز کو ایک ماہ میں 800 کروڑ روپے سے زائد کا نقصان، صرف ایندھن کی مد میں لگ بھگ 500 کروڑ روپے کا جھٹکا

پابندی برقرار رہی تو بھارتی ایئر لائنز کو کرایوں میں غیر معمولی اضافے کے علاوہ روٹس رد و بدل کے فیصلوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، ذرائع

اسلام آباد (زاہد احمد خان) بھارتی پروازوں کیلئے پاکستانی فضائی حدود مزید ایک ماہ بند رکھنے کا فیصلہ کر لیا گیا، پاکستانی فضائی حدود کی بندش سے بھارتی ایئر لائنز کو ایک ماہ میں 800 کروڑ روپے سے زائد کا نقصان اٹھانا پڑا تاہم پاکستان نے پابندی مزید برقرار رکھنے کا فیصلہ کر لیا، پابندی برقرار رہنے کی صورت میں بھارتی حکومت نے اگر ایئر لائنز کے مطالبات کے مطابق خصوصی مدد نہیں کی تو آپریشن برقرار رکھنے کیلئے غیر معمولی اور بڑے فیصلے کرنا پڑ سکتے ہیں، ذرائع کے مطابق بھارتی ایئر لائنز کو صرف ایندھن کی مد میں لگ بھگ 500 کروڑ روپے........ بقیہ 78 صفحہ نمبر 7 پر

جوہری ممالک میں جنگ کے نتائج پاکستان تک محدود نہیں رہیں گے، بلاول بھٹو

خطے کو دہشتگردی سے پاک کرنے کا کوئی حل نکالنا چاہیے، امن کا پیغام دنیا بھر میں پہنچا رہے ہیں، سربراہ عالمی سفارتی کمیٹی

بھارت کا گھمنڈ ٹوٹ گیا، رافیل کو پرندوں کی طرح پھڑپھڑاتے ہوئے نیچے گرتے دیکھا، مصدق ملک، خرم دستگیر کی صحافیوں سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پیپلز پارٹی اور وزیر اعظم کی جانب سے بھارتی پروپیگنڈے کے جواب میں عالمی سفارتی مہم کیلئے قائم کی گئی کمیٹی کے سربراہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے بھارت پانی کو اسلحے کے طور پر استعمال کر رہا ہے، جوہری ممالک کے درمیان جنگ ہوئی تو نتائج صرف پاکستان تک محدود نہیں رہیں گے، صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا دہشتگردی سے پاکستان سب سے زیادہ متاثر ہوا، خطے کو دہشتگردی سے پاک کرنے کا کوئی حل نکالنا چاہیے، بھارت پانی کو اسلحے کے طور پر استعمال کر رہا ہے، پانی .... بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر

خواتین کو فون کر کے ہراساں کرنے والا شہری گرفتار

کوئٹہ پولیس کی فوری کارروائی، موبائل فون سے ویڈیوز برآمد

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈی آئی جی کوئٹہ پولیس اعتزاز گورایا کو شکایت ملی تھی کہ ایک شخص متعدد لڑکیوں کو فون کر کے .... بقیہ 75 صفحہ نمبر 7 پر

نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کا دہشتگردی کیخلاف احتجاجی مظاہرہ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ اور نیشنل اسٹوڈنٹس موومنٹ کے زیر اہتمام صوبائی صدر احمد جان خان اور دیگر کی قیادت میں خضدار میں سکول بس اور صوبہ خیبر پختونخوا میں ڈرون حملے میں بے گناہ معصوم بچوں کی شہادت کے خلاف بدھ کو کوئٹہ .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

ثقافت انسانوں کی مشترکہ میراث ہے، عبدالخالق ہزارہ

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین عبدالخالق ہزارہ نے کہا ہے کہ کلچر اور ثقافت انسانی سماج میں انسانوں کی مشترکہ میراث ہیں جسکی ترویج و تحفظ ذی شعور انسانوں کی ذمہ داری ہے۔ ہزارہ قوم بھی اس خطے میں اپنا ایک درخشاں تاریخی و تہذیبی کردار رکھتی ہے جس کی تہذیبی و ثقافتی .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

اسکول بس پر حملہ انسانیت پر حملے کے مترادف ہے، سردار یار محمد رند

کوئٹہ (آئی این پی) رند قبائل کے سربراہ سینئر سیاست دان چیف آف رند سردار یار محمد رند نے خضدار میں گھر سے علم کی روشنی حاصل کرنے والے معصوم بچوں کی وین کو نشانہ بنانے کی مذمت کرتے ہے واقعہ کو پوری انسانیت پر حملہ قرار دیا چیف آف رند سردار یار محمد رند نے خضدار واقعہ کو المناک سانحہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ بے گناہ معصوم بچوں کو دہشت گردی........ بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

بچوں کو نشانہ بنانے والے انسان کہلانے کے لائق نہیں، عطاء اللہ لانگو

اس دہشتگردی میں ملوث ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچانے کی ضرورت ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر میر عطاء اللہ لانگو نے خضدار میں سکول کے بچوں پر دہشتگردانہ حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم بچوں کو نشانہ بنانے والے انسان کہلانے کے لائق نہیں ہے، دہشتگردی کے اس واقعہ .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت کو کمزوروں طبقات کی مدد کرنی چاہیے، مولانا ہدایت الرحمان

بجٹ میں ملازمتوں کے حوالے سے معذور افراد کا حکومتی کوٹہ فراہم کرنے کیلئے عملی اقدامات کیے جائیں

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ حکومت کو کمزوروں یتیموں بیواؤں مصیبت زدہ لوگوں کی مدد کرنی چاہیے بجٹ میں ملازمتوں کے حوالے سے معذور افراد کا حکومتی کوٹہ 5 فیصد فراہم کرنے کیلئے عملی اقدامات کیے جائے ہم اہل خیر کے تعاون الخدمت کے ذریعے ملک بھر کی طرح بلوچستان میں مصیبت .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

کارکنوں سے ہمہ وقت فعال پارٹی کے قیام کا وعدہ کیا تھا، مختار یوسفزئی

قومی کونسل پارٹی کا اعلیٰ ترین ادارہ ہے جسے منشور و آئین میں ترمیم کا اختیار حاصل ہے

قومی، وطنی اور عالمی صورتحال کے حوالے سے پالیسیاں تشکیل دینے کا اختیار بھی حاصل ہے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے شریک چیئرمین مختار خان یوسفزئی نے پارٹی کے قومی کونسل میں افتتاحی تقریر کرتے ہوئے پارٹی کارکنوں کو کامیاب جرگہ کے انعقاد پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے اپنے کارکنوں اور اپنے عوام سے وعدہ .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

یو این ڈی پی کے زیر اہتمام بیوٹمز میں سیمینار سے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ درانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، اور جنرل ریٹائرڈ احسن اچکزئی خطاب کر رہے ہیں

بھارتی سپانسرڈ فتنہ الخوارج مذہبی لبادے کی آڑ میں دہشتگردی میں ملوث، ویڈیوز سامنے آگئیں

فتنہ الخوارج نہ صرف شریعت بلکہ انسانی قوانین کی بھی مسلسل خلاف ورزی میں ملوث، مساجد کا تقدس پامال کر رہے ہیں

بھارتی سپانسرڈ دہشتگرد مسجد میں جوتے پہن کر گھومتے اور اندر سے سکیورٹی فورسز پر فائرنگ بھی کرتے ہیں، سکیورٹی ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بھارتی سپانسرڈ فتنہ الخوارج مذہب کے نام پر دہشتگردی اور مساجد کی بے حرمتی میں ملوث ہیں، ویڈیوز بھی سامنے آگئیں، سکیورٹی ذرائع کے مطابق بھارتی سپانسرڈ فتنہ الخوارج نہ صرف شریعت بلکہ انسانی قوانین کی بھی مسلسل خلاف ورزی میں ملوث ہیں، بھارتی سپانسرڈ فتنہ الخوارج مساجد کو پناہ گاہ کے طور پر استعمال کرتے ہوئے تقدس پامال کرتے ہیں جبکہ مسجد میں جوتے پہن کر گھومتے اور اندر سے سکیورٹی فورسز پر فائرنگ بھی کرتے ہیں، محاصرے میں آنے پر بھارتی سپانسرڈ فتنہ الخوارج مساجد کو ڈھال .... بقیہ 81 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے شریک چیئرمین مختار خان یوسفزئی، سینئر ڈپٹی چیئرمین رضا محمد رضا، مرکزی سیکرٹری جنرل خورشید کاکاجی، مرکزی سیکرٹری عبیداللہ جان بابت اور مرکزی سیکرٹری اطلاعات محمد عیسیٰ روشان پشتونخوا نیپ کے زیر اہتمام منعقدہ قومی کونسل (قومی جرگہ) کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

18 سال سے کم عمری میں شادی پر پابندی کا بل قرآن و سنت کے منافی ہے، جے یو آئی

لگتا ہے پارلیمنٹ کا کام صرف خلاف اسلام قوانین بنانا ہے، بل کو فوری واپس لیا جائے ورنہ شدید احتجاج کریں گے

حکمران آئے روز خلاف اسلام قوانین بنا کر ملک میں انارکی پھیلانے کی کوشش کرتے ہیں، ترجمان اسلم غوری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علما اسلام نے پارلیمنٹ سے منظور ہونے والے کم عمری کی شادی کے بل کو قرآن و سنت کے منافی قرار دیدیا، ترجمان جے یو آئی نے کہا کم عمری کی شادی کا بل قرآن و سنت کے منافی ہے، اسلام، پاکستان لازم و ملزوم ہیں، پاکستان کے دفاع کی طرح اسلام کے دفاع کو ایمانی فریضہ سمجھتے ہیں، 18 سال سے کم عمر شادی کے مسئلے پر بھرپور احتجاج کریں گے، پارلیمنٹ پر تنقید کرتے ہوئے ترجمان اسلم غوری نے کہا لگتا ہے پارلیمنٹ کا کام صرف خلاف اسلام قوانین بنانا ہے، حکمران آئے روز خلاف اسلام قوانین........ بقیہ 80 صفحہ نمبر 7 پر

ایگزیکٹو ڈائریکٹر ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل کاشف علی، عبدالشکور خان، محمد عرفان خان و دیگر موسمیاتی حساس بجٹ اور موسمیاتی مالیاتی شفافیت کے موضوع پر سرکاری افسران کی استعداد کار بڑھانے کی تربیتی ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

حکومت دہشتگردی کے تدارک کیلئے مربوط اقدامات اٹھائے، سعید ہاشمی

بلوچستان میں دہشتگردی کے بڑھتے ہوئے واقعات تشویشناک ہیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے بانی سینیٹر سعید احمد ہاشمی نے کہا ہے کہ خضدار میں اسکول کے بچوں پر حملہ اور تین بچیوں سمیت پانچ افراد کی شہادت انسانیت سوز واقعہ ہے، جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، حکومت ایسے واقعات کے تدارک کے لئے مربوط اقدامات اٹھائے، یہاں جاری کردہ ایک مذمتی بیان میں سینیٹر سعید احمد ہاشمی نے کہا .... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

معصوم انسانوں کے قاتل انسان کہلانے کے مستحق نہیں، زمرک اچکزئی

یہ وہی ذہنیت ہے جس نے اے پی ایس پشاور میں بچوں کو نشانہ بنایا تھا

کوئٹہ (آئی این پی) عوامی نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے خضدار میں بچوں کی اسکول بس پر ہونے والے دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ عوامی نیشنل پارٹی شروع دن سے دہشت گردی کے خلاف صف اول کا کردار ادا کیا ہے ہم پرامن لوگ ہیں اور عدم تشدد کے راستے پر گامزن ہے درسگاہوں پر حملہ کرنے و........ بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

معصوم بچوں کو نشانہ بنانا سفاکیت کی بدترین مثال ہے، علی محمد ابوتراب

معصوم جانوں کو نشانہ بنانا انسانی ضمیر یا کسی بھی دین و تہذیب میں روا نہیں

دکھ کی اس گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ مکمل ہمدردی اور یکجہتی کرتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے قائم مقام امیر، مولانا ڈاکٹر علی محمد ابوتراب مولانا عبدالغنی ضامران مولانا عبدالرزاق خارانی مولانا عصمت اللہ سالم علی جان بلوچ مفتی سمیع اللہ مفتی سعد اللہ ترین مولانا زکریا مولانا حزب اللہ عثمانی مولانا عطا محمد اور دیگر نے خضدار اسکول وین پر ہونے والے افسوسناک حملے کی شدید الفاظ میں مذمت........ بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، کسان اتحاد کے چیئرمین خالد حسین باٹھ اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

40 ارب کا میگا سکینڈل، نیب نے پی ٹی آئی کی 2 سیاسی شخصیات کو بڑی ٹرانزیکشنز کا پتہ لگا لیا

ایک جائیداد ہزارہ ریجن سے پی ٹی آئی سینئر رہنما سے خریدی گئی دوسری جائیداد جنوبی خیبر پختونخوا کے بڑے شہر میں تھی

معاملے کا تعلق حکمران حکومت سے ہے، سیاسی وابستگی کوئی بھی ہو قانون اپنا راستہ اپنائے گا، مشیر اطلاعات بیرسٹر سیف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا حکومت کے سینئر عہدیدار اور پی ٹی آئی کے سینئر رہنما 40 ارب کے میگا کرپشن سکینڈل میں نیب کی تحقیقات کی زد میں ہیں، وفاقی دارالحکومت میں باخبر ذرائع نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر میڈیا کو بتایا خیبر پختونخوا کے سرکاری اکاؤنٹس سے تحریک انصاف کے 2 سینئر رہنماؤں کو کروڑوں روپے کی 2 ٹرانزیکشنز کی گئیں، ایک اکاؤنٹ خیبر پختونخوا حکومت کے اعلیٰ عہدیدار کے خاندان کا ہے، نیب نے پتہ لگایا 40 ارب کے میگا کرپشن سکینڈل سے منسلک بینک اکاؤنٹس سے مہنگی جائیدادیں خریدنے کیلئے .... بقیہ 79 صفحہ نمبر 7 پر

ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی چائلڈ لیبر کی روک تھام کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

معصوم بچوں کو نشانہ بنانا بدترین درندگی ہے، میر شفیق الرحمن مینگل

اسلام اور پاکستان دشمنوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے، سربراہ جھالاوان عوامی پینل

کوئٹہ (این این آئی) جھالاوان عوامی پینل کے سربراہ میر شفیق الرحمن مینگل نے خضدار میں دہشتگردوں کے حملے میں معصوم بچوں کی شہادت اور زخمی ہونے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم بے گناہ بچوں کو نشانہ بنانا بدترین درندگی ہے شہید ہونے والے بچے پوری قوم کے بچے ہیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

معصوم بچوں کو نشانہ بنانا بزدلانہ عمل ہے، امیر حمزہ زہری

دہشت گردوں نے بھارتی ایماء پر سکول کے بچوں کو نشانہ بنایا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے خضدار میں اسکول بس پر بم حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم بچوں کو نشانہ بنانا بزدلانہ عمل ہے دہشت گردوں نے بھارتی ایماء پر سکول کے معصوم بچوں کو نشانہ بنا کر ایک بار پھر اپنے اصلیت ظاہر کر دی ملک دشمن عناصر اپنے عزائم میں کبھی بھی کامیاب نہیں........ بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

جوائنٹ روڈ ریلوے کالونی میں بدترین لوڈ شیڈنگ جاری

وولٹیج کی کمی بیشی کا مسئلہ بھی شدت اختیار کر گیا، برقی آلات خراب ہونے لگے

علاقے میں پانی کی شدید قلت، لوڈ شیڈنگ کم نہ ہوئی تو احتجاج کرینگے، علاقہ مکین

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) جوائنٹ روڈ ریلوے کالونی و گردونواح میں بجلی کی طویل و غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ عروج پر پہنچ گیا، شدید گرمی کے دوران مسلسل کئی گھنٹوں تک بجلی کی بندش سے اہلیان علاقہ کی چیخیں نکل گئیں۔ علاقہ مکینوں نے خبردار کیا ہے کہ اگر ان کے مسائل حل نہ ہوئے تو وہ سڑکوں پر نکلنے اور احتجاج کا سلسلہ شروع کرنے پر مجبور ہوں گے۔ واضح رہے کہ گرمی کی شدت میں اضافے کے ساتھ ہی جوائنٹ روڈ و گردونواح میں بجلی کی طویل و غیر .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم شہباز شریف کوئٹہ سے واپس اسلام آباد پہنچ گئے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف بلوچستان کا دورہ مکمل کر کے واپس اسلام آباد چلے گئے۔

دہشتگرد کسی رعایت کے مستحق نہیں، کیفر کردار تک پہنچایا جائے، مولانا عبدالواسع

عوام عدم تحفظ کا شکار جبکہ حکمران خاموش تماشائی بنے بیٹھے ہیں، یہ ظلم اور بربریت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، صوبائی امیر جے یو آئی

صوبائی حکومت اپنی ذمہ داریوں سے غافل اور قیام امن میں ناکام ہو چکی ہے، عوام کو دہشت گردوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا، سید آغا محمود شاہ

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی امیر جمعیت علما اسلام بلوچستان سینئر مولانا عبدالواسع، صوبائی جنرل سیکرٹری سید آغا محمود شاہ، صوبائی مجلس عاملہ کے اراکین نے خضدار میں دہشت گردی کا ایک اور اندوہناک واقعہ، معصوم بچوں کی شہادت اور زخمیوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت دہشتگردوں کے خلاف فوری کارروائی کر کے کیفر کردار تک پہنچائے، عوام عدم تحفظ کا شکار جبکہ حکمران خاموش تماشائی بنے بیٹھے ہیں، یہ ظلم اور بربریت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی دہشت گرد بلا خوف کارروائیاں کر رہے ہیں، عوام کو دہشت .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار بس حملہ دشمن کا بزدلانہ اقدام ہے، جمال شاہ کاکڑ

کوئٹہ (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے خضدار میں سکول کے بچوں کی بس پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیرونی جنگ کے بعد اندرونی جنگ کیلئے اتحاد و اتفاق کی ضرورت ہے۔

لیویز کو پولیس میں ضم کرنے کے فیصلے کو مسترد کرتے ہیں، پی کے میپ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ فارم 47 کے نام نہاد مسلط حکومت کی جانب سے صوبے کے دیگر بالخصوص ژوب ڈویژن میں لیویز فورس کو پولیس میں تبدیل کرنے کا اختیار حاصل نہیں۔ پارٹی فارم 47 کی مسلط حکومت کی غیر آئینی، غیر قانونی فیصلے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔

تشدد جس بھی شکل میں ہو قابل مذمت ہے، بی این پی

اعلیٰ سطح کی کمیٹی تشکیل دے کر بس حملے کی تحقیقات کرائی جائیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں خضدار میں سکول بس پر خودکش حملے میں معصوم بچیوں سمیت 6 افراد کی شہادت اور 38 سے زائد بچوں کے زخمی ہونے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ تشدد چاہے جس شکل میں .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، پولیس نے منشیات فروشوں سمیت 5 ملزمان کو گرفتار کر لیا

کرایہ داری ایکٹ اور نشے کے عادی افراد کے خلاف بھی کارروائی کی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) خروٹ آباد پولیس نے منشیات فروشوں، کرایہ داری ایکٹ اور نشے کے عادی افراد کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کر لیا تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او خروٹ آباد عبدالحکی .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

معصوم بچوں کا خون بہانا قابل معافی نہیں، ملک شاہ گورگیج

واقعے میں ملوث عناصر کو جلد از جلد گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی مشیر برائے انٹی نارکوٹکس پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی ملک شاہ گورگیج نے خضدار میں آرمی پبلک اسکول کی بس پر ہونے والے بزدلانہ حملے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس المناک واقعے میں معصوم طلباء کی شہادت .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، جماعت اسلامی کے صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمن بلوچ و دیگر کا الخدمت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام معذور افراد میں مفت ویل چیئر تقسیم کرنے کے موقع پر گروپ فوٹو

بچوں پر حملہ دشمن قوتوں کی درندگی اور وحشیانہ پن کا ثبوت ہے، مولانا قادر لونی

اسکول بس پر دھماکے کی مذمت، معصوم شہادتوں پر دکھ اور رنج کا اظہار، زخمیوں کی صحت یابی اور لواحقین کیلئے صبر کی دعا کرتے ہیں

دہشت گردی کے تدارک اور مجرموں کو قانون کی گرفت میں لانے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں، مولانا عبدالاحد کبدانی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالاحد کبدانی نائب امیر مولانا قاری مہراللہ مرکزی ترجمان سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نائب امیر مفتی فدا الرحمن صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی عبیداللہ حقانی جوائنٹ سیکرٹری میر مبارک محمد حسنی صوبائی جوائنٹ سیکرٹری میر مبارک محمد حسنی مولانا شاہ محمد مولانا عبدالسلام بنگلزئی مولانا عبدالغفور کرخی مفتی عبدالناصر شیرجان صالح مجاہد چشتی سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی صوبائی ترجمان .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

اسکول بس سانحہ ملک کے امن و استحکام پر حملہ ہے، جمال رئیسانی

بلوچستان کے عوام اور سکیورٹی ادارے مکمل طور پر متحد اور پرعزم ہیں

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال رئیسانی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس (پر جاری بیان میں کہا ہے کہ خضدار میں اسکول بس پر ہونے والے بزدلانہ اور سفاک حملے نے دل کو شدید رنج و صدمے سے دوچار کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ حملہ نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کے امن و استحکام .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کا تفتان ریلوے اسٹیشن زبوں حالی کا شکار

عدم توجہی سے ٹریک اور اسٹیشنز کی حالت ابتر ہوتی جا رہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کا تفتان ریلوے اسٹیشن زبوں حالی کا شکار، ریلوے اسٹیشن کی مین ریلوے لائن ریت سے اٹی ہونے کی ویڈیو منظر عام پر آگئی، اسٹیشن کی دو لائنز پہلے سے خراب ہیں۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ سے تفتان تک 630 کلومیٹر طویل ریلوے سیکشن ان دنوں زبوں حالی کا شکار ہے سو سال پرانے ریلوے سیکشن کی مرمت اور ر........ بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

قومی نظم کی بنیاد پر معاشرے کی تشکیل نو کر رہے ہیں، لشکری رئیسانی

درد دل رکھنے والے لوگ اجتماعی قومی سوچ کو منظم کرنے میں اپنا کردار ادا کریں

جرگے نے فریقین میں جاری تنازعہ کو آگے بڑھنے سے روک کر آپس میں شیر و شکر کرایا

کوئٹہ (آن لائن) سینئر سیاست دان و سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ مادر وطن کی بقا، روایتی امن کیلئے اپنے قومی نظم کی بنیاد پر معاشرے کی تشکیل نو کر رہے ہیں وہ لوگ جو اپنے دل میں آئندہ نسلوں کیلئے درد اور تکلیف رکھتے ہیں رضا کارانہ طور پر قومی نظم اور اجتماعی قومی سوچ کو منظم کرنے میں اپنا کردار ادا کریں، یہ بات انہوں .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

معصوم بچوں کو نشانہ بنانا بزدلانہ عمل ہے، مولانا رمضان مینگل

کوئٹہ (آن لائن) سنی علماء کونسل بلوچستان کے سربراہ مولانا محمد رمضان مینگل، مولانا غلام غوث حقانی، علامہ ثناء اللہ فاروقی، حافظ قاسم، مفتی کلیم اللہ حیدری، مولوی عبدالحکیم، قاری عبدالولی فاروقی، مولانا عبدالرحیم ساجد و دیگر نے خضدار زیرو پوائنٹ میں سکول بس پر حملے کے نتیجے میں بے گناہ معصوم بچیوں سمیت 6 افراد کی شہادت اور 38 سے زائد کے زخمی ہونے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ معصوم بچوں کو نشانہ بنانا بزدلانہ عمل ہے

وطن کی دفاع اور سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرینگے، حسین احمد شرودی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی مولانا حفیظ اللہ حاجی عبدالصادق نورزئی مولانا محمد ساسولی مولانا شیخ عبداللہ حمد مولانا عبدالرزاق مولانا اختر محمد برکانی مولانا سرور ندیم مولانا سعید احمد ساسولی مولانا مفتی ظہور احمد اور مولانا حافظ محمود و دیگر نے کہا کہ ملکی خودمختاری اور وطن عزیز کی دفاع اور سالمیت پر کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں کرینگے مودی کو صرف اور صرف جہادی زبان سے لگام دیا جا سکتا ہے

وزیرستان اور خضدار میں معصوم بچوں کی ہلاکت تشویشناک ہے، اے این پی

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں وزیرستان اور خضدار میں معصوم بچوں اور بچیوں کی ہلاکت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ بچے چاہے وزیرستان کے ہو یا بلوچستان کے دو معصوم ہے ان کو قتل کرنیوالے ناقابل معافی جرم کے مرتکب ہوئے ہیں پشتون خوا اور بلوچستان میں مسلط کردہ دہشت گردی اور جنگی معیشت کو جب تک خیرباد نہیں کہا جائیگا پشتون بلوچ بچے خواتین بزرگ اس جنگ میں بطور ایندھن جلتے رہینگے

کوئٹہ، جمعیت علماء اسلام کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی عظیم الشان دستار فضیلت کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

سرکاری جامعات کے آڈٹ پیراز پر تحفظات، بے قاعدگیاں ناقابل قبول، پی اے سی

بیوٹمز کی کارکردگی اور رویے پر تشویش کا اظہار، ایک ماہ کے اندر خصوصی آڈٹ کا حکم، وائس چانسلر کی اجلاس میں غیر حاضری پر اظہار برہمی

SBK ویمن یونیورسٹی کی کارکردگی بھی تشویشناک قرار، آڈٹ پیراز پر تحفظات کا اظہار، VC کے PS کی فی میل ہاسٹل میں رہائش پر سوال

یونیورسٹی آف تربت کی شفافیت کو سراہا گیا، اندرونی آڈٹ اقدامات مثبت قرار، آڈٹ پیراز کو تفصیل سے اور اطمینان بخش انداز میں نمٹایا گیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (PAC) کا اجلاس چیئرمین پی اے سی اصغر علی ترین کی صدارت میں منعقد ہوا، جس میں سرکاری جامعات کے آڈٹ پیراز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ کمیٹی نے بیوٹمز اور سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کی کارکردگی اور رویے پر شدید تشویش کا اظہار کیا، جبکہ تربت یونیورسٹی کی شفافیت اور احتساب کے اقدامات کو سراہا۔ بیوٹمز کے وائس چانسلر .... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر